مستقبل کو طاقت بخشتے ہوئے

شیل پاکستان لمیٹڈ | سالانہ رپورٹ 2019ء

ہمارا مزاج

ہماری برانڈ

روزانہ 30 ملین صارفین ہمارے شیل لوگو کے حامل سروس اسٹیشنز سے ہمارا فیول اور لبریکینٹس خریدتے ہیں: سرخ اور پیلے رنگ کا لوگو، جو دنیا کی سب سے مضبوط برانڈ کا وعدہ ہے۔ اور ہماری برانڈ شیل کی کامیابی کی لیے انتہائی اہم ہے۔ صارفین سے تعلق کے لیے ہر کمپنی اپنی برانڈ پر انحصار کرتی ہے، تاہم یہ شیل کے لیے اور بھی اہم ہے۔ ہم زمین سے جو وسائل پیدا کرتے ہیں اس سے کہیں زیادہ مقدار میں ہم اپنی مصنوعات فروخت کرتے ہیں، اور یہ صرف ہماری برانڈ کی وجہ سے ہی ممکن ہے۔

فہرست

گورننس اور کمپلائنس

کمپنی کی معلومات ---------- 6
نصب العین ---------- 7
عمومی کاروباری اصولوں کا بیان ---------- 8
چیئرپرسن کا تجزیہ ---------- 12
بورڈ آف ڈائریکٹرز ---------- 17
سالانہ جنرل میٹنگ کا نوٹس ---------- 23
کمپلائنس کا بیان ---------- 25
آڈیٹرز کے تجزیے کی غیر جانب دار رپورٹ ---------- 28

ہماری کارکردگی

ریٹیل ---------- 31
لبریکینٹس ---------- 33
ایوی ایشن ---------- 35
ایچ ایس ایس ای کارکردگی ---------- 37
ہمارے لوگ ---------- 39
سماجی کارکردگی ---------- 41

مالی معاملات

کارکردگی ایک نظر میں ---------- 47
آپریٹنگ اور مالی جھلکیاں ---------- 49
غیر جانب دار آڈیٹرز کی رپورٹ ---------- 51
مالی صورتِ حال کا بیان ---------- 55
نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کا بیان ---------- 56
ایکویٹی میں تبدیلی کا بیان ---------- 57
رقوم کے بہاؤ کا بیان ---------- 58
مالی گوشواروں کے میں نوٹس ---------- 59
بورڈ کی حاضری ---------- 112
شیئر ہولڈنگ کا پیٹرن ---------- 113
پراکسی کا فارم ---------- 116

گورننس اور کمپلائنس

ہمارا مزاج

اختراعات کرنا

ترقی و کامیابی میں معاونت کے لیے توانائی اہم ہے۔ شیل دنیا بھر سے بہترین توانائی کی ٹیکنالوجی اور اختراعات کو پاکستان میں لانے کا عزم رکھتا ہے۔

شیل پاکستان کے لیے توانائی کے پائیدار مستقبل کی تعمیر میں یقین رکھتا ہے۔ ہمارے کاربن کے نقوش میں کمی کے لیے، ہمارے لیے پائیدار پراڈکٹس اور خدمات کی تیاری کی طرف بڑھنا ناگزیر ہے۔ مؤثر اور ماحول دوست فیول کے تعارف سے لے کر؛ اپنی نوعیت کے اولین گیس ٹو لیکوئڈ (جی ٹی ایل) پر مبنی لبریکینٹ، اور ریٹیل فورکورٹ پر صارفی تجربے کے تصور تک، شیل پاکستان میں ترقی کو مہمیز دینے کے لیے صفِ اول میں موجود رہا ہے۔


508

کمپنی کی معلومات

بورڈ آف ڈائریکٹر	رفیع ایچ بشیر (چیئرمین) ہارون راشد فرخ کے کیپٹن (مرحوم) پرویز غیاث نصر این ایس جعفر مدیحہ خالد ناز خان کلاس منٹل وقار صدیقی بدرالدین ایف ویلانی فیصل وحید
چیف ایگزیکٹو	ہارون راشد
آڈٹ کمیٹی	ناز خان (چیئرپرسن) رفیع ایچ بشیر بدرالدین ایف ویلانی
کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے	پرویز غیاث (چیئرمین) فرخ کے کیپٹن (مرحوم) کلاس منٹل ہارون راشد
کمپنی کے سیکرٹری	لالہ رخ حسین شیخ
رجسٹرڈ دفتر	شیل ہاؤس، 6 چوہدری خلیق الزمان روڈ، کراچی 75530 پاکستان
آڈیٹرز	ای وائے فورڈ رہوڈز
لیگل ایڈوائزرز	ویلانی اینڈ ویلانی
رجسٹرار اور شیئر رجسٹریشن دفتر	فیمکو ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ 8 ایف، ہوٹل فاران سے متصل، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس شاہراہِ فیصل کراچی-75400

نصب العین

پاکستان میں توانائی کی صفِ اول کی کمپنی بننا

عمومی کاروباری اصولوں کا بیان

تعارف

شیل کے عمومی کاروباری اصول کا مطلب ہے کہ شیل گروپ، جس میں شیل پاکستان لمیٹڈ شامل ہے، اپنے معاملات کو کس طرح انجام دیتا ہے۔

شیل گروپ میں شامل ہر کمپنی کے مقاصد تیل، گیس، کیمیائی اور دیگر منتخب کاروباروں میں مستعدی، ذمہ داری سے اور منافع بخش طور پر شامل ہونا نیز صارفین کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور دنیا کی ارتقاپذیر توانائی کی طلب کو پورا کرنے کے لیے توانائی کے دیگر ذرائع کی تلاش اور تیاری میں حصہ لینا ہے۔

ہم مسابقتی ماحول، جس میں ہم نے کام کرنے کا انتخاب کیا ہے، میں ایک مضبوط طویل مدتی اور نموپذیر حیثیت کو برقرار رکھتے ہوئے کارکردگی کا اعلیٰ معیار تلاش کرتے ہیں ۔ ہم توانائی اور قدرتی وسائل کے زیادہ موثر اور پائیدار استعمال کی جانب بڑھنے کے لیے اپنے صارفین، پارٹنرز اور پالیسی سازوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

ان اصولوں کا اطلاق یقین دہانی کے طریقہ کار کے ایک جامع مجموعے کے ذریعے کیا گیا ہے، جو اس امر کو یقینی بنانے کے لیے وضع کیے گئے ہیں کہ ہمارے ملازمین اور کاروباری شراکت داروں ان اصولوں کو سمجھتے ہیں اور ان کے مطابق کام کرنے کی تصدیق کرتے ہیں۔ کاروباری اصول کئی سالوں سے بنیادی حیثیت کے حامل ہیں کہ ہم اپنے کاروبار کو کس طرح چلاتے ہیں اور ان کے مطابق زندگی گذارنا ہماری مسلسل کامیابی کے لیے اہم ہے۔



ہماری اقدار

شیل کے ملازمین بنیادی اقدار کے ایک مجموعے - ایمانداری، ربط اور لوگوں کے لیے احترام - پر عمل کرتے ہیں۔ ہم بھروسے، کشادہ دلی، ٹیم ورک اور پروفیشنلزم، اور اپنے کام پر فخر جیسے بنیادی اصولوں کی اہمیت پر بھی راسخ یقین رکھتے ہیں۔

پائیدار ترقی

کاروباری اصول کے طور پر، ہم پائیدار ترقی میں حصہ لینے کا عزم رکھتے ہیں۔ اس کے لیے قلیل اور طویل مدتی مفادات میں توازن پیدا کرنے، اقتصادی، ماحولیاتی اور معاشرتی تحفظات کو کاروباری فیصلہ سازی میں ضم کرنا ضروری ہے۔

ذمہ داریاں

شیل ذمہ داری کے پانچ شعبوں کی نشان دہی کرتی ہے۔ یہ منیجمنٹ کی ذمہ داری ہے کہ وہ ترجیحات کا مسلسل جائزہ لے اور اس جائزے کی بنیاد پر ان ناگزیر ذمہ داریوں کو بجالائے۔

الف۔ شیئر ہولڈرز کے لیے

شیئر ہولڈرز کی سرمایہ کاریوں کا تحفظ اور صنعت میں دیگر نمایاں کمپنیوں کے مقابلے میں طویل مدتی منافع کی فراہمی

ب۔ صارفین کے لیے

قیمت، معیار، سیفٹی، ماحول اور کمرشل مہارتوں کے لحاظ سے خوبیوں کی پیش کش کرنے والی پراڈکٹس اور خدمات کی تیاری اور فراہمی کے ذریعے صارفین کا دل جیتنا اور اپنے ساتھ رکھنا

ج۔ ملازمین کے لیے

ہمارے ملازمین کے انسانی حقوق کا احترام اور انھیں کام کی اچھی اور محفوظ صورتِ حال اور ملازمت کی مسابقتی شرائط وضوابط فراہم کرنا۔ اپنے ملازمین کی صلاحیتوں کی ترقی اور ان کے بہترین استعمال کو فروغ دینے کے لیے کام کا ایک جامع ماحول پیدا کرنا جہاں ہر ملازم کو اپنی صلاحیتوں اور قابلیت کو ترقی دینے کا مساوی موقع ملتا ہے۔ ملازمین کے کام کی منصوبہ بندی اور سمت بندی میں ان کی شمولیت کی حوصلہ افزائی کرنا اور خدشات کی اطلاع کے لیے ذرائع مہیا کرنا۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ کمرشل کامیابی کا دارومدار تمام ملازمین کی مکمل وابستگی پر ہے۔

د۔ وہ جن کے ساتھ ہم کاروبار کرتے ہیں

کانٹریکٹرز، سپلائرز، اور مشترکہ امور میں اور شیل کے ان عمومی کاروباری اصولوں یا ان تعلقات میں مساوی اصولوں کے نفاذ کو فروغ دینا۔ ایسے تعلقات میں داخل ہونے یا ان کے قائم رہنے کے فیصلے میں ان اصولوں کو مؤثر طریقے سے فروغ دینے کی اہلیت ایک اہم عنصر ہو گی۔

ہ۔ معاشرے کے لیے

معاشرے کے ذمہ دار کارپوریٹ رکن کے طور پر کاروبار کرنا، قابلِ اطلاق قوانین وضوابط کی تعمیل کرنا، کاروبار کے قانونی کردار کے ساتھ بنیادی انسانی حقوق کی معاونت کرنا اور صحت، سیفٹی، سیکورٹی اور ماحول کو مناسب احترام دینا۔

اصول 1: کفایت

ہماری کاروباری مقاصد کو حاصل کرنے اور ہماری مستقل نمو کے لیے طویل مدتی نفع آوری لازمی ہے۔ کارکردگی اور قیمت دونوں کی پیمائش ہے جو صارفین شیل کی مصنوعات اور خدمات پر دیتے ہیں۔ اس سے لگاتار سرمایہ کاری کے لیے ضروری کارپوریٹ وسائل کی فراہمی ہوتی ہے جو صارفین کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مستقبل میں توانائی کی ترسیل کی تیاری اور پیداوار کے لیے درکار ہوتی ہے۔ منافع اور مضبوط مالی بنیاد کے بغیر، ہماری ذمہ داریاں پوری کرنا ممکن نہیں ہو گا۔

سرمایہ کاری کرنے اور نہ کرنے کے فیصلوں کے معیارات میں پائیدار ترقی کے تحفظات (معاشی، معاشرتی اور ماحولیاتی) اور سرمایہ کاری کے خطرات کا اندازہ شامل ہے۔

اصول 2: مسابقت

شیل کمپنیاں آزاد کاروبار کو سپورٹ کرتی ہیں۔ ہم منصفانہ اور اخلاقی طور پر اور مسابقت کے قابل اطلاق قوانین کے دائرہ کار میں مقابلہ کرنا چاہتے ہیں؛ ہم دوسروں کو ہمارے ساتھ آزادانہ طور پر مسابقت کرنے سے نہیں روکیں گے۔

اصول 3: کاروباری ربط

شیل کمپنیاں ہمارے کاروبار کے ہر پہلو میں ایمان داری، ربط، اور منصفانہ پن پر زور دیتی ہیں اور جن کے ساتھ بھی ہم کاروبار کرتے ہیں ان کے ساتھ تعلق میں یہی توقع کرتی ہیں۔ رشوت کی بلاواسطہ یا بالواسطہ پیش کش، ادائیگی، رشوت کی درخواست یا قبولیت کسی بھی شکل میں ناقابلِ قبول ہے۔

سہولت کاری کی ادائیگیاں بھی رشوت ہوتی ہیں اور یہ نہیں ہونی چاہئیں۔ ملازمین کو اپنی نجی سرگرمیوں اور کمپنی کے کاروبار کو چلانے میں ان کے حصے کے مابین مفادات کے تصادم سے گریز کرنا چاہیے۔ ملازمین کو اپنی آجر کمپنی کو مفادات کے ممکنہ تصادم کے بارے میں بھی واضح طور پر بتانا ہوگا۔ شیل کمپنی کی جانب سے تمام کاروباری لین دین کی عکاسی کمپنی کے کھاتوں میں درست اور منصفانہ انداز میں اور طے شدہ طریقہ کار کے مطابق ہوں، جن کے لیے آڈٹ اور انکشاف (disclosure) لازمی شرط ہیں۔

اصول 4: سیاسی سرگرمیاں

الف۔ کمپنیوں کی

شیل کمپنیاں ان ممالک کے قوانین کے تحت سماجی طور پر ذمہ دارانہ انداز میں کام کرتی ہیں جن میں ہم اپنے جائز کمرشل مقاصد کے حصول میں کام کرتے ہیں۔

شیل کمپنیاں سیاسی جماعتوں، تنظیموں یا ان کے نمائندوں کو ادائیگی نہیں کرتی ہیں۔ شیل کمپنیاں پارٹی سیاست میں حصہ نہیں لیتی ہیں۔ تاہم، حکومتوں کے ساتھ معاملات کرتے وقت، شیل کمپنیوں کا یہ حق اور ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ کسی بھی معاملے میں، جو ہمیں، ہمارے ملازمین، ہمارے صارفین، ہمارے شیئر ہولڈرز یا مقامی کمیونٹیز کو متاثر کرتا ہو، میں ہماری بنیادی اقدار اور کاروباری اصولوں کے مطابق ہماری پوزیشن کو واضح کرسکیں۔

ب۔ ملازمین کی

جہاں افراد کمیونٹی سرگرمیوں میں حصہ لینا چاہتے ہیں، بشمول حکومت بنانے کے انتخاب لڑنے کے لیے، تو جہاں یہ مقامی حالات کی روشنی میں مناسب ہوگا وہاں انھیں ایسا کرنے کا موقع دیا کیا جائے گا۔

اصول 5: صحت، سیفٹی، سیکورٹی، اور ماحول

کارکردگی میں مسلسل بہتری کے حصول کے لیے شیل کمپنیاں صحت، سیفٹی، سیکورٹی اور ماحولیاتی انتظام کے لیے منظم انداز اختیار کرتی ہیں۔

اس مقصد کے لیے، شیل کمپنیاں ان معاملات کا انتظام اہم کاروباری سرگرمیوں کے طور پر کرتی ہیں، بہتری کے معیار اور اہداف طے کرتی ہیں، اور خارجی اعتبار سے کارکردگی کی پیمائش، تشخیص اور رپورٹ کرتی ہیں۔

ہم اپنے آپریشنز، مصنوعات اور خدمات کے ماحولیاتی اثرات کو کم کرنے کے لیے مستقل طور پر طریقے تلاش کرتے رہتے ہیں

اصول 6: مقامی کمیونٹیز

شیل کمپنیوں کا مقصد ہے کہ وہ اچھے پڑوسی ثابت ہوں، ان طریقوں کو مستقل طور پر بہتر بناتے ہوئے جن سے ہم اُن کمیونٹیز کی عمومی بہبود میں بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر حصہ لیتے ہیں، جن میں ہم کام کرتے ہیں ۔

ہم اپنی کاروباری سرگرمیوں کے معاشرتی اثرات کے بارے میں محتاط رہتے ہیں اور مقامی کمیونٹیز کے فوائد میں اضافے، نیز اپنی سرگرمیوں کے کسی بھی منفی اثرات کو کم کرنے کے لیے دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔

مزید برآں، شیل کمپنیاں ان سماجی معاملات میں تعمیری دلچسپی لیتی ہیں جو ہمارے کاروبار سے بالواسطہ یا بلاواسطہ تعلق رکھتے ہیں۔

اصول 7: ابلاغ اور تعلق

شیل کمپنیاں اس بات کو تسلیم کرتی ہیں کہ ہمارے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ باقاعدہ بات چیت اور تعلق ضروری ہے۔ ہم قانونی طور پر دلچسپی رکھنے والے فریقوں کو اپنی کارکردگی کی وہ مکمل متعلقہ معلومات فراہم کرکے اطلاع دہندگی (رپورٹنگ) کے پابند ہیں، جو کاروبار کی رازداری کے کسی بھی اہم نظریے سے مشروط ہیں۔

ملازمین، کاروباری پارٹنرز اور مقامی برادریوں کے ساتھ ہمارے میل جول میں، ہم ان کی رائے کو ایمانداری اور ذمہ داری کے ساتھ سننے اور ان کا جواب دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

اصول 8: کمپلائنس

ہم جن ممالک میں ہم کام کرتے ہیں ان کے تمام قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کی تعمیل کرتے ہیں ۔

چیئرپرسن کا تجزیہ

برائے اختتام سال 31 دسمبر 2019ء

عزیز شیئر ہولڈرز،

کورونا وائرس کا ابھرتا ہوا وبائی مرض غیر یقینی صورتِ حال کے ساتھ عالمی سطح پر بہت زیادہ ہنگامہ برپا کر رہا ہے۔ بورڈ کی جانب سے ہم امید کرتے ہیں کہ آپ اور آپ کے اہلِ خانہ محفوظ اور صحت مند رہیں گے۔

وائرس سے متعلق عوام کی صحت کو لاحق نمایاں خدشات کے باعث حکومت نے عوام کے سیر و تفریح اور اجتماعات پر سخت پابندیاں عائد کر دی ہیں۔ ان سطور کے رقم کیے جانے تک حکومت عوامی اجتماعات پر سختی سے پابندی عائد کر چکی ہے۔ اس وبائی مرض کے پھیلاؤ میں اضافے کے رجحان کو دیکھتے ہوئے اندازہ ہے کہ اس مدت کے دوران، جس میں ہم اپنی سالانہ جنرل میٹنگ (اے جی ایم) کا انعقاد کریں گے، پابندیاں اور صحتِ عامہ کو درپیش خطرات بڑھ سکتے ہیں۔ چنانچہ، مئی کے دوران غیر یقینی صورتِ حال کو دیکھتے ہوئے، ہم نے اس برس سالانہ جنرل میٹنگ کا انعقاد ورچوئلی (virtually) کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

ہمیں اندازہ ہے کہ ہمارے کچھ اسٹیک ہولڈرز سالانہ میٹنگ کو بورڈ کے ساتھ ملاقات کے حوالے سے قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، اور ایسا نہ ہو پانے کی وجہ سے وہ ہماری طرح ہی مایوس ہیں۔ تاہم، ہم سب ہی سیفٹی کو مقدم جانتے ہیں اور ہم ان غیر معمولی حالات میں اپنے لوگوں اور شرکا کے تحفظ کے ضمن میں جو تبدیلیاں اپنا رہے ہیں وہ ملکی قوانین سے ہم آہنگ ہیں۔

ہمیں یقین ہے کہ آپ رواں برس ان عدم یقینی کے حالات میں لیے گئے ہمارے فیصلوں کو سمجھتے ہوئے ان کی تائید کریں گے۔

چیئرپرسن کا تجزیہ

شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے، میں 31 دسمبر 2019ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے پیش کرنا چاہوں گا۔

یہ سال کمپنی اور بحیثیتِ مجموعی پورے ملک میں کاروبار کے لیے ایک مشکل سال رہا ہے۔ آئل کی صنعت کو ملک کو درپیش بعض مسلسل کلی معاشی دشواریوں کے اثرات کا سامنا رہا، جن کی بنیادی وجہ ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں انتہائی کمی تھی جس میں مزید 11 فیصد کمی آئی۔ حالانکہ پاکستانی روپیہ گزشتہ چھ مہینوں کے دوران خاصا مستحکم رہا ہے، تاہم قدر میں کمی کے اثرات کمپنی کے مجموعی نتائج پر اثرانداز ہوئے۔ ہم درآمدات پر انحصار کرنے والی صنعت کا حصہ ہیں، جس میں لاگت کا ایک بڑا فیصدی حصہ غیر ملکی کرنسی پر مشتمل ہوتا ہے، لہٰذا قدر میں کمی نے ہماری لاگت کی اساس پر اور اس کے نتیجے میں ہماری کارکردگی پر بہت اثر ڈالا۔ ملک میں پالیسی ریٹ میں بھی 300 بی پی ایس کا اضافہ ہوا جو بڑھ کر 13.25 فیصد ہو گئے جس کے نتیجے میں آپ کی کمپنی کی شرحِ سود پر مبنی مالی لاگت بلند تر ہو گئی۔ کمپنی کو مزید مہنگائی کا بلند دباؤ بھی برداشت کرنا پڑا، جس میں صارف اشاریہ قیمت (سی پی آئی) گزشتہ برس کی اسی مدت کے مقابلے میں دسمبر 2019ء کے دوران سال بسال بنیاد پر 12.6 فیصد بڑھ گئی۔ آپ کی کمپنی کو زوال پذیر فیول مارکیٹ، تیل کی عالمی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ، اور کمپنی پر قابلِ اطلاق کم سے کم

ٹیکس ریٹ میں 0.25 فیصد اضافے کے اثرات کو بھی برداشت کرنا پڑا۔ ان تمام وجوہات کے نتیجے میں آپ کی کمپنی کے مالی نتائج بری طرح متاثر ہوئے اور آپ کی کمپنی نے 1486 ملین روپے کا بعد از ٹیکس خالص نقصان درج کیا۔

صحت، سیفٹی، سیکورٹی اور ماحول (HSSE) کے معیارات کے لحاظ سے پاکستان میں صفِ اول کی آئل مارکیٹنگ کمپنی (OMC) ہونے کے ناتے، آپ کی کمپنی نے اپنی تمام سائٹوں پر حفاظت کو یقینی بنانے پر لگاتار توجہ مرکوز رکھی اور پاکستان بھر میں اپنے کاروبار کے محفوظ آپریشنز کو یقینی بنانے پر اپنی توجہ مرکوز کرتے ہوئے صنعت میں ممتاز مقام برقرار رکھا، نیز اپنے عملے، کاروباری شراکت داروں، اور صنعت کے شراکت داروں کے ساتھ مستقل انہماک، مشقوں اور ورکشاپس کے ذریعے سیکورٹی کے کلچر کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے؛ اس طرح ہم سیفٹی اور مطابقت کے معیارات کے لحاظ سے صنعت میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔

لبریکینٹس

لبریکینٹس نے شیل پاکستان کے مجموعی کاروبار کی قدر کی ترسیل جاری رکھی۔ دشوار معاشی حالات اور زوال پذیر لبریکینٹس مارکیٹ کی صورتِ حال میں بھی آپ کی کمپنی تمام زمروں میں اپنا مارکیٹ کا حصہ برقرار رکھنے میں کامیاب رہی۔ صنعت میں مارکیٹ کی قائدانہ حیثیت برقرار رکھنے اور اسے مزید تقویت دینے پر توجہ مرکوز رہی ہے۔

شیل لبریکینٹس نے جولائی 2019ء میں ایچ ایکس 6 کا آغاز کیا جس نے آپ کی کمپنی کی سنتھیٹک موٹر آئل کی رینج میں مزید اضافہ کیا۔ نیا لبریکینٹ ایچ ایکس 6 نہ صرف شیل پاکستان کو جدید، روایتی اور بائبرڈ کاروں کی بدلتی ہوئی مارکیٹ کی حرکیات اور تکنیکی ضروریات کو برقرار رکھنے میں مدد فراہم کرے گا بلکہ ایک پریمیم پراڈکٹ کو سستی قیمتوں پر بھی فراہم کرے گا۔ ہماری ٹرک والی کمیونٹی تقاضوں اور ضروریات کو مدِنظر رکھتے ہوئے ہمارے ڈیزل انجن آئل کے صارفین کے لیے شیل لبریکینٹس نے شیل ریمولا کی 20 لٹر کی بالٹی کا آغاز کیا تاکہ آسان استعمال کے ساتھ سستی قیمتوں کو یقینی بنایا جاسکے۔ مزید برآں، ہمارے بائیک چلانے والے صارفین کے لیے ملک گیر صارفی پروموشن کے ساتھ ساتھ شیل ایڈوانس کے لیے ہمارے پریمیم برانڈ کی بھی مہم چلائی گئی، جس کا بنیادی مقصد ہماری برانڈ کی خوبیوں کا اظہار اور اس کے استعمال کا فروغ ہے۔ شیل ایڈوانس نے سماجی مقصد کے فروغ اور فلاحِ عامہ کے لیے پاکستان میں کام کرنے والی مختلف این جی اوز میں آگاہی کے لیے رائیڈ پاکستان، جو بائیک چلانے والوں کا معروف کلب ہے، کے ساتھ بھی شراکت داری کی۔

2019ء کے دوران گاڑیوں کے لیے فیولز، لبریکینٹس اور شیل کارڈز میں بطور ترجیحی شراکت دار ہنڈائی نشاط اور شیل پاکستان کے مابین ایک شراکت داری معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ یہ اضافی نئی پریمیم پراڈکٹس اور ہمارے صنعتی پورٹ فولیو کی خدمات مختلف شعبوں میں ہمارے تعلقات کو مضبوط بنانے اور ہمارے پریمیم سفر کی رفتار بڑھانے میں مددگار ہوں گی۔

آپ کی کمپنی کی انتظامیہ لبریکینٹس پر 'اضافی ٹیکس' کے نظام کو ختم کرنے اور اسے سیلز ٹیکس ایکٹ 1990ء کے شیڈول 3 میں منتقل کرنے کے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے اقدام کا خیر مقدم کرتی ہے؛ جس سے پاکستان میں لبریکینٹس فروخت کرنے والی تمام کمپنیوں کے لیے آسان اور مستقل دستاویزیت میں مدد ملے گی۔

ریٹیل

آپ کی کمپنی پاکستان میں صارفین کو بہترین ریٹیل فورکورٹ کے تجربے کی فراہمی، ہم جو کچھ کرتے ہیں اس میں صارف کو مرکزی اہمیت دینے، ہمارے نیٹ ورک میں مسلسل اضافے کے ساتھ ساتھ ملک بھر میں ہماری بنیادی سائٹوں پر نئی اور پہلے سے مربوط ریٹیل آفرز سے اپنے صارفین کے لیے زندگی کے سفر کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز رکھتی ہے۔ آپ کی کمپنی نے پاکستان میں Select اسٹورز کی نئی جنریشن کا آغاز کیا اور ہمارے ریٹیلرز اور صارفین کے مفاد میں محفوظ ریٹیل آپریشنز پر مسلسل توجہ دینے کے ساتھ ساتھ convenience اسٹورز کے لیے مضبوط فروخت اور منافع میں بہتری حاصل کی۔ آپ کی کمپنی اب ہمارے پرفارمنس فیول، شیل وی پاور کی شکل میں بہترین انرجی سولیوشن فراہم کرنے کے عزم پر کاربند ہے۔ ہم

اپنے صارفین کو بہترین معیار، دھاتی اجزا سے پاک بنیادی فیول (جو فیول کی بہتر استعداد اور بچت فراہم کرتا ہے)، کے ساتھ کارکردگی بڑھانے والے اضافی اجزا کی فراہمی پر فخر محسوس کرتے ہیں، جو ہمارے فیول کو حقیقی طور پر منفرد بناتے ہیں اور جدید ترین ٹیکنالوجی فراہم کرتے ہیں، جو گاڑیوں کے انجن کی حفاظت کرتی اور آلودگی کا اخراج کم کرتی ہے۔

آپ کی کمپنی نے مبنی بر ہدف تشہیری مہمات سے صارفین کو منسلک کرتے ہوئے ان کی گاڑیوں کے لیے ان کی محبت کا خیر مقدم کیا۔ شیل پاکستان نے "صارف کی آواز" کا آغاز کیا تاکہ ہمارے صارفین کے مجموعی اطمینان کو جانچ کر ہمارے فورکورٹس پر مستقل زبردست تجربہ فراہم کرنے کے لیے اصلاحات لائی جاسکیں۔ آپ کی کمپنی اپنی سائٹوں پر اپنے معزز صارفین کو ادائیگی کے متعدد طریقوں کی فراہمی کے حوالے سے بھی صنعت میں سبقت کی حامل ہے۔ ہم نے شیل اینڈ ویز اپروموشن کا بھی آغاز کیا جو منتخب شیل اسٹیشنوں پر ویزا کارڈ کے ذریعے (پی اٹ فیول، لبریکینٹس، سلیکٹ یا کسی اور آفر پر) 3000 یا زائد کی خریداری پر بالکل نئی اے کلاس سیڈان حاصل کرنے کا حیران کن موقع فراہم کرتی ہے۔ یہ پروموشن تبدیلی کی طرف ایک قدم ثابت ہوئی، کیونکہ آپ کی کمپنی اپنے قیمتی صارفین کے لیے ادائیگی کے آسان طریقے استعمال کرتے ہوئے خریداری کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

آپ کی کمپنی پورے پاکستان میں اپنی اسٹوریج کی سہولیات اور کاروباری پیش کشوں کو بڑھانے کے لیے خاطر خواہ سرمایہ کاری کرتی رہتی ہے، لہٰذا، مارجن میں اضافے کے ضمن میں مسلسل تائید کمپنی کے لیے ایک اہم ترجیح ہے۔

سماجی سرمایہ کاری

آپ کی کمپنی میں، ہم جن کمیونٹیز کے ساتھ کام کرتے ہیں، ان کے لیے سرمایہ کاری کرتے رہتے ہیں۔ نیشنل رورل سپورٹ پروگرام کی شراکت سے آپ کی کمپنی نے جنوبی پنجاب میں توانائی کے منصوبے تک رسائی (Access to Energy Project) کا نفاذ کیا ہے، جس میں ہم نے ایک گاؤں کو کلین انرجی سولیوشنز فراہم کیے ہیں، اور ہمیں توقع ہے کہ یہ ان کی آمدنی کی سطح اور طرزِ زندگی پر پائیدار بنیادوں پر مثبت ڈالیں گے۔ اس منصوبے میں پانی کی مسلسل فراہمی اور پیداواریت کے لیے شمسی توانائی سے چلنے والا ٹیوب ویل، صاف چولھے اور مقامی آٹا چکی کو شمسی توانائی پر منتقلی شامل ہیں؛ اس منصوبے کا مقصد اسے مستقل بنیادوں پر مالی اعتبار سے نمو پذیر ہو جائے گا۔ پراجیکٹ کو چلانے کا کام بالآخر ایک کمیونٹی پر مبنی تنظیم کے حوالے کر دیا جائے گا، جو وسیع تر اثرات کے ضمن میں دیگر دیہاتوں میں اسی نوعیت کی اصلاحات کے لیے ممکنہ ماڈل کا کام کرے گا۔ شیل تعمیر پروگرام ملک بھر میں نوجوان کاروباری افراد کو ان کے کاروباروں کا آغاز کرنے کا اہل بنانے کے مشن کے ساتھ جاری ہے۔ دورانِ سال 199 کاروباری امیدواروں کو کاروباری پیش رفت کے حوالے سے تربیت دی گئی، توانائی اور غیر توانائی شعبوں سے 31 رسمی و غیر رسمی کاروباروں کی معاونت کی گئی ان نوجوان اسٹارٹ اپس کے ذریعے ملک میں 36 نوکریاں تخلیق کی گئیں۔ رواں برس شیل گلوبل انوویشن ایوارڈز، جس میں دنیا بھر کے 19 ممالک شریک تھے، میں صف اول کے 10 امیدواروں میں سے ایک نوجوان پاکستانی کاروباری بھی شامل تھا۔ شیل کی ایکو میراتھن کے ذریعے 6 جامعات سے 8 ٹیموں نے الٹرا انرجی ایفی شنٹ کاریں ڈیزائن اور تیار کرنے کے سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی کے طلبا کے عالمی مقابلے میں حصہ لیا۔

ایچ ایس ایس ای (صحت، تحفظ، سلامتی کا ماحول)

آپ کی کمپنی نے تمام ترسپلائی چین میں محفوظ آپریشنز کو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کیے رکھی اور روڈ ٹرانسپورٹ ہاؤلیئر پروفیشنلائزیشن پراجیکٹ کے ذریعے ہاؤلیئر معاہدے کی تجدید، بیڑے (فلیٹ) اور ٹیکنالوجی کی جدت کاری، کمپنی کے ٹرمینل اور ریٹیل انٹرفیس میں مستعدی، کمپنی کے شراکت داروں کی استعداد کاری اور سیفٹی کی قیادت پر توسیعی کام نیز کمپنی کے "کیپٹنز" (فلیٹ کے ڈرائیوروں) کی تعظیم اور دیکھ بھال کے اظہار میں کئی کلیدی سنگِ میل عبور کیے۔ ریٹیلرز کے زیر ملکیت فیول کی منتقلی کو بھی اپ گریڈ کیا گیا ہے تاکہ وہ اوگرا کے معیارات پر پورے اتر سکیں۔ آپ کی کمپنی کی کاوشوں کے نتیجے میں اوگرا نے سڑک کے حفاظتی معیارات کے سات مختلف عناصر کے مساوی معیارات کو قبول کیا ہے جو عالمی صنعت کے معیارات سے بالاتر ہیں اور پاکستان میں ان کا اطلاق مشکل تھا۔ مشترکہ منصوبوں اور مشترکہ اسٹوریج کی سہولیات کے قیام کے لیے ملک بھر میں اسٹریٹجک مقامات پر متعدد تھرڈ پارٹی

ٹرمینلز کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اس سے ملک کے باہر ملٹی گریڈ وائٹ آئل پائپ لائن کے فعال ہو جانے کے بعد آپ کی کمپنی کی کاروباری چھاپ کو گہرا کرنے میں مدد ملے گی جس کے نتیجے میں فیول کی براستہ سڑک منتقلی میں تقریباً 60 فیصد کمی واقع ہو گی اور جو آپ کی کمپنی کے لیے مضبوط مالیاتی قدر اور اثاثے سے استفادہ لائے گا۔

آپ کی کمپنی نے پاکستان بھر میں تمام نئے ٹرمینلز کا نئے ایچ ای ایم پی ٹول (خطرات اور اثرات کے انتظام کا عمل) پر جائزہ لیا ہے تاکہ صحت، تحفظ، سلامتی اور ماحول کے شعبوں میں ٹرمینل آپریشنز سے ابھرنے والے ہمارے تمام خطرات کی پوری طرح تخفیف کو یقینی بنایا جا سکے۔

ریٹیل کاروبار میں آپ کی کمپنی، بالخصوص فرنٹ لائن میں تنظیم کی تحفظ کی استعدادکاری کے ذریعے ہمارے اسٹیشنوں کے تحفظ کے انتظام میں نمایاں بہتری لائی ہے۔ ریٹیل اسٹیشنوں پر آپ کی کمپنی کے سروس چیمپئنز اسٹیشنوں پر ٹریفک حادثات اور صارفین کی گاڑیوں میں آگ لگنے کے واقعات ہنگامی ردِعمل کے بہترین عمل درآمد کے ذریعے بہت سی زندگیاں بچا چکے ہیں۔ آپ کی کمپنی ہمارے ریٹیل آپریشنز میں یقین و بھروسے کو مضبوط بنانے کے لیے کوشاں رہتی ہے۔

واجبات، مالی لاگتیں اور ٹیکس کا نظام

آپ کی کمپنی کی مالیات حکومتِ پاکستان کی جانب سے واجب الادا وصولیوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بھاری بوجھ اور دورانِ سال اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے پالیسی ریٹ میں اضافے سے متاثر رہی ہے۔ سال کے پہلے چھ مہینوں کے دوران پالیسی ریٹ میں 300 بی پی ایس اضافہ ہوا جس سے پالیسی ریٹ بڑھ کر 13.25 فیصد ہو گیا۔ 31 دسمبر 2019ء تک سیلز ٹیکس، پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی اور قیمت کے تفرق کے دعووں کی بنا پر حکومت کی جانب سے مجموعی واجب الوصول واجبات 5331 ملین روپے ہیں۔ واجبات کی بازیابی کے لیے کمپنی کی انتظامیہ کی جانب سے متعلقہ حکام سے فعال اور مستقل رابطہ جاری رکھے ہوئے ہے، تاکہ ہم شیئر ہولڈرز کے گوشوارے بہتر بنانے، موثر انداز میں کاروبار چلانے اور پاکستان میں ترقی کے مواقع کے لیے سرمایہ کاری جاری رکھنے کی ہماری اہلیت کو یقینی بنا سکیں۔

دورانِ سال حکومتِ پاکستان نے مالیات ایکٹ 2019ء کے ذریعے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں پر قابلِ اطلاق کم سے کم ریٹ میں 0.25 فیصد اضافہ کیا۔ کم از کم ٹیکس کے نظام کی وجہ سے کمپنی اس مدت میں حاصل کیے گئے منافعوں کی سطح کے باوجود کارپوریٹ ٹیکس ادا کرتی ہے، جو ناجائز طور پر اس کے آپریٹنگ سود کو بڑھا دیتی ہے جبکہ باقاعدہ مارجنز میں کوئی اضافہ نہیں ہوتا۔ ٹرن اوور پر یہ کم از کم ٹیکس ہماری صنعت کے لیے کسی سزا سے کم نہیں اور اس کے نتیجے میں ہمارے 29 فیصد کے انکم ٹیکس کے 29 فیصد کے معیاری کارپوریٹ ریٹ سے بہت بڑھ جاتا ہے۔ ہم آئل اور گیس کے شعبے ان کو الاؤنسز اور پست شرحوں کے مطابق لانے کے لیے ٹیکس حکام سے بات چیت جاری رکھے ہوئے ہیں جو پاکستان میں ان سے ملتے جلتے دیگر باضابطہ (ریگولیٹڈ) شعبوں کو حاصل ہیں۔ ہم ٹیکس کے نظام میں تبدیلی کے لیے پُرامید ہیں اور ہمیں توقع ہے کہ حکام اس اہم مسئلے کو حل کرنے کے لیے فوری اقدام کریں گے۔

مستقبل کے امکانات

انتظامیہ سیفٹی کی کارکردگی میں گول زیرو کے حصول کی بنیادی سطح کے ساتھ ساتھ آپ کی کمپنی کی مستحکم مالی کارکردگی پر توجہ برقرار رکھنے کے لیے پُرعزم ہے۔

بالخصوص پاکستانی روپے کی قدر میں جاری عدم استحکام کی وجہ سے کُلی معاشی سطح پر کافی چیلنجز موجود ہیں۔ کمپنی کرنسی کی قدر میں کمی، معاشی عدم یقینی کی صورتِ حال، اور حکومت کی جانب سے واجبات کی ادائیگی میں جاری تاخیر سے پیدا ہونے والی دشواریوں ہی کو نہیں بلکہ ان کے ساتھ ساتھ بدلتی ہوئی مارکیٹ، ضوابطی و مسابقتی حرکیات کے حوالے سے بھی کمپنی مستقبل کے چیلنجز کو پہچانتی ہے۔ ہمارے بورڈ آف ڈائریکٹرز کمپنی کو ہمارے مقاصد کے حصول کی جانب لے جانے کے لیے سرگرم اور موثر کردار ادا کرتے ہیں؛ اور بورڈ کمپنی کی سمت متعین کرنے نیز کارکردگی کے جائزے دونوں ہی میں پوری طرح شامل رہا ہے۔

آپ کی کمپنی ان مستند، مسابقتی، اور قابلِ اطلاق کاروباری منصوبوں کی جانب توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے، جو بہترین سہ ماہی کاروباری کارکردگی پیش کرتے، ہمارے سرمایہ کاروں کو بہتر منافع دیتے ہوئے، جس کمیونٹی میں ہم کام کرتے ہیں، اس پر مثبت اثر ڈالتے اور پاکستان میں توانائی کے مستقبل کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ ہم اس امر پر بھی بھرپور اعتماد رکھتے ہیں کہ آپ کی کمپنی پاکستانی فیول مارکیٹ میں متوقع مستقل نمو کا احاطہ کر سکتی ہے۔ کمپنی کے لیے لگن، مستقل معاونت اور اعتماد کے لیے ہم اپنے شراکت داروں، صارفین، عملے اور دیگر فریقوں کے شکرگزار ہیں۔ ہم پاکستان میں توانائی کی صفِ اول کی کمپنی بننے کے لیے اپنا سفر جاری رکھے ہوئے ہیں۔

رفیع ایچ بشیر

چیئرمین آف دی بورڈ

بورڈ آف ڈائریکٹرز

رفیع ایچ بشیر

رفیع بشیر شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے چیئر مین ہیں۔ وہ برطانیہ اور ویلز میں انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کے رکن ہیں اور تاحال شیل کے لبریکینٹس اور ریٹیل کاربار کے ایشیا فنانس منیجر ہیں۔ رفیع مقامی طور پر متنوع کردار ادا کرچکے ہیں اور ریٹیل فنانس منیجر شیل پاکستان لمیٹڈ، مرجر اینڈ ایکویزیشن فائنانس برائے شیل ڈاؤن اسٹریم ایشیا/ پیسیفک، گلوبل گورننس، ایشیا پیسیفک ریجنل فائنانس منیجر، فائنانس ڈائریکٹر برائے شیل پاکستان لمیٹڈ، گلوبل فائنانس منیجرز برائے شیل بیچومین اینڈ سلفر بزنس اور حال ہی میں شیل ریٹیل، لبریکینٹس، ایوی ایشن اور خصوصی کاروباروں کے لیے گلوبل پلاننگ اور اپریزل منیجر کے عہدوں پر فائز رہے ہیں۔

ہارون راشد

ہارون راشد شیل پاکستان لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو اور منیجنگ ڈائریکٹر ہیں۔ وہ 2011ء سے شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ کے ڈائریکٹر رہے ہیں۔ وہ شیل پاکستان کے جنرل منیجر لبریکنٹس بھی ہیں۔ وہ 1995ء میں شیل پاکستان سے منسلک ہوئے اور پاکستان واپسی سے قبل اب تک مشرقِ وسطیٰ جنوب ایشیائی خطے کے لیے بطور جنرل منیجر سپلائی اینڈ ڈسٹری بیوشن، ڈاؤن اسٹریم کی مارکیٹنگ، کنسلٹنسی کے لیے رائل ڈچ شیل میں سینئر قیادت کے کئی عہدوں پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔ ہارون انسیڈ (INSEAD) اور لاہور یونیورسٹی آف منیجمنٹ سائنسز کے گریجویٹ ہیں۔

پرویز غیاث

پرویز غیاث جنوری 2017ء سے حبیب یونیورسٹی فاؤنڈیشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ڈائریکٹر ہیں۔ حبیب یونیورسٹی فاؤنڈیشن سے منسلک ہونے سے پہلے وہ اگست 2005ء تا دسمبر 2016ء کے دوران انڈس موٹر کارپوریشن لمیٹڈ کے سی ای او (CEO) رہے۔ پرویز برطانیہ اور ویلز میں انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے رکن ہیں اور معاشیات اور شماریات میں بیچلرز ڈگری کے حامل ہیں۔

وہ داؤد ہرکولیس کارپوریشن کے بورڈ میں بطور نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ میں بطور خود مختار ڈائریکٹر خدمات انجام دیتے ہیں۔

نصّر این ایس جعفر

نصّر این ایس جعفر کیلیفورنیا یونیورسٹی سے زراعت میں ایسوسی ایٹڈ سائنس ڈپلوما رکھتے ہیں۔ وہ جعفر گروپ آف کمپنیز کے چیئرمین ہیں۔ وہ 1969ء سے 2003ء تک جعفر برادرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ڈائریکٹر رہے جہاں وہ وقتاً فوقتاً کھادوں اور مشینری کے کاروبار کے ساتھ ساتھ کیمیائی اجزا اور کیڑے مار ادویات کے کاروبار سے منسلک رہے۔ 2003ء میں انھوں نے کمپنی کے چیئرمین اور سی ای او کی حیثیت سے عہدہ سنبھالا تاکہ کمپنی کے مجموعی کاروبار کو سنبھال سکیں اور اسٹیک ہولڈرز کے لیے نمو، نفع آوری، اور کاروبار کے اطمینان بخش نتائج کو یقینی بنا سکیں۔

وہ دیگر کاروباری، رفاہی، معاشرتی، اور طبی انجمنوں کے بورڈ میں بھی شامل ہیں جیسے دی کڈنی سینٹر نیز ماڈرن کلب اور ماڈرن سوسائٹی کے اعزازی سیکرٹری بھی ہیں۔ وہ 2010ء تک فلپینز (Philippines) کے اعزازی سفارت کار بھی رہے ہیں۔

مدیحہ خالد

مدیحہ خالد شیل پاکستان لمیٹڈ کے ہیومن ریسورس کی سربراہ ہیں۔ انھوں نے 2005ء میں اے بی این ایمرو بینک سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا، اور مقامی و ریجنل سطح پر ریکروٹمنٹ، کاروباری شراکت، انتظامِ تبدیلی اور ٹیلنٹ کے حوالے سے مختلف عہدوں پر فائز رہی ہیں۔ وہ 2012ء سے شیل پاکستان لمیٹڈ کے لیے بطور ہیڈ آف ہیومن ریسورس کام کر رہی ہیں اور پاکستان میں موجود تمام کاروباری اداروں کے لیے تنظیمی استعداد کی ایچ آر پارٹنر ہیں، جو اسٹریٹجک ایچ آر سپورٹ کی مکمل رینج کی فراہمی کے لیے ایچ آر پروفیشنلز کی ایک ٹیم کی سربراہی کرتی ہیں۔

مدیحہ چارٹرڈ انسٹیٹیوٹ آف پرسنیل اینڈ ڈویلپمنٹ (CIPD)، یوکے کی چارٹرڈ رکن ہیں اور ہیومن ریسورس میں ایم بی اے ڈگری کی حامل ہیں۔

ناز خان

ناز خان اس وقت ایکس پٹرولیم لمیٹڈ کی مینجنگ ڈائریکٹر ہیں۔ وہ مالی خدمات اور صنعت دونوں میں 25 سالہ تجربے کی حامل ایک تجربہ کار پروفیشنل ہیں۔ ایکس پٹرولیم جوائن کرنے سے پہلے وہ اینگرو کارپوریشن کی چیف فنانشل آفیسر رہیں، اس مدت میں کمپنی نے اپنے دو نمایاں پراجیکٹس ایل این جی ٹرمینل اور تھرکول اینڈ پاور کے ذریعے ترقی کے ساتھ ساتھ اپنے دو ذیلی اداروں کی تنظیمِ نو، حصص سازی اور آئی پی اوز انجام دیے۔ اینگرو سے قبل ناز کے اے ایس بی فنڈز لمیٹڈ کی چیف ایگزیکٹو آفیسر تھیں۔ پاکستان کی سرمایہ منڈیوں سے ان کے ربط کی مدت 20 سال سے زائد ہے، جہاں وہ ڈیٹ اور ایکویٹی کے لیے پرائمری و سیکنڈری مارکیٹس میں سرگرمی سے شامل رہیں۔ وہ اس وقت پاکستان اسٹاک ایکسچینج، فوجی فرٹیلائزر، بن قاسم اور یوبی ایل فنڈ منیجر، مع دیگر کے بورڈز میں خدمات انجام دے رہی ہیں۔

کلاس منٹل

شیل انٹر نیشنل میں بطور جنرل منیجر گلوبل کنوینینس ریٹیل، لبریکینٹس اینڈ الا ئنسز کلاس منٹل اسٹر یٹیجی، مارکیٹنگ، استعدادکاری، اختراعات، اینالیٹکس نیز شیل کے 6 بلین ڈالر کے نان فیولز کاروبار کے لیے بیرونی سپلائر اور پارٹنر ریلیشن شپ کے ساتھ 25 مارکیٹوں اور لائسنس / پارٹنر شپ معاہدوں کے ساتھ مزید میں 8000 سے زائد سروس اسٹیشنوں کے براہِ راست آپریشنز کے ذمہ دار ہیں۔ وہ این اے سی ایس انٹر نیشنل بورڈ کے ڈائریکٹر ہیں جو کنوینینس اور فیول ریٹیلنگ کے لیے امریکی گلوبل ایسوسی ایشن ہے۔

اس سے قبل کلاس شیل جنوبی افریقا کے ریٹیل کاروبار (سات سو سروس اسٹیشنز اور کمپنی کے اپنے چار سو اسٹورز) کے لیے باٹم لائن اکاؤنٹیبلٹی کے جنرل منیجر رہے۔ ان کے شیل کے ساتھ بین الاقوامی کیریئر میں لندن میں بطور گلوبل پرموشنز منیجر اور گلوبل ڈیزل مارکیٹنگ منیجر، سنگاپور میں ایشیا پیسفک کے لیے ای بزنس منیجر اور افریقا کے لیے بطور ریجنل ریٹیل مارکیٹنگ منیجر خدمات شامل ہیں۔

ایمسٹرڈیم یونیورسٹی سے معاشیات میں ماسٹرز کرنے اور امریکا اور جاپان سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد کلاس منٹِل 1995ء میں نیدرلینڈ میں شیل کے ریٹیل بزنس (Retail Business) سے وابستہ ہوئے۔

وقار آئی صدیقی

وقار آئی صدیقی بین الاقوامی تجربے کے حامل بورڈ کی سطح کے ایگزیکٹو ہیں جو شیل اور دیگر اہم اداروں کے ساتھ بزنس کی تشکیلِ نو کے مستحکم ریکارڈ کے حامل ہیں۔ پٹرولیم ڈاؤن اسٹریم میں ان کے 24 سالہ تجربے کے ساتھ وہ کاروباری ترسیل، تنظیمی تبدیلی، حکمتِ عملی کی تیاری، مشترکہ امور اور انضمام / ادغام کے ذریعے ملٹی ملین ڈالر کمرشل اداروں کی کامیابی سے رہنمائی کرچکے ہیں۔

وقار جون 2001ء میں شیل سے منسلک ہوئے۔ شیل میں رہتے ہوئے وہ مقامی و بین الاقوامی سطح پر سینئر لیڈرشپ عہدوں پر رہتے ہوئے مختلف کاروباری ڈویژنوں میں متنوع کردار ادا کرچکے ہیں۔ اس وقت وہ پی ٹی شیل انڈونیشیا میں شیل ڈاؤن اسٹریم ریٹیل کے منیجنگ ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔

وہ مثالی اسٹیک ہولڈر مینجمنٹ کے تجربے کا ٹھوس ریکارڈ رکھتے ہیں؛ حکومتی ضابطہ کاروں میں قابلِ اعتماد مشیر کے طور پر جانے جاتے ہیں اور اعلیٰ سطح کے کاروباری اداروں اور پائیدار ترقی کے پروگراموں میں ان سے باقاعدہ مشاورت کی جاتی ہے۔

وہ کیمیکل انجینئرنگ میں بی ایس اور مارکیٹنگ میں ایم بی اے کی ڈگری کے حامل ہیں۔ مزید برآں، وہ ہارورڈ بزنس اسکول اور یونیورسٹی آف برٹش کولمبیا سے تعلیمی اور پیشہ ورانہ اسناد کے حامل ہیں۔

بدرالدین ایف ویلانی

بدرالدین ایف ویلانی لوبورو یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (Loughborough University of Technology) سے کیمیکل انجینئرنگ میں آنرز گریجویٹ اور مڈل ٹیمپل (لندن) کے بیرسٹر ایٹ لاء بھی ہیں۔ 1982ء میں انھیں وکالت کا اجازت نامہ ملا اور اس کے فوراً بعد انھوں نے کراچی میں لیگل (قانونی) پریکٹس شروع کردی۔

ان کا نام پاکستان کی عدالت عظمیٰ میں بطور وکیل درج ہوچکا ہے اور وہ قانونی فرم ویلانی اینڈ ویلانی کے سینئر پارٹنر ہیں۔ وہ اپنی لیگل پریکٹس کے علاوہ ایف ایم سی جی، مینوفیکچرنگ، ریٹیل، اور فارماسوٹیکل کے شعبے میں کئی ملٹی نیشنل کمپنیوں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز سے بطور رکن اور متعدد رفاہی انجمنوں اور اداروں کے بورڈز سے بھی منسلک ہیں۔

فیصل وحید

فیصل وحید شیل پاکستان لمیٹڈ میں چیف فنانشل آفیسر اور فنانس ڈائریکٹر ہیں۔ وہ انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (IBA)، کراچی سے مالیات میں ایم بی اے اور چارٹرڈ انسٹیٹیوٹ آف منیجمنٹ اکاؤنٹنٹس، یوکے اور ایسوسی ایشن آف کارپوریٹ ٹریژرر، یوکے کے ایسوسی ایٹ رکن ہیں۔

2013ء میں شیل سے منسلک ہونے سے پہلے وہ یونی لیور پاکستان اور یوکے، اور اینگرو کارپوریشن میں فنانس سے متعلق مختلف عہدوں پر رہتے ہوئے 22 سال کے مجموعی تجربے کے حامل ہیں۔ وہ پاک عرب پائپ لائن کمپنی لمیٹڈ اور شیل اومان مارکیٹنگ لمیٹڈ کے بورڈز پر بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔

ڈائریکٹران کی رپورٹ

آپ کی کمپنی کے ڈائریکٹران 31 دسمبر 2019ء کو ختم ہونے والے سال کی اپنی سالانہ رپورٹ اور آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے پیش کرتے ہیں۔
انتظامی امور، مارکیٹنگ اور تقسیم کاری کے اخراجات، مالیاتی اور دیگر واجبات کی ادائیگی کے بعد 31 دسمبر 2019ء کو ختم ہونے والے سال کا نقصان :

	روپے ملین میں
نقصان قبل از ٹیکس	(140)
ٹیکس	(1,346)
31 دسمبر 2019ء کو ختم ہونے والے سال کا سالانہ نقصان	(1,486)
	روپے
نقصان فی شیئر ہولڈر۔بنیادی اور سیال (diluted)	13.88

سالانہ گوشواروں کے صفحہ 61 پر ایکویٹی میں تبدیلیوں کے بیان کی ذیل میں ذخائر کی کارروائی (مومنٹ) اور تصرفات ظاہر کیے گئے ہیں۔
ڈائریکٹران تصدیق کرتے ہیں کہ:

1. بورڈ 11 ارکان پر مشتمل ہے، جس میں چیف ایگزیکٹو شامل ہیں، جنھیں ڈائریکٹر سمجھا گیا ہے۔ ہمارے ایک منتخب شدہ غیر خود مختار ڈائریکٹر جناب کیپٹن فرخ 16 دسمبر 2019ء کو وفات پا گئے تھے۔ جناب کیپٹن فرخ کی وفات کے بعد 31 دسمبر 2019ء کو ہمارے بورڈ کی ہیئت ترکیبی یہ تھی:

خواتین ارکان:
1. محترمہ ناز خان
2. محترمہ مدیحہ خالد

مرد اراکین:
1. جناب رفیع ایچ بشیر
2. جناب ہارون راشد
3. جناب پرویز غیاث
4. جناب نصر این ایس جعفر
5. جناب کلاس منٹل
6. جناب وقار صدیقی
7. جناب بدرالدین ایف ویلانی
8. جناب فیصل وحید

خود مختار ڈائریکٹران:
1. جناب پرویز غیاث
2. محترمہ ناز خان

نان ایگزیکٹو ڈائریکٹران:
1. جناب رفیع ایچ بشیر
2. جناب نصر این ایس جعفر
3. جناب کلاس منٹل
4. جناب وقار صدیقی
5. جناب بدرالدین ایف ویلانی

ایگزیکٹو ڈائریکٹران:
1. جناب ہارون راشد
2. محترمہ مدیحہ راشد
3. جناب فیصل وحید

2. بورڈ تصدیق کرتا ہے کہ کمیٹیاں درج ذیل اراکین پر مشتمل ہیں:

الف۔ آڈٹ کمیٹی
ا۔ محترمہ ناز خان (چیئر پرسن)
ب۔ جناب بدر ایف ویلانی
ج۔ جناب رفیع ایچ بشیر

ب۔ کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے
ا۔ جناب پرویز غیاث (چیئرمین)
ب۔ جناب ہارون راشد
ج۔ جناب کلاس منٹل

3. کمپنی کی انتظامیہ کی طرف سے تیار کیے گئے مالی گوشوارے واضح طور پر اس کے معاملات، اس کے امور کے نتائج، رقوم کا بہاؤ اور ایکویٹی میں تبدیلیوں کو پیش کرتے ہیں۔
4. کمپنی کے تمام مالیاتی کھاتے برقرار رکھے گئے ہیں۔
5. مالیاتی گوشواروں کی تیاری میں مناسب حسابی طریقہ کار کا ہمیشہ اطلاق کیا گیا ہے ماسوا مالیاتی دستاویزات کے نوٹ 2.3.2 میں بیان کی گئی ان تبدیلیوں کے جو معیارات کے ابتدائی اطلاق اور پہلے سے موجود معیارات میں کی گئی ترامیم اور تشریحات کے نتیجے میں عمل میں آئیں۔ حسابی تخمینے مناسب اور محتاط فیصلوں کی بنیاد پر کیے گئے ہیں۔
6. بین الاقوامی مالیاتی رپورٹنگ کے معیارات، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، ان مالیاتی دستاویزات کی تیاری میں ان پر عمل کیا گیا ہے اور اگر کچھ ترک بھی کیے گئے ہیں تو ان کو ظاہر کیا گیا ہے۔
7. داخلی کنٹرول کا نظام (سسٹم آف انٹرنل کنٹرول) اپنے طور پر بے نقص ہے اور اس پر مستعدی سے عمل درآمد کروایا گیا اور اس کی نگرانی کی گئی ہے۔

8. بلاشبہ کمپنی ایک منافع بخش کاروبار کی حیثیت سے جاری رہنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔
9. کارپوریٹ گورننس (Corporate Governance) کے ضابطوں پر مکمل عمل کیا گیا ہے، جو اس کے ضابطوں کی فہرست میں تفصیل سے درج ہیں۔
10. گزشتہ سات سال کے اہم آپریشنز اور مالیاتی ڈیٹا کا خلاصہ صفحہ 55 پر ظاہر کیا گیا ہے۔ دورانِ سال نقصان کی وجوہات اور پچھلے سال کمپنی کے امور کے نتائج میں کیے گئے اہم انحراف پر بحث صفحہ 12 پر چیئرمین کے ریویو میں کی گئی ہے۔
11. مستقبل کے امکانات کی مناسب نشاندہی (ریزن ایبل انڈیکیشن) کے بارے میں صفحہ 12 پر چیئرمین کے ریویو میں تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔
12. 31 دسمبر 2019ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے بغیر آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی بنیاد پر پراویڈنٹ، گریچوایٹی اور پینشن فنڈز کی مقدار پر سرمایہ کاری کا بیان مالیاتی دستاویزات کے نوٹ 32.4 میں شامل کیا گیا ہے۔
13. سال بھر کے دوران منعقد ہونے والی بورڈ اور کمیٹیوں کے اجلاس اور ان میں ہر ڈائریکٹر کی شرکت کی تعداد صفحہ 112 پر ظاہر کی گئی ہے۔
14. نان ایگزیکٹو / خود مختار ڈائریکٹران، ماسوا وہ جو شیل گروپ کی کمپنیوں میں ایگزیکٹو عہدیدار ہیں، کو بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کے اجلاس میں شرکت پر ادائیگی کی جاتی ہے۔
15. 2019ء کے لیے کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کو۔ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی جانب سے دورانِ سال بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کی کارکردگی کا ایک رسمی جائزہ لیا گیا۔
16. جناب رفیع ایچ بشیر، جناب پرویز غیاث، جناب نصر این ایس جعفر، مس ناز خان، جناب بدرالدین ایف ویلانی، جناب ہارون راشد اور جناب فیصل وحید پہلے ہی پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (پی آئی سی جی) سے ڈائریکٹرز ٹریننگ سرٹیفکیشن حاصل کر چکے ہیں۔ جناب کلاس مینٹل انسیڈ (Insead)، فرانس سے انسیڈ انٹرنیشنل ڈائریکٹرز پروگرام کا کورس کامیابی سے مکمل کر چکے ہیں اسی لیے کمپنی نے جناب کلاس مینٹل کو استثنیٰ دے دیا ہے۔ کمپنی ڈائریکٹرز کی سرٹیفکیشن کو یقینی بنانے کے لیے فہرستی کمپنیوں کے ضوابط 2019ء (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کے تقاضوں کی پابندی کرتی رہے گی تاکہ ڈائریکٹران کی مطلوبہ تعداد سند یافتہ ہو۔
17. حصص یافتگی (شیئر ہولڈنگ) کے طریقہ کار (پیٹرن) اور حصص یافتگی کے طریقہ کار سے متعلق اضافی معلومات صفحہ 113 پر ظاہر کی گئی ہیں۔ یہ کمپنی شیل پیٹرولیم کمپنی لمیٹڈ، لندن (امیڈیٹ ہولڈنگ کمپنی) کا ذیلی ادارہ ہے جو کہ رائل ڈچ شیل (الٹیمیٹ ہولڈنگ کمپنی) کا ایک ذیلی ادارہ ہے جو برطانیہ میں قائم کی گئی تھی۔
18. ایس ای سی پی کی جانب سے گزشتہ برس جاری کیے گئے نظر ثانی شدہ آڈیٹنگ کے معیارات کے نفاذ کے بعد آڈیٹرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ آڈٹ کے اہم معاملات کا اپنی آڈیٹرز رپورٹ میں بیان کریں۔ یہ اہم آڈٹ معاملات ان مالیاتی گوشواروں کے صفحہ نمبر 56 پر بیان کیے گئے ہیں۔
19. 31 دسمبر 2019ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے مالیاتی گوشواروں کے اعداد و شمار کا کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز کی جانب سے آڈٹ کیا جا چکا ہے۔
20. بورڈ نے بورڈ آڈٹ کمیٹی کی ہدایت پر دسمبر 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کے لیے ایم / ایس ای وائے فورڈ روڈز کو بطور ایکسٹرنل آڈیٹر برقرار رکھنے کی سفارش کی ہے۔
21. ڈائریکٹرز، سی ای او، سی ایف او، کمپنی کے سیکریٹری، انٹرنل آڈٹ کے سربراہ، دیگر ملازمین اور ان کے زوجین، اور نابالغ بچوں کی کمپنی کے حصص (شیئرز) میں تجارت کی تفصیل صفحہ 115 پر درج کی گئی ہے۔
22. مالی سال کے دوران کمپنی کی اختیار کردہ کارپوریٹ سماجی ذمہ داری اور دیگر سرگرمیاں صفحہ نمبر 46 تا 49 پر ظاہر کی گئی ہیں۔

جذبے، مستقل معاونت اور کمپنی پر اعتماد کے لیے ہم اپنے شیئر ہولڈرز، کسٹمرز، عملے اور دیگر فریقوں کے شکر گزار ہیں، اور ہم پاکستان کی سب سے بڑی انرجی کمپنی بننے کا اپنا سفر جاری رکھیں گے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

رفیع ایچ بشیر	ہارون راشد
چیئرپرسن	چیف ایگزیکٹو

کراچی: 4 مارچ 2019ء

ویڈیو کانفرنس کے ذریعے ہونے والی
سالانہ جنرل میٹنگ
کا نوٹس

اطلاع دی جاتی ہے کہ شیل پاکستان لمیٹڈ کی 51 ویں سالانہ جنرل میٹنگ (اے جی ایم) بدھ، 20 مئی، 2020ء کی صبح ساڑھے دس بجے ہوگی، جس میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے مندرجہ ذیل امور پر بات کی جائے گی:

1. 31 دسمبر 2019ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ کھاتوں کے ساتھ ڈائریکٹران اور آڈیٹرز رپورٹ کی وصولی، غور وفکر کے بعد اسے اختیار کرتے ہوئے منظوری

2. یکم جنوری تا 31 دسمبر 2020ء کے مالی سال لیے آڈیٹرز کی تعیناتی اور ان کے معاوضے کا تعین

3. کمپنیز ایکٹ 2017ء کے مطابق 13 جون 2020ء سے شروع ہونے والے اگلے تین برسوں کی مدت کے لیے 10 ڈائریکٹرز کا انتخاب

ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام یہ ہیں:

جناب رفیع ایچ بشیر
جناب پرویز غیاث
جناب بصر این ایس جعفر
جناب بدرالدین فتح علی ویلانی
محترمہ مدیحہ خالد
محترمہ ناز خان
جناب جان کنگ چونگ لُو
جناب ہارون راشد
جناب فیصل وحید
جناب وقار صدیقی

ایگزیکٹو ڈائریکٹرز، جو کمپنی کے فُل ٹائم ورکنگ ڈائریکٹرز ہیں، کو اختیار دینا کہ کمپنی کے ایگزیکٹوز کی حیثیت سے اپنے عہدے سنبھالیں۔

بورڈ کے حکم پر

کراچی: 27 اپریل 2020ء

لالہ رخ حسین شیخ
سیکریٹری

شیل ہاؤس
6، چوہدری خلیق الزماں روڈ
کراچی۔ 75530

نوٹس:

(i) بدھ 6 مئی 2020ء تا بدھ 20 مئی 2020ء (اس میں دونوں دن شامل ہیں) تک اراکین کا رجسٹر بند رہے گا۔ سالانہ جنرل میٹنگ میں شرکت کے مقصد سے 5 مئی 2020ء سے قبل جو ٹرانسفرز ہمارے شیئر رجسٹرار آفس، فیمکو (FAMCO) ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-ایف، متصل ہوٹل فاران ، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل کراچی-75400 پر موصول ہوں گے انھیں اجلاس میں شرکت اور منافع منقسمہ (dividend) کی ادائیگی کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

(ii) فزیکل شیئرز کے حامل اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ ان کے پتوں (addresses) میں کسی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار فیمکو (FAMCO) ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-ایف، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل کراچی-75400 پر مطلع کیجیے۔

(iii) میٹنگ میں شریک ہونے کے لیے اراکین کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنا نام، فولیو نمبر، درست ای میل ایڈریس، اور شیئرز کی تعداد کو ذیل کے پتے پر ای میل کردیں۔ SHELLPK-AGM2020@shell.com ، جبکہ ای میل کا سبجیکٹ یہ ہوگا۔"Registration for SPL's AGM"

(iv) صرف انھی اراکین / نمائندوں کو وڈیو لنک اور لاگ ان کی معلومات فراہم کی جائیں گی جن کی ای میلز درکار کوائف کے ساتھ دیے گئے پتے پر 18 مئی 2020ء تک / سے قبل موصول ہوجائیں گی۔ شیئر ہولڈرز اے جی ایم کے ایجنڈے سے متعلق اپنی رائے اور سوالات کا اظہار اس ای میل ایڈریس پر کرسکتے ہیں:
SHELLPK-AGM2020@ shell.com

(v) اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ دینے کا اختیار رکھنے والے رکن کو اجلاس میں شرکت، پول طلب کرنے یا کسی طلب کی ہوئی پول میں شرکت کرنے اور اس کی جگہ مخاطب ہونے اور ووٹ دینے کے لیے کسی کو بطور نمائندہ تعینات کرنے کا حق حاصل ہوگا؛ اور متعین کردہ نمائندے کو اجلاس میں شرکت، مخاطب ہونے اور ووٹ دینے کے حقوق اسی طرح حاصل ہوں گے جیسا کہ خود رکن کو دستیاب ہیں۔ نمائندوں کے نفاذ کے لیے ان کے نام رجسٹرڈ آفس کو اجلاس سے 48 گھنٹے پہلے موصول ہونا ضروری ہیں۔ شیئر ہولڈر کی جانب سے نمائندے کا ای میل ایڈریس اور متعلقہ معلومات (حسبِ ذیل) کے ساتھ نمائندے کو مجاز بنانے کے لیٹر کی دستخط شدہ اسکین شدہ نقل کے ذریعے بھی نمائندے کو متعین کیا جاسکتا ہے، جسے SHELLPK-AGM2020@shell.com پر ای میل کیا جائے گا۔ نمائندے کے لیے کمپنی کا رکن ہونا ضروری نہیں۔

(vi) اراکین یا ان کے نمائندوں کے لیے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے سالانہ عام اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے شرکت کی شناخت (ID) اور اکاؤنٹ نمبر (نمبروں) کے ساتھ اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ضروری ہے۔

(vii) اراکین کو بھیجے جانے والے اجلاس کے نوٹس کے ساتھ نمائندے کا (پراکسی) فارم بھی منسلک ہے۔

(viii) 31 دسمبر 2019ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ کھاتے اور سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کردی گئی ہے۔

(ix) اراکین کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ ایس 145-143 کی شرائط اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ضوابط 2018ء کے مطابق ای ووٹنگ کا حق استعمال کرسکتے ہیں۔

(x) کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹرز کے الیکشن میں شامل ہونا چاہتا ہے وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159 (3) کے مطابق ڈائریکٹرز کا الیکشن لڑنے کے لیے اس میٹنگ کی مذکورہ تاریخ سے چودہ دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں خود کو نامزد کرنے کے لیے درج ذیل دستاویزات کے ساتھ کمپنی کے پاس فائل کرے گا:

(اے) کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 167 (1) کے تحت درکار فارم 28 میں بطور ڈائریکٹر اقرار نامہ

(بی) ایس آر او 634 (1) 2014 برائے 10 جولائی 2014ء کے مطابق الیکشن کی تاریخ سے 7 دن قبل کمپنی کی ویب سائٹ پر لگانے کے لیے آفس ایڈریس کے ساتھ تفصیلی پروفائل، اور

(سی) کسی فہرستی کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کے لیے فہرستی کمپنیز (ضابطہ کارپوریٹ نظم ونسق) ضوابط، 2019ء اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کے تقاضوں پر عمل درآمد کا اقرار نامہ۔

مادی حقائق کا بیان

ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کی جانب سے عہدے سے استفادے کا اختیار

جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 171 (1)(سی) (i) کا تقاضا ہے، عمومی اجلاس میں ممبران ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کو عہدہ سنبھالنے کی منظوری دیں گے۔ اس مقصد کے لیے یہ تجویز کیا گیا ہے کہ مندرجہ ذیل قرارداد کو عام قرارداد کے طور پر زیرِ غور لایا جائے اور اسے منظور کیا جائے:

فیصلہ کیا گیا ہے کہ کمپنی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز (بشمول متبادل ڈائریکٹرز) کمپنی کے ذمہ داران کی حیثیت سے اپنے متعلقہ خدمات کے معاہدوں کے تحت اپنے عہدے سے استفادے کا اختیار رکھتے ہیں اور یہ کہ انھیں ان کے متعلقہ معاہدوں اور کمپنی کے قابلِ اطلاق ملازمتی قواعد کے تحت ہونے والے فوائد کی اجازت دی جاسکتی ہے۔

یہ بھی فیصلہ کیا گیا ہے کہ مذکورہ بالا عہدوں میں سے کسی کے بھی خالی ہونے کی صورت میں، اس کے تحت دی گئی منظوری اس طرح کی آسامی کو پُر کرنے کے لیے مقرر کسی دوسرے فرد پر بھی اتنی ہی لاگو ہوگی۔

کمپلائنس کا بیان

فہرستی کمپنیز (کارپوریٹ نظم و نسق کے ضابطے) کے ساتھ
ضوابط 2019ء (ضوابط)

31 دسمبر 2019ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی)

کمپنی درج ذیل انداز میں ضوابط کے تقاضوں کی تعمیل کر چکی ہے:

- ڈائریکٹران کی مجموعی تعداد 10 ہے جو حسبِ ذیل ہے:

الف) مرد: آٹھ (8)
ب) خواتین: دو (2)

- بورڈ کی ہیئتِ ترکیبی درج ذیل ہے:

زمرہ	نام
خود مختار ڈائریکٹر	پرویز غیاث ناز خان
ایگزیکٹو ڈائریکٹر	ہارون راشد مدیحہ خالد فیصل وحید
نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر	رفیع ایچ بشیر نصر این ایس جعفر کلاس منٹل وقار صدیقی بدرالدین ایف ویلانی
خواتین ڈائریکٹرز	مدیحہ خالد ناز خان

- ڈائریکٹرز نے تصدیق کی ہے کہ ان میں سے کوئی بھی، بشمول اس کمپنی کے، سات سے زائد کمپنیز میں بطور ڈائریکٹر خدمات انجام نہیں دے رہا ہے؛

- کمپنی نے ایک ضابطہ اخلاق تیار کیا ہے اور اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ اس کی معاون پالیسیوں اور طریقہ کار کے ساتھ ساتھ اس ضابطہ اخلاق کی پوری کمپنی میں ترویج کے لیے مناسب اقدامات کیے گئے ہیں؛

- بورڈ نے ایک نصب العین / مشن کا بیان، مجموعی کارپوریٹ حکمتِ عملی اور کمپنی کی اہم پالیسیاں وضع کی ہیں۔ بورڈ نے یقین دہانی کروائی ہے کہ اہم پالیسیوں کی منظوری کی تاریخ یا اپ ڈیٹ سمیت معلومات کا مکمل ریکارڈ کمپنی کے پاس برقرار ہے؛

- بورڈ کے تمام اختیارات کو قانونی طور پر استعمال کیا گیا ہے اور بورڈ / شیئر ہولڈرز کی جانب سے متعلقہ امور کے بارے میں اسی طرح فیصلے لیے گئے ہیں جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017ء(ایکٹ) کی متعلقہ دفعات اور ان ضوابط کے ذریعے تفویض کیا گیا تھا؛

- بورڈ کی میٹنگز کی سربراہی چیئرمین نے اور ان کی غیر موجودگی میں بورڈ کی جانب سے اس مقصد کے لیے منتخب کردہ ڈائریکٹر نے کی۔ بورڈ نے بورڈ کی میٹنگوں کی تعداد، ریکارڈنگ اور میٹنگ کے منٹس کے ضمن میں ایکٹ اور قواعد وضوابط کی تعمیل کی ہے؛

- ڈائریکٹرز کے معاوضے کے لیے بورڈ کے پاس ایکٹ اور ضابطے کے مطابق باقاعدہ پالیسی اور شفاف طریقہ کار موجود ہے۔

- بورڈ دس (10) ڈائریکٹرز پر مشتمل ہے، جن میں سے درج ذیل سات (7) ڈائریکٹرز ٹریننگ پروگرام کے تحت سند یافتہ ہیں:
  - رفیع ایچ بشیر
  - ہارون راشد
  - پرویز غیاث
  - نصر این ایس جعفر
  - ناز خان
  - بدرالدین ایف ویلانی
  - فیصل وحید

- بورڈ نے چیف فنانشل آفیسر، کمپنی سکریٹری اور اندرونی آڈٹ کے سربراہ کی تقرری کی منظوری دے دی ہے جس میں ان کے معاوضے اور ملازمت کی شرائط وضوابط شامل ہیں اور ضابطے کے متعلقہ تقاضوں کی تعمیل کی گئی ہے؛

- چیف ایگزیکٹو آفیسر اور چیف مالیاتی افسر نے بورڈ کی منظوری سے قبل کمپنی کے مالی بیانات کی قانونی طور پر تائید کی؛

- بورڈ نے ذیل میں دیے گئے ارکان پر مشتمل کمیٹیاں تشکیل دی ہیں:

آڈٹ کمیٹی

ناز خان (چیئرپرسن)
رفیع ایچ بشیر
بدرالدین ایف ویلانی

کمیٹی برائے افرادی وسائل ومعاوضے

جناب پرویز غیاث (چیئرپرسن)
جناب ہارون رشید
جناب کلاس منٹل

- مذکورہ کمیٹیوں کے حوالے سے شرائط وضوابط کی تشکیل، دستاویزات بندی کرلی گئی ہے اور کمیٹی کو عمل درآمد کی ہدایت کردی گئی ہے؛

- کمیٹی کے اجلاسوں کی تعداد (سہ ماہی / ششماہی / سالانہ) مندرجہ ذیل تھیں:

1۔ آڈٹ کمیٹی: دورانِ سال چار (4) میٹنگوں کا انعقاد کیا گیا۔

2۔ کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے: دورانِ سال دو (2) میٹنگوں کا انعقاد کیا گیا۔

- بورڈ نے داخلی آڈٹ کے عمل کے لیے بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی کو آؤٹ سورس کیا ہے جو اس مقصد کے لیے مناسب طور پر اہل اور تجربہ کار سمجھے جاتے ہیں اور کمپنی کی پالیسیوں اور طریقہ کار کے ساتھ متفق ہیں؛

- کمپنی کے قانونی آڈیٹرز نے تصدیق کی ہے کہ انھیں انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان کے کوالٹی کنٹرول ریویو پروگرام کے تحت اطمینان بخش ریٹنگ دی گئی ہے اور ان کا آڈٹ اوور سائٹ بورڈ آف پاکستان کے ساتھ اندراج کیا گیا ہے، کہ وہ اور ان کے تمام ضابطہ اخلاق کے بارے میں پارٹنرز انٹرنیشنل فیڈریشن آف اکاؤنٹنٹس (آئی ایف اے سی) کی ہدایات کی تعمیل کرتے ہیں جیسا کہ ادارہ برائے چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان نے اختیار کی ہیں، اور یہ کہ اس فرم کے آڈٹ میں شریک پارٹنرز میں سے کوئی بھی کوئی چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر، داخلی آڈٹ کے سربراہ، کمپنی سکریٹری یا کمپنی کے ڈائریکٹر کا قریبی رشتہ دار (شریک حیات، والدین، زیرِ کفالت اور غیر زیر کفالت اولاد) نہیں ہے؛

- قانونی آڈیٹرز یا ان سے وابستہ افراد کی تعیناتی ایکٹ، اس کے ضوابط یا کسی اور ضوابطی تقاضے کے مطابق توقع کی جانے والی خدمات کی فراہمی کے علاوہ کسی اور کام کے لیے نہیں کی گئی ہے، اور آڈیٹرز نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ انھوں نے اس ضمن میں آئی ایف اے سی کے رہنما اصولوں کا مشاہدہ کیا ہے؛

- ہم تصدیق کرتے ہیں کہ ضوابط کے دیگر تمام تقاضوں پر عمل کیا گیا ہے۔

رفیع ایچ بشیر

چیئرپرسن

تاریخ: 4مارچ2020ء

غیر جانب دار آڈیٹرز کے جائزے کی رپورٹ

شیل پاکستان لمیٹڈ کے ارکان کے لیے

فہرستی کمپنیز (ضابطہ برائے کارپوریٹ نظم ونسق) کے ضوابط 2019ء میں موجود کمپلائنس کے بیانات پر جائزہ رپورٹ

ہم نے 31 دسمبر 2019ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے فہرستی کمپنیز (ضابطہ برائے کارپوریٹ نظم ونسق) کے ضوابط 2019ء (جنھیں اب سے 'ضوابط' کہا جائے گا) کے ضابطے 36 کی ضروریات کے مطابق ضوابط اور ان کے ساتھ منسلک شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تیار کردہ کمپلائنس کے بیان کا جائزہ لیا ہے۔

ضابطے کی تعمیل کی ذمہ داری کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ہے۔ ہماری ذمہ داری اس بات کا جائزہ لینا ہے کہ کیا کمپلائنس کا بیان ضوابط کی شرائط کے ساتھ کمپنی کے کمپلائنس کی صورتِ حال کی عکاسی کرتا ہے اور اگر اس کی تعمیل نہیں ہوتی تو اس کی اطلاع دینا اور ضوابط کی شرائط کی عدم تعمیل پر روشنی ڈالنا ہے۔ ایک جائزہ بنیادی طور پر کمپنی کے ملازمین سے پوچھ گچھ اور قواعد وضوابط کی تعمیل کے لیے کمپنی کی تیار کردہ مختلف دستاویزات کے جائزے تک محدود ہے۔

مالیاتی بیانات کے ہمارے آڈٹ کے ایک حصے کے طور پر، ہمیں آڈٹ کی منصوبہ بندی اور آڈٹ کی مؤثر انداز میں تیاری کے لیے اکاؤنٹنگ اور اندرونی کنٹرول سسٹم کے بارے میں تفہیم حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں یہ سمجھنے کی ضرورت نہیں کہ داخلی کنٹرول سے متعلق بورڈ آف ڈائریکٹرز کا بیان تمام خطرات اور کنٹرول کا احاطہ کرتا ہے یا ان داخلی کنٹرولز، کمپنی کے کارپوریٹ نظم ونسق کے طریقہ کار اور خطرات کے بارے میں رائے قائم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

قواعد وضوابط کے تحت کمپنی کو اپنے متعلقہ فریق کے ساتھ لین دین کو آڈٹ کمیٹی کے سامنے رکھنا ہوگا، اور آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر، جائزے اور منظوری کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر ہمیں صرف متعلقہ فریق کے ساتھ لین دین کی بورڈ آف ڈائریکٹرز سے منظوری کی حد تک اس شرط کی تعمیل کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔ ہم نے متعلقہ فریقوں کی نشاندہی کے لیے کمپنی کے پراسس کا جائزہ لینے اور اس کا تعین کرنے کے لیے طریقہ کار انجام نہیں دیا ہے اور یہ کہ کیا متعلقہ فریق سے یہ لین دین اوپن مارکیٹ کی قیمت پر ہوا تھا یا نہیں۔

ہم نے اپنے جائزے کی بنیاد پر یہ سمجھتے ہیں کہ، ہماری توجہ میں ایسا کچھ بھی نہیں آیا ہے جس کی وجہ سے ہمیں یقین ہوتا کہ کمپلائنس کا بیان کمپنی کے کمپلائنس کی مناسب طور پر عکاسی نہیں کرتا ہے، نیز ضوابط میں موجود تقاضے، تمام مادی اعتبار سے، 31 دسمبر 2019ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی میں لاگو ہیں۔

EY Ford Rhodes

چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس

مقام: کراچی

تاریخ:

ہماری کارکردگی

ہماری عادت

مطابقت پیدا کرنا

آنے والے کئی عشروں تک صارفین کو آئل اور گیس کی ضرورت ہوگی، تاہم جیسے ہی توانائی کا نظام تبدیل ہوا، ہمارے صارفین کی ضروریات بھی بدل جائیں گی۔ شیل دنیا کی ضروریات کے لیے آئل اور گیس کی فراہمی جاری رکھے گا، لیکن کمپنی معاشرے کے ساتھ قدم بڑھائے گی۔ ہمارے صارفین کی خدمت کے لیے ہماری کاروباری جدت طرازی کے استعمال، ہمارے اشتراک اور تکنیکی کامیابی کا ہمارا ماضی آنے والے عشروں میں ہماری مطابقت پیدا کرنے اور کامیابی کی اہلیت کا ثبوت ہے۔

اور ہماری کمپنی کا مقصد اس تبدیلی کے وقت سے ہم آہنگ ہے : انرجی کے زیادہ اور شفاف سولیوشنز کی فراہمی سے ترقی کی جانب سفر۔ اس کا مطلب ہے بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے زیادہ انرجی اور ماحولیاتی تبدیلی اور آلودگی سے نمٹنے میں مدد کے لیے شفاف توانائی۔

شیل ریٹیل

شیل پاکستان کا ریٹیل نیٹ ورک ملک بھر میں واقع 760 سائٹوں پر مشتمل ہے، جو ہمارے صارفین کو اعلیٰ معیار کی مصنوعات اور خدمات کی فراہمی فراہم کرتی ہیں۔ فیول کی وسیع اقسام، جیسے سپر ان لیڈڈ اور ڈیزل کی پیش کش کے علاوہ، جدید پریمیم فیولز، جیسے ڈائنا فلیکس ٹیکنالوجی کے ساتھ شیل وی پاور، اور اعلیٰ معیار کی لبریکینٹ مصنوعات کے ساتھ، ہماری ریٹیل سائٹیں نان فیولز ریٹیلنگ سہولتیں بھی فراہم کرتی ہیں جو ہمارے صارفین کے لیے بہت آسانی لاتی ہیں۔

ہماری ریٹیل سائٹس پر دلچسپ آفرز

ہمارے صارفین کے ساتھ ہمارے رابطے کے سفر میں ہم نے برانڈ کی زبردست کمپینز کا آغاز کیا۔ "شیل ہیلکس فری فیول" اور "محبت آپ کو جہانوں کی سیر کرواتی ہے (Love Takes You Palces)"، جو ہماری پریمیم مصنوعات کی رسائی بڑھانے؛ اور ویزا کے اشتراک سے، ہمارے صارفین کے لیے ادائیگی کے نئے سولیشنز کی فراہمی پر مرکوز تھیں۔ ان کمپینز اور پروموشنز کے ذریعے ہمارے صارفین نے پیرس کا مفت ٹرپ جیتا اور لگژری کار جیتنے کا موقع اور متعدد دیگر زبردست انعامات جیتے۔

کنوینئنس اسٹورز کی ایک مضبوط بنیاد کی تعمیر

ایک عالمی برانڈ منتخب کریں، جو دنیا بھر کے 25 سے زیادہ ممالک میں موجود ہے۔ 1994 میں، پاکستان نے اپنے پہلے سلیکٹ اسٹور کا آغاز کیا؛ تب سے اب تک اپنے قابل قدر صارفین کی خدمت کے لیے ہم ملک بھر میں اپنے اسٹورز کی تعداد کو بڑھا کر 130 اسٹورز پر لے گئے ہیں۔ ہم اپنے سلیکٹ اسٹورز پر جگہ کے مؤثر استعمال پر مبنی ریٹیلنگ کے لیے سرمایہ کاری جاری رکھتے ہوئے مخصوص جگہ میں زیادہ سے زیادہ مصنوعات اور خدمات کی پیش کش کو ممکن بنا رہے ہیں۔

ہمارے صارفین کے لیے مجموعی طور پر سلیکٹ کی قدر میں اضافے کے لیے، شیل پاکستان بلند مانگ والی اشیائے صرف کے کاروبار میں نمایاں شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے تاکہ ہمارے صارفین کے لیے سلیکٹ اسٹورز پر اعلیٰ معیار کے برانڈ لائے جا سکیں۔ ہم نے اپنے شراکت داروں، کے ذریعے پورے پاکستان میں سلیکٹ برانڈ آفر کو اپ گریڈ کیا ہے، جس میں آئس کریم کے لیے یونی لیور، خستہ اشیا (crisps) کے لیے پیپسیکو (Pepsico) اور کیلوگ، مشروبات کے لیے کوکا کولا اور ریڈ بل اور تمباکو کی مصنوعات کے لیے برطانوی امریکن تمباکو کی پراڈکٹس شامل ہیں۔ ہم نے شیل پاکستان کی ریٹیل سائٹوں پر آنے والے صارفین کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بیکری سامان، کافی اور جوس کے لیے کامیابی کے لیے شراکت داروں کے ساتھ معاہدہ کیا ہے۔

ریٹیل کے محفوظ آپریشنز چلانا

شیل پاکستان نے اپنے صارفین، عملے اور کمیونٹیز کی بہتری کے لیے، اپنے اسٹیشنوں پر محفوظ آپریشنز چلانے کے لیے ہمہ وقت خصوصی توجہ مرکوز رکھی

ہے۔ یہ ہمارے سروس چیمپئنز کی تربیت میں سرمایہ کاری جاری رکھے ہوئے ہے۔ دوران سال، ہم نے اپنے سروس چیمپئنز کا مشاہدہ کیا ہے، اور وہ حاضر دماغی کے ساتھ ہنگامی صورت حال کے وقت فور کورٹ پر بہترین ہنگامی رد عمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے محفوظ آپریشنز میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

ہمارے سروس چیمپئنز شیل پاکستان کے مختلف مقامات پر یکساں معیاری خدمات کو بنانے کے لیے ایک تفصیلی تربیتی پروگرام سے گزرتے ہیں؛ جو انھیں تکنیکی معلومات اور صارف کے خیر مقدم اور انھیں مسرور کرنے کی مہارت فراہم کرتا ہے۔

"صارف کی آواز" کو سننا

شیل پاکستان ڈیجیٹائزیشن میں سرمایہ کاری کر کے فور کورٹ پر اپنے صارفین کے تجربے کو بہتر بنانے کی طرف راغب ہے۔ ہم نے کامیابی سے "صارف کی آواز" کا آغاز کیا - ایک عالمی پروگرام جسے فور کورٹ پر صارفین کے تاثرات کو براہ راست اکٹھا کرنے اور اسے قابل عمل بصیرت میں منتقل کرنے کے لیے وضع کیا گیا ہے، جو ہمارے صارفین کے لیے اہمیت کا حامل ہے۔ اس سے ہمارے صارفین کے مجموعی اطمینان کی پیمائش اور ان کے تجربے کو بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔ پاکستان بھر میں مختلف سائٹوں پر 'صارف کی آواز' کا آغاز کیا گیا ہے، اس عزم کے ساتھ کہ آئندہ برسوں میں اسے ہر فور کورٹ تک پھیلانا ہے۔

شیل لبریکینٹس

شیل لبریکینٹس نے تیار شدہ لبریکینٹس کے نمایاں عالمی سپلائر کی حیثیت سے مسلسل 13 برس تک کامیابیاں رقم کی ہیں۔ یہ تنظیم کے اپنے صارفین کو اولیت دیتے ہوئے ان کے صارفی تجربے کو مسلسل بہتر بنانے اور جدید ٹیکنالوجی، برانڈ اور مارکیٹنگ میں فضیلت پر سرمایہ کاری کرنے کی وجہ سے ہوا ہے۔

کاروباری کارکردگی

دشوار معاشی پس منظر کے باوجود، لبریکینٹس کے کاروبار نے صارفی اور صنعتی کاروبار میں اپنے مارکیٹ شیئر کو برقرار رکھا۔ اپنے صارفین سے رابطہ قائم کرنے اور معیاری مصنوعات کو مارکیٹ میں لانے کی ہماری کوششوں سے، ہم نے اپنے ٹاپ صارف برانڈز، کے ترجیحی برانڈ شیئر میں اضافہ حاصل کیا، جس میں موٹرسٹ میں ہیلکس 32 فیصد، ٹرکوں میں ریمولا 30 فیصد اور بائیکرز میں ایڈوانس 27 فیصد کے ساتھ موجود ہے۔

صارفین کو قدر فراہم کرنے کے لیے، شیل پاکستان نے ہنڈائی نشاط کے ساتھ شراکت داری کا آغاز کیا۔ شیل اور ہنڈائی کے مابین اس عالمی شراکت کو پاکستان لانے سے، شیل پاکستان ہنڈائی کے صارفین کو اپنی گاڑیوں کے لیے فیولز، لبریکینٹس اور شیل کارڈ میں ترجیحی شراکت دار کے طور پر، خصوصی بعد از فروخت (aftermarket) خدمات فراہم کرے گا۔

لبریکینٹس کاروبار نے پاکستان کی انتہائی قابل اعتماد ویب سائٹوں کے ساتھ بھی تعاون شروع کیا ہے، تاکہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعے متعلقہ معلومات کو ٹارگٹڈ سامعین تک پھیلاتے ہوئے اپنے آن لائن وزیٹر میں شامل کیا جاسکے۔ شیل پاکستان نے لبریکینٹس صارفین کو مستند اور متعلقہ معلومات کی پیش کش کرنے والا ایک جامع گیٹ وے فراہم کرنے کے لیے پاک وہیل کے ساتھ شراکت کی ہے۔

شیل ایڈوانس

شیل ایڈوانس سے متاثر کرنے اور اس کے استعمال کی حوصلہ افزائی کے حوالے سے شیل ایڈوانس نے اپنے بائیکر صارفین کے لیے ملک بھر میں "ناممکن سے آگے" کی پروموشن کا آغاز کیا۔ صارفین نے پیکس پر ڈسکاؤنٹ اور ہارلی ڈیوڈسن ہیوی بائک اور 125 سی سی موٹر سائیکلوں کو جیتنے کا ایک دلچسپ موقع حاصل کیا۔ جیتنے والے ڈسٹری بیوٹر پارٹنرز کو بھی انعامات پیش کیے گئے جنھوں نے اس پروموشن کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔

شیل ایڈوانس نے سماجی مقصد کو فروغ دینے اور شہریوں کی فلاح و بہبود کے لیے پاکستان میں کام کرنے والی مختلف این جی اوز کے ضمن میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے بائیکرز کے ایک مشہور کلب 'رائڈ پاکستان' کے ساتھ شراکت کی۔

شیل ہیلکس

شیل ہیلکس نے شیل ہیلکس ایچ ایکس 6 کا کامیابی سے افتتاح کیا، جو سنتھیٹک ٹیکنالوجی کے ساتھ تیار کیا گیا ہے، جو کیچڑ اور فرسودگی (wear) سے بچانے میں مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ پسنجر کار کے زمرے کے لیے، ہم معدنیات پر مبنی ہیلکس ایچ ایکس 5 کو سستی قیمت پر سنتھیٹک گریڈ ایچ ایکس 6 پر کامیابی کے ساتھ منتقل کرنے میں کامیاب رہے۔

شیل ریمولا

اپنی ٹرک والی کمیونٹی کی سوچ اور ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے، ہم نے کفایت اور استعمال میں آسانی کو یقینی بنانے کے لیے شیل ریمولا کی 20 لٹر کی بالٹیاں متعارف کروائیں۔ یہ خاص طور پر 18 وھیلر گاڑیوں اور لانگ ہاؤلر چلانے والوں کے مالک اور ڈرائیور کے لیے ایک انوکھی پیش کش ہے جہاں ان کے لے جانے اور ذخیرہ کرنے کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اوسط سمپ سائز 14 تا 20 لٹر کے درمیان ہے۔ ہم شیل ریمولا کی کسان برادری سے منسلک ہوئے ہیں، جو "واٹ میٹرز انسائیڈ" کی مارکیٹنگ کمپین کے ذریعے، ہر خطے کے لیے تیار کی گئی ہے۔

شیل ایوی ایشن

شیل ایوی ایشن ہوابازی کے فیولز، لبریکینٹس اور تکنیکی خدمات کا ایک عالمی سپلائر ہے، جو ہوابازی کے تمام حصوں میں صارفین کی خدمت کر رہا ہے۔ 100 سے زیادہ برسوں میں، اس نے 60 ممالک میں موجودگی کے ساتھ ہر 14 سیکنڈ میں ہوائی جہاز کی ری فیولنگ کرتے ہوئے، عالمی معیار کی سیفٹی اور آپریشنز اور سپلائی سیکیورٹی فراہم کرنے والے ایک قابل اعتماد ساتھی کے طور پر اپنی ساکھ قائم کی ہے۔

پاکستان میں شیل ایوی ایشن

پاکستان میں شیل ایوی ایشن کی تاریخ 1932ء سے شروع ہوتی ہے، جب برما شیل کو برصغیر پاک وہند میں پہلی ایئر میل کی افتتاحی پرواز کی ری فیولنگ کا اعزاز حاصل تھا۔ اپنے قیام کے بعد سے اب تک اس نے، کراچی سمیت ملک کے چار اہم ہوائی اڈوں پر جیٹ فیول اور ہوائی جہازوں کی ری فیولنگ کی خدمات فراہم کرتے ہوئے اپنے آپ کو پاکستان کی ہوابازی کی صنعت میں ایک اہم فریق ثابت کیا ہے۔ کاروبار پاکستان میں ٹربائن انجن آئل، پسٹن انجن آئل، فلوڈز اور گریس سمیت اعلیٰ معیار کے ایرو شیل لبریکینٹس کا پورٹ فولیو بھی پیش کرتا ہے۔ پاکستان میں شیل ایوی ایشن کی کامیابی کی وجہ عالمی مہارت اور مقامی تجربہ ہے، جو ہم پیش کرتے ہیں۔ فروخت، فراہمی اور آپریشن ماہرین کی ایک ٹیم، جو مقامی مارکیٹ کی خدمت کے لیے وقف ہے، تک براہ راست رسائی کے ساتھ صنعت کے اسٹیک ہولڈرز اور صارفین بہترین ایجادات اور فیول کی سیفٹی اور آپریشنز میں مسلسل جدت سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔

2019ء کی جھلکیاں

25 سے زائد ملکی اور بین الاقوامی صارفین کے ساتھ، ہم نے ملک میں دوسری بڑی جیٹ فیول سپلائر کے طور پر بہتر کارکردگی جاری رکھی۔ سیفٹی پر اپنی توجہ جاری رکھتے ہوئے شیل ایوی ایشن نے پاکستان میں ہماری ایئرپورٹ سائٹس پر سیفٹی کا مضبوط ریکارڈ برقرار رکھا۔ گول زیرو کے حصول کے لیے ہمارا عزم ایک ایسا سفر ہے جو ان ممالک، جہاں ہم کام کرتے ہیں، میں مستقل بہتری اور باہمی تعاون کے ذریعے آپریشنل فضیلت کے حصول میں ہماری ساکھ پر قائم ہے۔ ہم دوران سال مختلف انفراسٹرکچرل اور آپریشنل اپ گریڈیشن پروجیکٹس کے ذریعے اپنی تمام سائٹس پر بین الاقوامی معیار کو برقرار رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ 2019ء کے دوران، ہم نے ان ہوائی اڈوں پر انفراسٹرکچر اپ گریڈ اور اثاثوں کی سالمیت کے بڑے منصوبوں میں سرمایہ کاری کی ہے، جن پر ہم کام کرتے ہیں۔ ہم نے کام کرنے کے لیے ای پرمٹ کو متعارف کرایا، جو کام کا محفوظ ماحول پیدا کرنے، معیار بندی اور وقت کی کفایت لانے کے لیے فرنٹ لائن کی موثر انداز میں معاونت کرتا ہے۔

ایچ ایس ایس ای کارکردگی

پاکستان میں ایچ ایس ایس ای

شیل پاکستان صحت، سیفٹی، سیکورٹی اور ماحول (ایچ ایس ایس ای) کے حوالے سے مربوط نقطہ نظر رکھتا ہے۔ ہمیں یقین رکھتے ہیں کہ ایک محفوظ کاروبار ہی بہتر کاروبار ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ محفوظ اور اخلاقی طریقے سے کاروبار کرنا، اور مقامی اور داخلی تحفظ کے معیارات کی تعمیل کرنا، ہمارے آپریٹ کرنے کے لائسنس اور مستقبل کی نمو کی حکمت عملی کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ اس کو پورا کرنے کے لیے، ہم اپنی سرگرمیوں میں سب سے زیادہ خطرات کے حامل سیفٹی کے تین شعبوں پر توجہ دیتے ہیں: ذاتی، عمل اور ٹرانسپورٹ کی سیفٹی۔

روڈ سیفٹی

گو کہ پاکستان میں موٹروے کا نظام تیزی سے پھیل رہا ہے، تاہم خطرناک ہائیڈروکاربنز کی بذریعہ سڑک منتقلی اب بھی بلند خطرہ ہے۔ 2019ء کے دوران، شیل پاکستان نے ٹیکنالوجی متعارف کروائی، جیسے ہمارے کانٹریکٹ میں شامل ٹینک لاریوں کے لیے الیکٹرانک بریکنگ سسٹمز، رول اوور سے بچاؤ کے آلات، تاکہ وہ محفوظ تر ہو جائیں۔ ہم نے اپنے فلیگ شپ پراجیکٹ 'پاسبان' کے ساتھ سڑک کے ذریعے نقل و حمل اور ڈرائیور کی حفاظت پر توجہ مرکوز کی، جس نے پورے ادارے میں ٹھوس اور غیر محسوس اقدامات کو آگے بڑھایا تاکہ ذہنیت کو تبدیل کرنے میں مدد ملے۔ 'پاسبان' کے ذریعے بہت سارے اہم سنگ میل حاصل کیے گئے، جن میں بیڑے اور ٹیکنالوجی کی جدت، ہمارے ٹرمینل اور ریٹیل انٹرفیس کی استعداد، روڈ ٹرانسپورٹ کے شراکت داروں کی اہلیت کی تعمیر، اور سیفٹی کی قیادت پر وسیع کام، نیز ہاؤلیر فلیٹ ڈرائیوروں کی دیکھ بھال اور احترام شامل ہیں۔ ہماری کوششوں کا مقصد پاکستان میں روڈ ٹرانسپورٹ کی اعلیٰ کارکردگی کی طرف رہنمائی ہے۔

ہنگامی ردعمل کی مشق

ہنگامی ردعمل کے طریقہ کار کی تیاری اور ان کو برقرار رکھنا ایک مضبوط سیفٹی کلچر کی تعمیر کا ایک اہم عنصر ہے۔ ہم ہنگامی ردعمل کے منصوبوں کو برقرار رکھنا جاری رکھے ہوئے ہیں، اور اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ فیول کے گرنے، لیک ہونے، آگ یا دھماکوں سے نمٹنے کے لیے ہمارے پاس ضروری وسائل موجود ہیں۔ ہم اپنے ہنگامی ردعمل کے منصوبوں کا جائزہ لیتے، مقامی خدمات اور انضباطی اداروں کے ساتھ سیفٹی مشقوں میں ان کی جانچ کرتے ہیں، جو حقیقی واقعہ پیش آنے پر مددگار ہوں گے۔ ہم آئی سی ایس (حادثے کا کمانڈ سسٹم) کا استعمال جاری رکھے ہوئے ہیں، جو ہنگامی ردعمل کے کمانڈ، کنٹرول اور ہم آہنگی کے لیے عالمی سطح پر معیاری طریقہ کار ہے۔ 2019ء میں، ہم نے مسلح افواج اور سرکاری ایجنسیوں کے ساتھ مل کر ہنگامی مشقیں کیں۔ ہماری ہاؤلیر اور روڈ ٹرانسپورٹ ٹیم نے بشمول تین میگا ڈرلز 200 سے زائد ہنگامی ریسپانس ڈرلز کیں، جن میں حکام، ریگولیٹرز اور دیگر صنعت کار شامل تھے۔

سیفٹی ڈے 2019ء

سیفٹی ڈے عالمی سطح پر شیل عملے اور کانٹریکٹرز دونوں کی حفاظت کے لیے اپنے عزم کی تصدیق کرنے اور ہمارے گول زیرو نصب العین کے حصول کے لیے ایک مرکوز کوشش کے طور پر منایا جاتا ہے۔ گول زیرو ایک مضبوط حفاظتی کلچر بنانے کے لیے شیل کے ارادے کا واضح بیانیہ ہے۔

ستائیس مارچ کو ملک بھر میں یوم سیفٹی کی تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ سیفٹی سے متعلق چھوٹی سرگرمیاں سیفٹی کی ذہنیت کو بڑھانے میں زیادہ موثر ثابت ہو سکتی ہیں۔ ہم نے ہر ایک کے لیے سیفٹی ڈے کو مرکزی حیثیت دی ہے، تمام ملازمین اور کانٹریکٹرز، ایک دوسرے کے ساتھ بطور ٹیم یک جا ہو کر اس حوالے سے بات چیت کرتے ہیں کہ وہ خود کو اور اور اپنے ساتھ کام کرنے والے دوسرے لوگوں کو کس طرح محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ ہماری ملاقات کے عنوانات معمول کے خطرے سے نمٹنے، الجھنوں کو دور کرنے، اور ان واقعات میں ملازمین، ڈسٹری بیوٹرز، ریٹیلرز، کانٹریکٹرز اور صارفین کی دیکھ بھال کا مظاہرہ کرنے سے متعلق غیر رسمی اور ایک لیڈر پر مبنی گفتگو پر مشتمل تھے۔

شیل پاکستان اپنے ملازمین، پارٹنرز، کانٹریکٹرز، اور کمیونٹیز کے حفاظتی سفر میں مدد کے لیے اپنے مختلف پروگراموں اور اقدامات کے ذریعے اندرونی اور بیرونی طور پر سیفٹی کی اہمیت کو اجاگر کرتا رہتا ہے۔

شیل صحت

شیل ہیلتھ پاکستان نے بڑے پیمانے پر شیل پاکستان پر دیکھ بھال کی ثقافت کو تقویت دینے پر توجہ دی۔ اس کا مقصد دیکھ بھال کے ایسے ماحول کا قیام ہے جو افراد، ٹیموں اور تنظیموں کو ان کی صلاحیتوں کو بھرپور طریقے سے بروئے کار لانے اور اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے قابل بناتے ہوئے انسانی کارکردگی میں اضافے کا سبب بن سکے۔ ملازمین کی جسمانی اور جذباتی تندرستی کو صحت کی اسکریننگ، معالج اور غذا سے متعلق مشوروں، اور ذہنی صحت سے متعلق انٹرایکٹو سیشن کے ذریعے فروغ دیا گیا۔

شیل ہیلتھ نے "اپنی اور دوسروں کی دیکھ بھال" پر ڈسٹری بیوٹرز کے ساتھ وابستہ ہو کر، کام کے لیے فٹنس، گرمی اور تھکن کے خطرات پر ہاؤلیر ڈرائیوروں کے ساتھ آگاہی کی تعمیر جیسے پروگرام انجام دینے کے لیے دوسرے شعبوں کے ساتھ اشتراک کیا۔

ہمارے لوگ

انتہائی مسابقتی اور جدید توانائی کی کمپنی بننے کے لیے، ہماری حکمت عملی کی فراہمی اور پیش رفت بڑھانے میں ہمارے لوگ مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔ توانائی کے ترقی پذیر منظر نامے میں مسابقتی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے لیے قابل اور بااختیار افراد کی ضرورت ہوتی ہے، جو مل جل کر شیل پاکستان میں محفوظ طریقے سے کام کریں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ باہمی تعاون کی ثقافت کے قیام سے ہم انسانی اختراع پسندی اور تخلیقی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ ہماری توجہ اس حکمت عملی کے مطابق لوگوں کی بھرتی، تربیت اور معاوضہ دینا ہے جس کا مقصد صحت مند مقابلے کی حوصلہ افزائی کرنا، پیداواری تنظیم کو برقرار رکھنا؛ ہمارے لوگوں کی ترقی کی رفتار کو بڑھانا، ہماری قائدانہ صلاحیتوں کو نمو اور تقویت بخشنا، اور مضبوط تعلق کے ذریعہ ملازمین کی کارکردگی میں اضافہ کرنا ہے۔

بلند کارکردگی والی افرادی قوت تخلیق کرنا

شیل اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی ثقافت کی تشکیل اور برقرار رکھنے کے لیے پر عزم ہے۔ اپنے لوگوں کو اہل بنانے کے لیے، ہم اپنے ملازمین کو ان کی شراکت کا معاوضہ دیتے ہوئے، انتہائی مصروفیت کے ذریعے ان کی تربیت اور معاونت پر توجہ دیتے ہیں۔ شیل کے ساتھ اپنے پورے کیریئر میں ہم آپریشنل کارکردگی، ان کی پیشہ ورانہ ترقی اور اپنی باٹم لائن کو بہتر بنانے کے لیے واضح، مرکوز اہداف طے کرتے ہیں۔ قاعدین کو اپنی ٹیم کی کارکردگی بڑھانے کے بارے میں مستقل مشاورت اور رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔

شیل پاکستان تجربہ کار پیشہ ور افراد اور گریجویٹس کے لیے بھرتی کی مؤثر حکمت عملی کے ذریعے اعلیٰ کارکردگی اور متنوع ہنر مندی کو تیار کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ ہمارے لوگوں کی ہماری حکمت عملی کے مطابق بھرتی، تربیت اور تشکیل کی جاتی ہے جو ہماری طویل مدتی کاروباری حکمت عملی کی معاونت اور زیادہ پائیدار طریقے سے زیادہ سے زیادہ توانائی فراہم کریں۔ 2019ء میں، ہماری زبردست ٹیلنٹ کی تلاش پورے پاکستان میں پھیل گئی۔ پاکستان بھر میں مختلف مقامات پر 30 سے زائد گریجویٹس اور تجربہ کار پیشہ ور افراد کی بھرتی کی گئی۔

بین الاقوامی ذمہ داریوں کے ذریعہ لوگوں کو تیار کرنے کے ایک حصے کے طور پر، شیل پاکستان نے 2019ء میں مختلف شیل ممالک میں ٹیلنٹ کی برآمد جاری رکھی۔ مزید برآں، ہم نے اپنے آن بورڈنگ اور انڈکشن پلان کو ری فریش کیا ہے اور شیل کے عالمی کیریئر پورٹل کو اپنے مقامی اطلاق کے عمل میں شامل کیا ہے۔ شیل پاکستان نے ریٹائرمنٹ کی 8 فیصد شرح کو برقرار رکھا، جو مارکیٹ کی اوسط شرح سے بھی کم ہے۔

متنوع اور جامع (ڈی اینڈ آئی) ماحول کا قیام اور پائیداری

لوگ ہی ہمارے کاروبار کو قائم رکھتے ہیں۔ ہماری کامیابی کا انحصار متنوع ٹیلنٹ کے حاملین کو راغب کرنے، تحریک دینے اور برقرار رکھنے کی ہماری صلاحیت پر منحصر ہے۔ ہم متنوع افرادی قوت اور ایک جامع ماحول کی خواہش رکھتے ہیں جو ہمارے تمام لوگوں کا احترام اور سپورٹ کرتا ہو اور ہماری کاروباری کارکردگی کو بہتر بنانے میں مدد کرتا ہو۔ ہماری ڈی اینڈ آئی اپروچ ٹیلنٹ کے حصول، ترقی اور برقراری، قیادت، جامع ثقافت اور ہماری بیرونی ساکھ کو ممتاز بنانے پر مرکوز ہے۔ ہمارے لیڈرز کا مقصد ڈی اینڈ آئی کے لیے رول ماڈل بننا اور مسلسل کامیابی کے لیے خود احتسابی اپنانا ہے۔ ہمارا ماننا ہے کہ جامع لیڈرز کی زیرِ قیادت متنوع ٹیمیں زیادہ مصروفِ عمل ہیں، اور اسی وجہ سے بہتر سیفٹی اور کاروباری کارکردگی فراہم کرتی ہیں۔ ڈی اینڈ آئی کو اپنے آپریشنز میں شامل کرکے، ہم اپنے ملازمین کی ضروریات کے ساتھ ساتھ پوری دنیا میں اپنے متنوع صارفین، پارٹنرز اور اسٹیک ہولڈرز کی ضروریات کو بہتر طور پر سمجھتے ہیں۔

شیل پاکستان میں ڈی اینڈ آئی کی صلاحیت اور آگاہی پیدا کرنے کے ہمارے سفر کے حصے کے طور پر، ہم نے سیکھنے کے مختلف سیشنوں میں 80 فیصد ملازمین کو شامل کیا ہے۔ متنوع افرادی قوت کو شامل کرنے کی ہماری کوششوں نے ایک نیا سنگ میل عبور کیا ہے کیونکہ ہماری کل بھرتیوں میں 55 فیصد خواتین تھیں۔

شیل پاکستان میں کام کرنے والی خواتین کی حوصلہ افزائی اور معاونتی پیشرفت کے کے لیے، پاکستان میں خواتین کے پہلے پیشہ ورنیٹ ورک کے طور پر، شیل ویمن نیٹ ورک فار پاکستان کی تشکیل 2014ء میں کی گئی تھی۔ یہ نیٹ ورک بیرونی رابطوں کے مواقع کے ذریعہ ایک باہمی تعاون کا فورم فراہم کرتا ہے، اور 2019ء میں، قیادت کے درجات میں خواتین کی نمائندگی کو مستحکم کرنے کے لیے اہلیت کے کئی سیشنز اور پینل گفتگو کا انعقاد کیا گیا۔

شیل کو کام کا ایک عظیم مقام بنانا

شیل پاکستان کو پسندیدہ آجر بنانا اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ شیل پاکستان کا مقصد بہترین ٹیلنٹ کو راغب کرنا ہے۔ ہم ایک ایسا ماحول فراہم کرنے کے لیے کام کرتے ہیں جہاں ملازمین اپنی قدر اور شمولیت کو محسوس کرتے ہوں، جو بطور فرد اور باہمی تعاون کی ٹیم کے اپنی صلاحیتوں کی پروان چڑھا سکیں۔ ہمارے ملازم کی قدر کے احساسات کو مزید تقویت دینے اور صلاحیتوں کو راغب کرنے اور برقرار رکھنے کے لیے خاندان دوست پالیسیاں ترتیب دی گئی ہیں۔ خود کو مارکیٹ میں ایک بہترین آجر بنانے کے لیے 'جائے کار پر بچوں کا دن' کی میزبانی، خواتین کا عالمی دن منانا، ملازمین کے اہم سنگ میل عبور کرنے پر خوشی منانے جیسے اقدامات کیے جاتے ہیں۔ اس کی بنیاد پر، ملازمین کی مشغولیت کے لیے 2019ء کے شیل پاکستان ملازمین سروے کے نتائج سب سے اوپر رہے۔

سماجی کارکردگی

شیل ان کمیونٹیز کے لیے سرمایہ کاری کرتا رہتا ہے جہاں ہم رہتے اور کام کرتے ہیں۔ شیل کی سماجی سرمایہ کاری کے پروگراموں کا انتظام ہماری سماجی کارکردگی کی ٹیم کرتی ہے۔ یہ پروگرام ہمیں پائیدار کاروباری ماحول کی تخلیق کے دوران حاصل ہونے والے اقتصادی ترقی کے فوائد کے کمیونٹیز کے ساتھ اشتراک کے قابل بناتے ہیں۔ مقامی کمیونٹیز میں سرمایہ کاری مقامی کمیونٹیز کی ضروریات اور شیل کے کاروباری مقاصد اور مہارت کے ساتھ ہم آہنگ ہیں۔

انرجی کے ذریعے زندگی کو طاقت دینا

انرجی معاشی اور معاشرتی ترقی کے لیے اہم ہے اور پوری دنیا میں لوگوں کی زندگی اور معاش کو بہتر بنا سکتی ہے۔ شیل، مقامی شراکت پارٹنرز کے ساتھ مل کر، توانائی کی مصنوعات اور خدمات کے لیے مقامی مارکیٹوں کو کھولنے میں مدد کرنے والے انرجی کے منصوبوں تک پائیدار رسائی کو ڈیزائن اور لاگو کرتا ہے۔

شیل پاکستان نے جنوبی پنجاب میں نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (این آر ایس پی) کی شراکت سے ایک انرجی تک رسائی کا پروگرام شروع کیا ہے۔ ہم نے ایک گاؤں کو کلین انرجی سولیوشنز فراہم کیے، جس کا مقصد آمدنی کی سطح اور طرز زندگی پر مثبت اثر ڈالنا ہے۔ اس میں اضافی پیداوار کے ساتھ پانی کی مسلسل فراہمی کے لیے شمسی توانائی سے چلنے والا ایک ٹیوب ویل بھی شامل ہے، اس طرح آبپاشی کا فی ایکڑ وقت کم ہو کر ایک تہائی وقت اور لاگت کر دیتا ہے؛ صاف چولھے اور مقامی افلور مل کی شمسی توانائی پر منتقلی شامل ہیں۔ کمیونٹی کو اس اس منصوبے کے مستقل فوائد کی فراہمی کے لیے ایک کمیونٹی پر مبنی تنظیم کے حوالے کر دیا جائے گا۔

شیل تعمیر کے ذریعے قدر کی تخلیق

شیل LiveWIRE شیل کے عالمی سماجی سرمایہ کاری کے پروگراموں میں سے ایک ہے جو نوجوانوں کو اپنا کاروبار شروع کرنے اور روزگار پیدا کرنے کے قابل بناتا ہے۔ 2003$ میں "تعمیر" کے نام سے یہ پروگرام پاکستان میں شروع ہوا، یہ پروگرام 0.8 ملین نوجوان افراد (18 سے 35 سال کی عمر) تک پہنچا ہے اور اس نے کاروباری تربیت کے ذریعہ 12500 نوجوان کاروباری افراد کو شامل کیا ہے جس کے نتیجے میں 1000 سے زیادہ اسٹارٹ اپس اور کاروباری اداروں میں توسیع ہوئی ہے۔ شیل تعمیر کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:

https://tameer.shell.com.pk

مستقبل کی تعمیر کی کمپین

2014ء میں، شیل تعمیر نے ایس او ایس ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اور ہنر فاؤنڈیشن (ٹی ایچ ایف) کے طلبا کو اپنے کاروبار شروع کرنے کے لیے بیجوں کے سرمائے کی فراہمی کے حوالے سے رقوم جمع کرنے کے لیے 'مستقبل کی تعمیر' مہم شروع کی۔ دسمبر 2019ء تک، ان اداروں کے 300 طلبا کو پانچ مستقبل کی تعمیر ورکشاپس کے ذریعے تربیت دی جا چکی ہے۔ مجموعی طور پر، ہنر مند کاروباری افراد کے متنوع گروہ کے لیے 100 کاروباری منصوبے تیار کیے گئے جن میں سے 79 افراد کامیابی کے ساتھ کُل پینتیس لاکھ روپے مالیت کے ٹولز اور گرانٹ کے ذریعے فنڈ حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے۔

عالمی یوم خواتین کی تقریبات

شیل تعمیر نے کراچی پاکستان میں ایس او ایس ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ (ایس او ایس-ٹی ٹی آئی) میں خواتین کی زیر قیادت اسٹارٹ اپس کے لیے تربیتی حلقے کی میزبانی کر کے خواتین کا عالمی دن منایا۔

یہ پروگرام 14 شیل تعمیر سے تربیت یافتہ خواتین کے ساتھ نیٹ ورکنگ کا موقع ثابت ہوا جنھیں عتمیر کی "مستقبل کی تعمیر کی ورکشاپس" کے ذریعے تربیت دی گئی تھی۔ خواتین کے اس بیچ کو مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی نمایاں خواتین، جن میں تعمیر کی اپنی سابقہ طالبہ ، حمیرا اچل شامل ہیں، کے ذریعے تربیت دی گئی تھی۔ وہ سندھ میں تعلیم پر مبنی دو این جی اوز چلاتی ہیں جنھوں نے خواتین کی خود کفالت کے لیے انھیں بااختیار بنانے اور تحریک دینے میں مدد فراہم کی ہے۔

شیل لائیو وائر ٹاپ ٹین انوویٹر ایوارڈ

ٹاپ ٹین انوویٹرز شیل لائیو ڈویژن کے سابق طلبا کے لیے ایک عالمی مقابلہ ہے۔ اس سال مقابلہ سرکلر معیشت کی تعمیر پر مرکوز تھا۔ انعامات ان کاروباری افراد کو دیے گئے جو دنیا کو linear اکانومی ماڈل- مصنوعات لینا، استعمال کرنا اور تلف کرنا- سے دور کر کے قابلِ تلف اشیا کے دوبارہ استعمال کے نظام کی معیشت کی طرف لے جانے میں مدد کرتے ہیں۔

2019ء میں، شیل تعمیر سے فارغ التحصیل، گرینویشن، جو فاضل پلاسٹک کی ری سائیکلنگ سے کلین انرجی پیدا کرتا ہے، نے اس عالمی مقابلے میں "پائیدار مستقبل" کے زمرے میں رنرز اپ ایوارڈ جیتا، اور 10000 ڈالر انعام کی رقم حاصل کی۔

کامیاب نئے کاروباری افراد کی تعمیر میں مدد

شیل تعمیر نے 2019ء میں این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی اور بحریہ یونیورسٹی کے طلبا کو اور کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں پلان ایکس میں اسٹارٹ اپ کو پیش کیے گئے "کامیاب اونر منیجر بنیں" ماڈیولز کے ذریعے 200 سے زیادہ خواہش مند کاروباری افراد کو تربیت دی۔

شیل تعمیر نے شیل پاکستان، صنعت اور تعلیمی اداروں کے مضامین کے ماہرین کو دعوت دی کہ وہ اپنے اسٹارٹ اپس کو پیشہ ورانہ مہارت کے لیے ڈیجیٹل مارکیٹنگ، کاروبار کی قانونی حیثیت، مالی انتظام اور آئیڈیے پر عمل کی تکنیک پر سیشن کی سہولت فراہم کریں۔

اسٹریٹجک اشتراک

2019ء میں شیل تعمیر نے پائیدار کاروباری ماحولیاتی نظام کے حوالے سے تعلیمی اداروں، صنعت، اور کاروباری ترقی کی ایجنسیوں کے وسائل سے فائدہ اٹھانے کے لیے کلیدی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اسٹریٹجک اشتراک قائم کیا۔
انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (آئی بی اے)، این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، نیشنل انکیوبیشن سینٹر کراچی اور کلائمیٹ لانچ پیڈ پاکستان کے ساتھ ہماری شراکت داری کے ذریعے، ہم نے 200 سے زیادہ خواہشمند تاجروں کو ان کے گرین بزنس آئیڈیاز اور آخری سال کے یونیورسٹی کے منصوبوں کو تجارتی وینچر میں تبدیل کرنے میں مدد دی۔

شیل مستقبل کو زندہ رکھتا ہے

2019ء میں، شیل ایکومیراتھن نے اپنے دسویں سال میں ایشیا پیسیفک اور مشرق وسطی کے 18 ممالک کی 100 سے زیادہ طلبا ٹیموں کو اکٹھا کیا تاکہ جانچ کی جاسکے کہ کون سی گاڑی توانائی کی کم سے کم مقدار میں استعمال ہو کر سب سے آگے جاسکتی ہے۔ دنیا کے سب سے طویل عرصے سے جاری طلبا کے مقابلوں میں سے ایک، شیل ایکومیراتھن ایک عالمی شیل پروگرام ہے جو ذہین طلبا کو توانائی کے کفایتی استعمال سے موثر گاڑیاں ڈیزائن کرنے اور بنانے کا چیلنج دیتا ہے، اور پھر مقابلے میں ان کی جانچ ہے۔ طلبا کی ٹیموں نے دونوں میں سے ایک کیٹیگری میں حصہ لیا: مستقبل اور انتہائی ایروڈائنامک گاڑیوں کے لیے پروٹوٹائپ کیٹیگری، یا آج کی گاڑیوں سے ملتی جلتی گاڑیوں کے لیے اربن کانسیپٹ کیٹیگری۔

شیلز میک دی فیوچر لائیو، جو عالمی توانائی چیلنج کے اردحوالے سے تعاون اور جدت طرازی کا ایک پلیٹ فارم ہے، کے ایونٹ کے ایک حصے کے طور پر یہ مقابلہ 29 اپریل تا 2 مئی تک ملائشیا میں منعقد ہوا تھا۔ بشمول نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (این یو ایس ٹی)، کالج آف ای ایم ای، راولپنڈی کی ٹیم، پاکستان کی آٹھ ٹیموں نے حصہ لیا، جس نے 72 کلومیٹر فی لیٹر کی مائلیج کے ساتھ ایک رن مکمل کیا، اور اپنی ہی 2018ء کی کارکردگی کو مؤثر طور پر شکست دی۔

مالی معاملات

کامیابی کی
ہماری فطرت

جن لوگوں کو آج پائیدار جدید سپلائی حاصل نہیں انھیں توانائی فراہم کرتے ہوئے کامیاب کاروبار کی تخلیق شیل کی حکمتِ عملی کا ایک حصہ ہے۔

اپنے صارفین کی ضروریات کو سننے، ان کی ضروریات کی فراہمی اور معاشرے کے ساتھ قدم ملاتے ہوئے شیل ایک کمپنی بنا ہے۔ شیل اپنے اصولوں کی پاس داری کرے گا اور حکومت، پارٹنرز، صارفین اور مقامی کمیونٹیز کے اشتراک کے ساتھ کام جاری رکھے گا۔ تبدیلی کے اس وقت میں ہمارے مقصد اور حکمتِ عملی پر عمل درآمد ہماری کامیابی کی یقین دہانی کرواسکتا ہے۔

کارکردگی ایک نظر میں

31 دسمبر 2019ء کو اختتام پذیر ہونے والا سال

نفع آوری (روپے ملین میں)



شیئر ہولڈرز کی ایکویٹی (روپے ملین میں)



آمدنی/(نقصان)فی حصہ (روپے فی حصہ)



محاصل(روپے ارب میں)



فی حصہ مالیت(روپے)



آپریٹنگ اور مالیاتی جھلکیاں

پراڈکٹ کے لحاظ سے حجم (میٹرک ٹنز) اور مارکیٹ میں حصہ (فیصد)

ہائی اسپیڈ ڈیزل کا حجم



تبدیل شدہ فیولز کا حجم



موٹر گیسولین کا حجم



جھلکیاں		2019ء	2018ء
فروخت کا حجم	ٹن	**2,093,700**	2,172,500
فروخت کے محاصل	ملین روپے	**199,719**	186,204
نقصان قبل از ٹیکس	ملین روپے	**(140)**	(60)
نقصان بعد از ٹیکس	ملین روپے	**(1,486)**	(1,102)
معین سرمائے کے اخراجات	ملین روپے	**2,501**	2,695
شیئر ہولڈرز کی ایکویٹی	ملین روپے	**4,291**	6,353
نقصان فی حصہ - بنیادی	روپے	**(13.88)**	(10.30)

31 دسمبر 2019ء کو اختتام پذیر ہونے والا سال

مالیاتی شماریاتی خلاصہ		2019ء	2018ء	2017ء	2016ء	2015ء	2014ء	2013ء
سرمائے کا شیئر	ملین روپے	**1070**	1,070	1,070	1,070	1,070	1,070	856
ذخائر	ملین روپے	**3,221**	5,283	9,128	10,040	4,911	4,825	6,367
شیئر ہولڈر کی ایکویٹی	ملین روپے	**4,291**	6,353	10,198	11,110	5,981	5,895	7,223
بریک اپ ویلیو	روپے	**40**	59	95	104	56	55	84
منقسمہ فی شیئر	روپے	**-**	7	24	34	10	8	4
بونس	تناسب	**-**	-	-	-	-	-	1:4
منافع / (نقصان) قبل از ٹیکس	ملین روپے	**(140)**	(60)	4,323	5,706	2,345	546	2,424
منافع / (نقصان) بعد از ٹیکس	ملین روپے	**(1,486)**	(1,102)	3,183	6,764	911	(1,067)	1,061
آمدنی / (نقصان) 10 روپے فی حصہ	روپے	**(13.88)**	(10.30)	29.74	63.22	8.51	(9.97)	12.39

جاری سرمایہ								
موجودہ اثاثے تا موجودہ واجبات	تعداد	**0.7**	0.7	0.8	0.9	0.8	0.9	0.9
اسٹاک کے دنوں کی تعداد	دن	**34**	32	23	25	26	23	27
تجارتی قرضوں کے دنوں کی تعداد	دن	**8**	6	7	4	2	3	3

کارکردگی								
منافع / (نقصان) قبل از ٹیکس بطور شیئر ہولڈر کی ایکویٹی کا فیصد	فیصد	**(27.9)**	(13.3)	29.9	79.2	15.3	(16.3)	16.2
فروخت کی لاگت بطور فروخت کا فیصد	فیصد	**92.4**	91.7	91.2	71.5	75.0	83.5	82.6
منافع / (نقصان) قبل از ٹیکس بطور فروخت کا فیصد	فیصد	**(0.07)**	(0.03)	2.6	2.7	0.9	0.2	0.8
منافع / (نقصان) قبل از ٹیکس بطور فروخت کا فیصد	فیصد	**(0.7)**	(0.6)	1.5	3.1	0.4	(0.4)	0.4
مجموعی قرضے کا تناسب	تناسب	**0.7**	0.6	0.04	-	0.3	0.6	0.9

غیر جانب دار آڈیٹرز کی رپورٹ

شیل پاکستان لمیٹڈ کے ارکان کے لیے
مالی بیانات کے آڈٹ پر رپورٹ

ہماری رائے

ہم نے شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) کی مالی صورتِ حال کے منسلک مالی گوشواروں، 31 دسمبر 2019ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کی مالی صورتِ حال، نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے گوشواروں، ایکویٹی میں تبدیلیوں کے گوشواروں، اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے رقوم کے بہاؤ کے گوشواروں، اور مالی گوشواروں کے نوٹس، بشمول نمایاں اکاؤنٹنگ پالیسیوں اور دیگر توضیحی معلومات پر مشتمل ہے، کا جائزہ لیا ہے۔ ہم بیان کرتے ہیں کہ ہم نے وہ ساری معلومات اور وضاحتیں حاصل کیں جو ہماری معلومات اور یقین کے مطابق آڈٹ کے مقاصد کے لیے ضروری تھیں۔

ہماری رائے اور ہماری معلومات نیز ہمیں دی گئی توضیحات، مالی صورتِ حال کا بیان، نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے گوشواروں، ایکویٹی میں تبدیلیوں کے گوشواروں، رقوم کے بہاؤ کے گوشواروں، کے ساتھ منسلک نوٹس، کے مطابق، یہ سمجھتے ہیں کہ یہ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات کے عین مطابق ہیں جیسا کہ ان کا عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے پاکستان میں اطلاق ہے اور کمپنیز ایکٹ 2017ء (19 برائے 2017ء) میں درکار معلومات درست انداز میں دیتے ہیں، اور 31 دسمبر 2019ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال پر کمپنی کے معاملات کی کیفیت، اور نقصان اور دیگر جامع آمدنی، ایکویٹی میں تبدیلیوں اور سال کے اختتام کے لیے اس کی رقوم کے بہاؤ کا سچا اور شفاف تناظر دیتے ہیں۔

ہماری رائے کی بنیاد

ہم نے اپنا جائزہ آڈیٹنگ کے بین الاقوامی معیارات (آئی ایس ایز) کے مطابق کیا ہے، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے۔ ان معیارات کے تحت ہماری ذمہ داریوں کو ہماری رپورٹ کے مالیاتی گوشواروں کے آڈٹ کے لیے آڈیٹر کی ذمہ داریوں میں مزید بیان کیا گیا ہے۔ انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (کوڈ) کا اختیار کردہ بین الاقوامی اخلاقی معیارات کے بورڈ برائے اکاؤنٹنٹس کے ضابطہ اخلاق برائے پروفیشنل اکاؤنٹنٹس کے مطابق ہم اس کمپنی کے لیے غیر جانب دار ہیں اور ہم نے ضابطہ اخلاق کے مطابق اپنی دیگر اخلاقی ذمہ داریوں کو نبھایا ہے۔ ہمارا ماننا ہے کہ آڈٹ کے جو شواہد ہم نے حاصل کیے ہیں وہ ہماری رائے کو بنیاد فراہم کرنے کے لیے کافی اور مناسب ہیں۔

آڈٹ کے کلیدی امور

ہمارے پیشہ ورانہ فیصلوں میں کلیدی آڈٹ امور وہ امور ہیں جو موجودہ دور کے مالی گوشواروں کے ہمارے آڈٹ میں سب سے زیادہ اہمیت رکھتے تھے۔ ان امور کو مجموعی طور پر ہمارے مالی گوشواروں کے آڈٹ کے تناظر میں اور اس پر اپنی رائے قائم کرنے کے سلسلے میں حل کیا گیا تھا، اور ہم ان امور پر کوئی علیحدہ رائے فراہم نہیں کرتے ہیں۔

کلیدی آڈٹ امور درج ذیل ہیں:

کلیدی آڈٹ امور	ہمارے آڈٹ نے ان کلیدی آڈٹ امور کو کیسے حل کیا
1۔ حکومتِ پاکستان کی جانب سے واجبات	
جیسا کہ نوٹ 14 میں مالیاتی گوشواروں میں ظاہر کیا گیا ہے، 31 دسمبر 2019ء تک پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی اور دیگر ڈیوٹیز اور قیمت کے فرق کے دعووں کی وجہ سے کمپنی کے بالترتیب 1،380،029 ہزار اور 2،600،528 ہزار روپے حکومت پاکستان کی جانب سے واجب الادا ہیں، جو برآمدی سیلز اور متعدد صارفین کو رعایتی نرخوں پر اور پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی کے ضمن میں حکومتِ پاکستان کی جانب سے واجب الادا ہیں۔ متعلقہ وزارتوں کے ساتھ کمپنی کے فالو اپ کے باوجود، یہ واجبات طویل عرصے سے باقی ہیں اور جن کی گذشتہ کچھ برسوں سے کوئی خاطر خواہ بازیابی نہیں ہوئی۔ درج بالا مسئلے کے تناظر میں، مذکورہ واجبات مالی گوشواروں میں اہمیت کے حامل ہیں اس لیے انھیں آڈٹ کا کلیدی امر سمجھا گیا ہے۔	ان واجبات کی بازیابی اور ان کی متوقع میعاد کے بارے میں ہمارے خیال کے مطابق، ہم نے مندرجہ ذیل آڈٹ طریقہ کار کے ذریعہ دیے گئے حالات کی روشنی میں انتظامیہ کے فیصلوں کی درستی کی جانچ کی: • کمپنی اور متعلقہ حکام کی مراسلت کا جائزہ لیا، اور متعلقہ واجبات کی بازیابی اور چکتائی کی میعاد کے بارے میں ان کے خیالات کا تنقیدی جائزہ لینے کے لیے منیجمنٹ کی موزوں سطح پر بحث و تمحیص کی گئی؛ • واجبات کی مضرت کے جائزے کے لیے منیجمنٹ کے عمل کو سمجھا، ان کے کیے گئے فیصلوں پر بات چیت کی، اور اس حوالے سے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کی پڑتال کی؛ • بورڈ آف ڈائریکٹرز اور بورڈ کی آڈٹ کمیٹی کے منٹس کا جائزہ لیا اور واجبات کی بازیابی کے لیے دورانِ سال واقعات اور منیجمنٹ کے اقدامات کے بارے میں منیجمنٹ کی موزوں سطح پر بحث و تمحیص کی؛ اور

کلیدی آڈٹ امور	ہمارے آڈٹ نے ان کلیدی آڈٹ امور کو کیسے حل کیا
	• قابل اطلاق مالی رپورٹنگ فریم ورک کے تقاضوں کی تعمیل کے لیے ڈسکلوژرز کی درستی اور موزونیت کا جائزہ لیا۔
2۔ آئی ایف آر ایس 9 –مالی آلات (آئی ایف آر ایس 9) کو اپنانا	
جیسا کہ مالی گوشواروں کے نوٹ 2.3.2 میں ظاہر کیا گیا ہے، دوران سال کمپنی کے لیے آئی ایف آر ایس کا اطلاق کیا گیا اور جس نے آئی اے ایس 39 کے مالی آلات: شناخت اور پیمائش کی جگہ لے لی۔ انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ کمپنی کے مالی گوشواروں پر نئے معیار کا سب سے اہم اثر مالی اثاثوں کی مضرت کے لیے متوقع کریڈٹ لاسس (ای سی ایل) ماڈل کے اطلاق سے متعلق ہے۔ کمپنی نے یکم جنوری 2019ء سے مالی اثاثوں پر آئی ایف آر ایس 9 کی ضروریات کا اطلاق کیا، اس کے مالی اثرات مالی گوشواروں کے نوٹ 2.3.2 میں تفصیل سے بیان کیے گئے ہیں۔ مالی گوشواروں پر آئی ایف آر ایس 9 کے پہلی بار اطلاق کی وجہ سے ہم نے مذکورہ بالا کو کلیدی آڈٹ معاملہ سمجھا، جس میں منیجمنٹ کے اہم فیصلے اور تخمینوں کا استعمال شامل ہے۔	مع دیگر ان ہمارے آڈٹ کے طریق کار میں، ہمارے آڈٹ سے متعلق اس ضمن میں پراسس اور کنٹرولز کے بارے میں تفہیم حاصل کرنا بھی شامل ہے۔ مزید، یہ کہ: • آئی ایف آر ایس کی تعمیل کے لیے منیجمنٹ کے پراسس کا جائزہ لیا گیا؛ لیے آئی ایف آر ایس کے اپنانے کے ضمن میں اکاؤنٹنگ پالیسوں کے لحاظ سے کمپنی کے فیصلوں، تخمینوں اور اندازوں کی پڑتال کی گئی اور کمپنی کے کاروبار اور آپریشنز کے بارے میں ہماری تفہیم کی بنیاد پر ان کی موزونیت کا جائزہ لیا گیا؛ • منیجمنٹ کی تیار کردہ ای سی ایل کے تعین کے لیے مضرت کے ماڈلز کا جائزہ لیا گیا۔ جائزے کے ایک حصے کے طور پر، ہم نے ماڈل میں کلیدی ان پٹ کی پڑتال کی اور استعمال کیے گئے مفروضوں کی معقولیت کی جانچ کی، جیسے مستقبل کے رقوم کے بہاؤ اور رعایتی نرخ؛ اور • مالی رپورٹنگ کے قابلِ اطلاق فریم ورک کے تقاضوں کی تعمیل کے لیے ڈسکلوژرز کی درستی اور موزونیت کا جائزہ لیا۔
3۔ آئی ایف آر ایس 16 –اجارہ (آئی ایف آر ایس 16) کو اپنانا	
جیسا کہ مالی گوشواروں کے نوٹ 2.3.2 میں ظاہر کیا گیا ہے، موجودہ سال کے لیے آئی ایف آر ایس 16 'اجارے' کا نفاذ کیا گیا ہے۔ اس معیار نے لیز کے نقطہ نظر سے لیز کے آپریٹنگ معاہدوں کے لیے ایک نیا اکاؤنٹنگ ماڈل متعارف کرایا ہے۔ نئے تقاضوں کے مطابق، کمپنی کے لیے قلیل مدت کے دوران لیز کی ادائیگیوں کے حوالے سے لیز شدہ اثاثوں اور واجبات کے حقِ استعمال کی شناخت ضروری ہے۔ اس معیار کو اپنانے کے اثرات مالی گوشواروں کے نوٹ 2.3.2 میں ظاہر کیے گئے ہیں۔ نئے معیار کے اطلاق کے لیے منیجمنٹ کو لیز کی مدت کے تعین اور لیز کی ذمہ داری کی پیمائش کے لیے رعایت کی مناسب شرح کے ضمن میں اہم تخمینے اور فیصلے کرنے ضروری ہیں۔ ہم نے اکاؤنٹنگ کی تبدیلی کی اہمیت اور نئے معیار کے اطلاق کے سلسلے میں منیجمنٹ کے اہم فیصلوں کی شمولیت کی وجہ سے اس معیار کے اپنانے کو آڈٹ کا کلیدی امر سمجھا۔	مع دیگر ان ہمارے آڈٹ کے طریق کار میں، ہمارے آڈٹ سے متعلق پراسس اور کنٹرولز کے بارے میں تفہیم حاصل کرنا بھی شامل ہے۔ مزید، یہ کہ: • لیز کے معاہدات کی پہچان اور مالی گوشواروں میں ان کی پیمائش کے لیے نئی اکاؤنٹنگ پالیسوں کی موزونیت کا جائزہ لیا گیا؛ • کمپنی کے زیرِ استعمال فلنگ اسٹیشنوں کی فہرست کے ساتھ لیزوں کے تصفیے اور سال کے لیے کرایے کے اخراجات والے لیجرز کا جائزہ لے کر منیجمنٹ کی شناخت کردہ لیزوں کی مکمل تصدیق کی۔ • ایسے حسابی تخمینوں پر دوبارہ عمل اور متعلقہ معاہدوں کی شرائط کی نشاندہی کے ذریعہ لیز معاہدوں کے نمونے کی لیز اکاؤنٹنگ کے حسابی تخمینوں کی آزاد جانچ پڑتال کی۔ • لیز کے واجبات کی پیمائش جیسے رعایت کی شرح اور لیز کی مدت کی پیمائش میں، منیجمنٹ کے استعمال کردہ مفروضوں کی مناسبت کا جائزہ لیا گیا؛ اور • اس معیار کے اطلاق اور دورانِ سال کمپنی کے مالی گوشواروں پر اس کے اثرات کے بارے میں کیے جانے والے ڈسکلوژرز کی درستی کا جائزہ لیا گیا۔

مالی گوشواروں اور آڈیٹرز کی رپورٹ کے علاوہ دیگر معلومات

دیگر معلومات کے لیے انتظامیہ ذمہ دار ہے۔ سالانہ رپورٹ میں شامل معلومات دیگر معلومات میں شامل ہیں، لیکن اس میں مالی گوشواروں اور ہمارے آڈیٹرز کی رپورٹ شامل نہیں ہے۔
مالی گوشواروں کے بارے میں ہماری رائے دیگر معلومات کا احاطہ نہیں کرتی ہے اور ہم اس پر کسی بھی قسم کی یقین دہانی کے نتیجے کا اظہار نہیں کرتے ہیں۔

مالی گوشواروں کے ہمارے آڈٹ کے سلسلے میں، ہماری ذمہ داری ہے کہ دیگر معلومات کو پڑھیں اور، ایسا کرتے ہوئے، اس بات پر غور کریں کہ آیا دیگر معلومات مالی گوشواروں یا آڈٹ میں حاصل کردہ ہمارے علم سے مادی طور پر مطابقت رکھتی ہے یا نہیں، بصورت دیگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس میں حقائق کا غلط استعمال کیا گیا ہے۔ اگر، ہم نے جو کام انجام دیا ہے اس کی بنیاد پر، ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ ان دیگر معلومات میں ردوبدل کی گئی ہے، تو ہمیں اس حقیقت کی اطلاع دینے کی ضرورت ہے۔ ہمارے پاس اس حوالے سے اطلاع دینے کے لیے کچھ نہیں ہے۔

مالی گوشواروں کے لیے مینجمنٹ اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ذمہ داریاں

پاکستان میں قابل اطلاق اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیار اور کمپنیز ایکٹ، 2017ء (19 برائے 2017ء) کی ضروریات اور اس طرح کے داخلی کنٹرول کے لیے جیسا کہ مینجمنٹ نے تعین کیا ہے، اور جس کا انتظام طے کرتا ہے کہ مالی گوشواروں کی تیاری مادی حقائق کی غلط تشہیر سے پاک ہے، خواہ دھوکہ دہی یا غلطی کی وجہ سے ہو، کے مطابق مالی گوشواروں کی تیاری اور منصفانہ پریزنٹیشن کے لیے مینجمنٹ ذمہ دار ہے۔

مالیاتی گوشواروں کی تیاری میں، کمپنی کے ایک جاری رہنے والے کاروبار کے طور پر کمپنی کی صلاحیت کا جائزہ لینے، ظاہر کرنے،، جہاں قابلِ اطلاق ہو، جاری کاروبار ہونے سے متعلق امور، اور اکاؤنٹنگ کی بنیاد پر جاری کاروبار کو استعمال کرنے سے متعلق امور کے لیے، تاوقتیکہ مینجمنٹ کے پاس کمپنی کو دیوالہ کرنے یا آپریشنز روک دینے، یا اور کے سوا کوئی حقیقت پسندانہ متبادل نہیں ہو، کے لیے مینجمنٹ ذمہ دار ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کمپنی کی مالی رپورٹنگ کے عمل کی نگرانی کے ذمہ دار ہیں۔

مالی گوشواروں کے آڈٹ کے لیے آڈیٹرز کی ذمہ داریاں

اس امر کی مناسب یقین دہانی کہ مالی گوشوارے مجموعی اعتبار سے کسی بھی مادی غلط بیانی سے، جو خواہ کسی دھوکے بازی کی وجہ سے ہو یا سہو کی وجہ سے، پاک ہیں، اور ہماری رائے شامل کرتے ہوئے آڈیٹرز رپورٹ جاری کرنا، ہمارے مقاصد ہیں۔ مناسب یقین دہانی یقین کی بلند سطح ہے، تاہم لیکن اس بات کی ضمانت نہیں کہ آئی ایس ایز، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، کے مطابق کیا گیا آڈٹ، ہمیشہ ہی کسی مادی غلط بیانی کی شناخت کر سکے گا۔ غلط بیانی کسی دھوکے یا سہو دونوں وجوہ سے ہو سکتی ہیں، اور مادی سمجھی جاتی ہیں، اگر ان کی وجہ سے انفرادی یا مجموعی طور پر، ان مالی گوشواروں کی بنیاد پر استعمال کنندگان کے لیے گئے اقتصادی فیصلوں پر اثر انداز ہونے کی توقع ہو۔

آئی ایس ایز، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، کے مطابق کیے گئے آڈٹ کے ایک حصے کے طور پر، ہم پیشہ ورانہ فیصلے پر عمل پیرا ہوتے ہیں اور پورے آڈٹ میں پیشہ ورانہ شکوک و شبہات کو برقرار رکھتے ہیں۔ ہم درج ذیل امور بھی ملحوظ رکھتے ہیں:

- مالی گوشواروں کی مادی غلط بیانی کے خطرات کی شناخت اور ان کا اندازہ کرنا، چاہے دھوکہ دہی یا غلطی کی وجہ سے، ان خطرات کے جواب میں آڈٹ کا طریقہ کار وضع کرنا اور انجام دینا، اور آڈٹ کے ایسے شواہد حاصل کرنا جو ہماری رائے کو بنیاد فراہم کرنے کے لیے کافی اور مناسب ہوں۔ دھوکہ دہی کے نتیجے میں کسی مادی غلط بیانی کی نشاندہی نہ کرنے کا خطرہ غلطی کے نتیجے میں ہونے والی غلط بیانی سے کہیں زیادہ ہوتا ہے، کیوں کہ دھوکہ دہی میں ملی بھگت، جعل سازی، ارادی غلطی، غلط توضیح یا داخلی کنٹرول کی تنسیخ شامل ہو سکتا ہے۔
- آڈٹ سے متعلق اندرونی کنٹرول کی تفہیم حاصل کرنا تاکہ آڈٹ کے طریقوں کو وضع کیا جاسکے جو ان حالات کے مطابق موزوں ہوں، تاہم یہ اس مقصد کے لیے نہیں کہ کمپنی کے داخلی کنٹرول کی اثر انگیزی پر اپنی رائے کا اظہار کریں۔
- استعمال شدہ اکاؤنٹنگ پالیسیوں کیے مناسب ہونے اور اکاؤنٹنگ کے تخمینوں اور مینجمنٹ کے متعلقہ ڈسکلوژرز کی موزونیت کا جائزہ لینا۔
- جاری رہنے والے کاروبار کی اکاؤنٹنگ کی بنیاد اور حاصل کردہ آڈٹ شواہد کی بناپر،، چاہے کوئی مادی غیر یقینی صورت حال واقعات یا حالات سے متعلق ہو جو کمپنی کی جاری کاروبار کی حیثیت سے جاری رکھنے کی صلاحیت پر نمایاں شبہات ڈال سکتی ہے، پر انتظامیہ کے استعمال کی درستی پر نتیجہ اخذ کرنا۔۔ اگر ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ مادی غیر یقینی صورت حال موجود ہے تو، ہمیں مالیاتی گوشواروں میں متعلقہ ڈسکلوژرز پر اپنے آڈیٹرز کی رپورٹ میں توجہ مبذول کروانے کی ضرورت ہے یا، اگر اس طرح کے ڈسکلوژرز ناکافی ہیں تو، اپنی رائے میں تبدیلی لانا ہوگی۔ ہمارے نتائج ہمارے آڈیٹرز کی رپورٹ کی تاریخ تک آڈٹ شواہد پر مبنی ہوتے ہیں۔ تاہم، مستقبل میں ہونے والے واقعات یا حالات کمپنی کو جاری کاروبار کی حیثیت سے جاری نہ رہنے کا سبب بن سکتی ہے۔
- ڈسکلوژرز سمیت مالی گوشواروں کی مجموعی پریزنٹیشن، ساخت اور مواد کا جائزہ لینا، اور یہ کہ آیا مالی گوشوارے بنیادی لین دین اور واقعات کی نمائندگی اس انداز میں کرتے ہیں کہ منصفانہ پریزنٹیشن حاصل ہو سکے۔

ہم دیگر معاملات کے ساتھ ساتھ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ساتھ آڈٹ کی منصوبہ بندی کا دائرہ کار اور وقت اور آڈٹ کے اہم نتائج، بشمول اندرونی کنٹرول میں کوئی بھی اہم خامیاں، جو دورانِ آڈٹ ہمارے علم میں آئیں، سے متعلق بھی بات چیت کرتے ہیں۔

ہم بورڈ آف ڈائریکٹرز کو یہ بیان بھی فراہم کرتے ہیں کہ ہم نے غیر جانب داری کے حوالے سے متعلقہ اخلاقی تقاضوں کی تعمیل کی ہے، اور ان سے ان تمام تعلقات اور دیگر امور کے ساتھ بات چیت کرنا جو ہماری غیر جانب داری، اور جہاں قابل اطلاق ہو، متعلقہ حفاظتی اقدامات پر معقول طور پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بتائے جانے والے معاملات سے، ہم ان معاملات کا تعین کرتے ہیں جو موجودہ مدت کے مالی گوشواروں کے آڈٹ میں انتہائی اہمیت کے حامل تھے اور اسی وجہ سے وہ آڈٹ کے اہم امور میں شامل ہیں۔ ہم ان امور کو اپنی آڈیٹرز کی رپورٹ میں بیان کرتے ہیں جب تک کہ کوئی قانون یا ضابطہ اس امر کے بارے میں پبلک ڈسکلوژر کو روکتا ہے یا جب، انتہائی غیر معمولی حالات میں، ہم طے کرتے ہیں کہ کسی معاملے کو ہماری رپورٹ میں نہیں بتایا جانا چاہیے کیونکہ ایسا کرنے سے مفادِ عامہ کے ضمن میں منفی نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

دیگر قانونی وضوابطی تقاضوں پر رپورٹ

اپنے آڈٹ کی بنیاد پر ہم مزید یہ رپورٹ کرتے ہیں کہ، ہماری رائے میں:

(اے) کمپنیز ایکٹ 2017ء (19 برائے 2017ء) کے تقاضوں کے مطابق کمپنی کے کھاتے برقرار رکھے گئے ہیں؛

(بی) مالی صورتِ حال کا بیان، نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے گوشواروں، ایکویٹی میں تبدیلیوں کے گوشواروں، رقوم کے بہاؤ کے گوشواروں، اور مالی گوشواروں کے ساتھ ،منسلک نوٹس، اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء (19 برائے 2017ء) کے مطابق ہیں اور اکاؤنٹس کے کھاتوں اور گوشواروں کی توثیق کرتے ہیں؛

(سی) کی گئی سرمایہ کاریاں، ہونے والے اخراجات اور دورانِ سال دی گئی ضمانتیں کمپنی کے کاروبار کے مقصد سے تھیں؛ اور

(ڈی) زکوۃ اور عشر آرڈیننس 1980ء (18 برائے 1980ء) کے تحت کوئی قابلِ کٹوتی زکوۃ باقی نہیں ہے۔

اس آڈٹ کے کے نتیجے میں بننے والی غیر جانب دار آڈیٹرز کی رپورٹ کے شریک کار شیخ احمد سلمان ہیں۔

EY Ford Rhodes

چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس

مقام: کراچی

تاریخ

مالی صورتِ حال کا بیان

31 دسمبر 2019ء تک

	نوٹ	2019ء	2018ء
		(ہزار روپے)	
اثاثے			
غیر حالیہ اثاثے			
جائیداد، پلانٹ اور آلات	4	**13,176,996**	11,767,843
حق استعمال کے اثاثے	5	**4,861,724**	-
غیر محسوس اثاثے	6	**11,557**	14,709
طویل مدتی سرمایہ کاریاں	7	**4,631,252**	4,436,561
طویل مدتی قرضے	8	**33,585**	25,076
طویل مدتی امانتیں اور پیشگی ادائیگیاں	9	**159,759**	883,177
مؤخر ٹیکس	10	**425,467**	178,456
		23,300,340	17,305,822
جاری اثاثے			
زیرِ تجارت اسٹاک	11	**17,413,439**	14,884,111
تجارتی قرضے	12	**4,544,062**	3,264,207
قرضے اور بیعانے	13	**131,099**	109,668
قلیل مدتی پیشگی ادائیگیاں		**544,129**	782,165
دیگر واجبات	14	**7,922,392**	10,797,182
نقد اور بینک بیلنس	15	**2,319,546**	1,973,413
		32,874,667	31,810,746
مجموعی اثاثے		**56,175,007**	49,116,568
ایکویٹی اور واجبات			
ایکویٹی			
سرمایہ حصص	16	**1,070,125**	1,070,125
پریمیم حصص		**1,503,803**	1,503,803
عمومی ذخائر		**207,002**	207,002
غیر مختص منافع		**1,995,276**	4,068,450
بعد استعمال نو پیمائش فوائد – حقیقی نقصان		**(485,073)**	(496,058)
مجموعی ایکویٹی		**4,291,133**	6,353,322
واجبات			
غیر حالیہ واجبات			
اثاثوں کی واپسی کی ذمہ داری	17	**138,322**	130,983
طویل مدتی اجارہ واجبات	18	**3,718,614**	-
بعد از ریٹائرمنٹ طبی فوائد کی فراہمی	32	**173,067**	97,987
		4,030,003	228,970
حالیہ واجبات			
تجارتی و دیگر واجب الادا	19	**38,401,649**	33,668,689
بے دعویٰ مقسومہ		**165,094**	142,960
غیر ادا شدہ مقسومہ		**154,623**	190,081
مجموعی مارک اپ	20	**11,747**	3,110
قلیل مدتی قرض گیری – محفوظ	21	**8,154,343**	8,052,978
ٹیکس – خالص		**559,652**	476,458
طویل مدتی اجارہ واجبات کی حالیہ صورتِ حال	18	**406,763**	-
		47,853,871	42,534,276
اتفاقی مصارف و معاہدے	22		
مجموعی ایکویٹی اور واجبات		**56,175,007**	49,116,568

منسلک نوٹس 1 تا 44 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں

فیصل وحید	ہارون رشید	ناز خان
چیف فنانشل آفیسر	چیف ایگزیکٹو آفیسر	ڈائریکٹر

نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کا بیان

31 دسمبر 2019ء تک

	Note	2019	2018
		----------------(ہزار روپے)--------------	
سیلز	23	**234,040,872**	214,211,920
دیگر محاصل		**765,436**	941,091
		234,806,308	215,153,011
سیلز ٹیکس		**(35,087,707)**	(28,949,456)
خالص محاصل		**199,718,601**	186,203,555
فروخت شدہ مصنوعات کی لاگت	24	**(184,621,127)**	(170,779,180)
مجموعی منافع		**15,097,474**	15,424,375
تقسیم کاری اور مارکیٹنگ کے اخراجات	25	**(7,388,212)**	(6,482,137)
انتظامی اخراجات	26	**(5,042,971)**	(5,028,800)
دیگر اخراجات	27	**(2,791,907)**	(5,084,078)
دیگر آمدنی	28	**557,612**	507,050
آپریٹنگ منافع / (نقصان)		**431,996**	(663,590)
مالی لاگتیں	29	**(1,522,768)**	(370,159)
		(1,090,772)	(1,033,749)
معاون منافع کا حصہ - ٹیکس کا خالص	7	**950,806**	974,075
قبل از ٹیکس نقصان		**(139,966)**	(59,674)
ٹیکس	30	**(1,345,801)**	(1,042,311)
سال کے لیے خالص نقصان		**(1,485,767)**	(1,101,985)
دیگر مجموعی آمدنی			
وہ اشیا جن کی بعد میں منافع یا نقصان کے لیے دوبارہ درجہ بندی نہیں کی جائے گی			
بعد از ملازمت فوائد پر حقیقی نفع / (نقصان)۔خالص ٹیکس		**10,985**	(174,457)
سال کے لیے مجموعی خسارہ		**(1,474,782)**	(1,276,442)
		----------------(ہزار روپے)--------------	
نقصان فی حصہ۔بنیادی اور سیال	31	**(13.88)**	(10.30)

منسلک نوٹس 1 تا 44 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں

فیصل وحید	**ہارون رشید**	**ناز خان**
چیف فنانشل آفیسر	چیف ایگزیکٹو آفیسر	ڈائریکٹر

ایکویٹی میں تبدیلیوں کا بیان

31 دسمبر 2019ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے

	محفوظ سرمایہ		محفوظ محاصل			
	سرمایہ حصص	پریمیم حصص	عمومی ذخائر	غیر مختص منافع	بعد استعمال منافع پر حقیقی (نقصان) / نفع	کُل
	----------------	----------------	(ہزار روپے)	----------------	----------------	
یکم جنوری 2018ء کے اختتام پر بیلنس	1,070,125	1,503,803	207,002	7,738,731	(321,601)	10,198,060
31 دسمبر 2017ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے حتمی مقسومہ فی حصص -/17 روپے کی شرح پر	-	-	-	(1,819,210)	-	(1,819,210)
31 دسمبر 2018ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے عبوری مقسومہ فی حصص -/7 روپے کی شرح پر	-	-	-	(749,086)	-	(749,086)
سال کے لیے خالص نقصان	-	-	-	(1,101,985)	-	(1,101,985)
سال کے لیے دیگر مجموعی آمدنی	-	-	-	-	(174,457)	(174,457)
سال کے لیے مجموعی نقصان	-	-	-	(1,101,985)	(174,457)	(1,276,442)
31 دسمبر 2018ء پر بیلنس	**1,070,125**	**1,503,803**	**207,002**	**4,068,450**	**(496,058)**	**6,353,322**
اکاؤنٹنگ پالیسی میں تبدیلی کا اثر - خالص ٹیکس (نوٹ 2.3.2)	**-**	**-**	**-**	**(587,407)**	**-**	**(587,407)**
یکم جنوری 2019ء پر بیلنس (ردوبدل شدہ)	**1,070,125**	**1,503,803**	**207,002**	**3,481,043**	**(496,058)**	**5,765,915**
سال کے لیے خالص نقصان	**-**	**-**	**-**	**(1,485,767)**	**-**	**(1,485,767)**
سال کے لیے دیگر مجموعی آمدنی	**-**	**-**	**-**	**-**	**10,985**	**10,985**
سال کے لیے مجموعی (نقصان) / منافع	**-**	**-**	**-**	**(1,485,767)**	**10,985**	**(1,474,782)**
31 دسمبر 2019ء پر بیلنس	**1,070,125**	**1,503,803**	**207,002**	**1,995,276**	**(485,073)**	**4,291,133**

منسلک نوٹس 1 تا 44 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں

فیصل وحید	**ہارون رشید**	**ناز خان**
چیف فنانشل آفیسر	چیف ایگزیکٹو آفیسر	ڈائریکٹر

رقوم کے بہاؤ کا بیان

31 دسمبر 2019ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے

	نوٹ	2019ء	2018ء
		---------(ہزار روپے)-----------	
آپریٹنگ سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ			
آپریشنز سے حاصل ہونے والی رقوم	35	**4,499,953**	(2,362,435)
اداشدہ مالی لاگتیں		**(921,901)**	(202,351)
اداشدہ انکم ٹیکس		**(1,332,366)**	(581,319)
طویل مدتی قرضے		**(8,509)**	(7,256)
طویل مدتی امانتیں اور پیشگی ادائیگیاں		**723,418**	(594,132)
دورانِ سال بعد از ریٹائرمنٹ طبی فوائد کی فراہمی		(11,013)	(9,642)
آپریٹنگ سرگرمیوں سے حاصل ہونے والی خالص رقوم		**2,949,582**	(3,757,135)
سرمایہ کاری سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ			
معین سرمایہ جاتی اخراجات		**(2,500,938)**	(2,695,297)
جائیداد، پلانٹ اور آلات کے تصفیے سے حاصل ہونے والی وصولیاں		**500**	106
معاونین سے حاصل ہونے والا مقسومہ		**613,657**	589,329
قلیل مدتی امانتوں / سیونگ اکاؤنٹس پر حاصل ہونے والا سود		**35,021**	92,118
سرمایہ کاری سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم		**(1,851,760)**	(2,013,744)
مالکاری سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ			
اجارہ واجبات کی ادائیگی		**(839,730)**	-
اداشدہ مقسومے		**(13,324)**	(2,505,550)
مالکاری سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم		**(853,054)**	(2,505,550)
رقم اور رقم کے مساوی اشیا کا خالص اضافہ / (کمی)		**244,768**	(8,276,429)
سال کے آغاز پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا		**(6,079,565)**	2,196,864
سال کے اختتام پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا	36	**(5,834,797)**	(6,079,565)

منسلک نوٹس 1 تا 44 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں

فیصل وحید	**ہارون رشید**	**ناز خان**
چیف فنانشل آفیسر	چیف ایگزیکٹو آفیسر	ڈائریکٹر

مالی گوشواروں کے نوٹس

-1 **کمپنی اور اس کے آپریشنز**

1.1 شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) محدود واجبہ کمپنی ہے جو پاکستان میں قائم کی گئی اور جو پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رجسٹرڈ ہے۔ کمپنی شیل پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ، برطانیہ (فوری مالک) کی ذیلی ہے، جو رائل ڈچ شیل پبلک لمیٹڈ کمپنی (حتمی مالک) کی ذیلی ہے۔ کمپنی کا رجسٹرڈ دفتر شیل ہاؤس، 6، چوہدری خلیق الزمان روڈ، کراچی- 75530، پاکستان پر واقع ہے۔

1.2 کمپنی پٹرولیم مصنوعات اور کمپریسڈ قدرتی گیس کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ یہ لبریکینٹ آئلز کی مختلف اقسام کی تیاری و مارکیٹنگ بھی کرتی ہے۔

1.3 **جغرافیائی مقامات اور کاروباری یونٹس کے پتے**

ہیڈ آفس	شیل ہاؤس، 6، چوہدری خلیق الزمان روڈ، کراچی
لیوب آئل بلینڈنگ پلانٹ	پلانٹ نمبر 22، آئل انسٹالیشن ایریا، کیماڑی، کراچی

ریجنل مارکیٹنگ، سیل آفس اور انوائسنگ پوائنٹس پورے ملک میں واقع ہیں۔ کمپنی پاکستان اور شمالی علاقوں میں اپنی ریٹیل آپریشنز کی سائٹ اور ڈیلرز کے ماتحت چلنے والی سائٹس کی ملکیت رکھتی ہے، جن کی تفصیلات کا ان مالی بیانات میں اظہار کمپنیز ایکٹ، 2017ء (ایکٹ) کے چوتھے شیڈول کے تحت ناقابل عمل ہے۔

-2 **آپریشنز کی بنیادیں**

2.1 **کمپلائنس کا بیان**

یہ مالی گوشوارے ان اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات کے مطابق تیار کیے گئے ہیں جیسا کہ اکاؤنٹنگ اور مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے۔ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، درج ذیل ہیں:

- انٹرنیشنل اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز بورڈ (آئی اے ایس بی) کی جانب سے جاری کردہ انٹرنیشنل فنانشل رپورٹنگ اسٹینڈرڈز (آئی ایف آر ایس)، جسے ایکٹ کے تحت مشتہر کیا گیا تھا؛ اور
- کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شرائط اور حکم نامے

جہاں کہیں کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شرائط اور حکم نامے آئی ایف آر ایس کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں تھے، وہاں ایکٹ کی شرائط اور حکم ناموں پر عمل کیا گیا ہے۔

2.2 **اکاؤنٹنگ کی پابندی**

یہ مالی بیانات تاریخی لاگت کے کنونشن کے تحت تیار کیے گئے ہیں، ماسوا ان کے جنھیں خصوصی طور پر بیان کیا گیا ہو۔

2.3 **موجودہ معیارات میں معیاروں کا اطلاق، ترامیم و توضیح**

ان مالی گوشواروں کی تیاری میں استعمال کی گئی اکاؤنٹنگ پالیسیاں وہی ہیں جن کا اطلاق گذشتہ مالی سال میں کیا گیا تھا، ماسوا ظاہر کیے گئے درج ذیل کے:

2.3.1 **دورانِ سال اختیار کیے گئے اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات، ترامیم اور توضیحات**

کمپنی نے اکاؤنٹنگ کے درج ذیل معیارات اور آئی ایف آر ایس کی ترامیم اور تشریحات کو اپنایا ہے جو رواں سال لاگو کی گئیں:

آئی ایف آر ایس 9	مالی آلات
آئی ایف آر ایس 9	منفی تلافی کے ساتھ قبل از ادائیگی خصوصیات-(ترامیم)
آئی ایف آر ایس 15	صارفین کے ساتھ معاہدات کے محاصل
آئی ایف آر ایس 16	اجارے
آئی اے ایس 19	ملازمین کے فوائد: منصوبے کی ترامیم، کاٹ چھانٹ اور تصفیے (ترامیم)
آئی اے ایس 28	معاونین اور مشترکہ امور میں سرمایہ کاریاں: معاونین اور مشترکہ امور میں طویل مدتی سود (ترامیم)
آئی ایف آر آئی سی 23	انکم ٹیکس کے برتاؤ میں عدم یقینی

2.3.2 **دسمبر 2017ء میں آئی اے ایس بی کی جانب سے جاری کردہ اکاؤنٹنگ معیارات میں تبدیلیاں**

آئی ایف آر ایس 3	کاروباری اتصال: کسی مشترکہ آپریشن میں سابقہ سود
آئی ایف آر ایس 11	مشترکہ انتظامات: کسی مشترکہ آپریشن میں سابقہ سود

آئی اے ایس12	انکم ٹیکس: ایکویٹی کے مطابق درجہ بند مالی آلات پر ادائیگیوں کے انکم ٹیکس پر نتائج
آئی اے ایس23	قرض گیری لاگتیں: سرمایہ بندی کے لیے اہل قرض گیری لاگتیں

اکاؤنٹنگ کے معیارات میں درج بالا معیارات، ترامیم، اور تبدیلیوں کا نفاذ ان مالی گوشواروں پر کوئی ٹھوس اثر نہیں ڈالتے ماسوا آئی ایف آر ایس 9، آئی ایف آر ایس 15 اور آئی ایف آر ایس16 کے، جو درج ذیل ہیں:

آئی ایف آر ایس 9 –مالی آلات

مالی آلات کے لیے اکاؤنٹنگ پہلوؤں کو یکجا کرتے ہوئے آئی ایف آر ایس 9 آئی اے ایس 39 کی جگہ لیتے ہیں: درجہ بندی، پیمائش اور مضرت۔

آئی ایف آر ایس 9 یا تو ایک مکمل راجع بہ ماضی (retrospective) یا اپنائی ہوئی ترمیم شدہ اپروچ کی اجازت دیتا ہے۔ کمپنی نے درجہ بندی، پیمائش اور مضرت کے لیے ترمیم شدہ راجع بہ ماضی اپروچ کا استعمال کرتے ہوئے معیار کو اپنایا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یکم جنوری، 2019ء سے اسے نافذ العمل کرنے کے مجموعی اثرات، اگر کوئی ہیں تو، انھیں غیر مختص منافع کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے اور تقابل کو بحال نہیں کیا جاتا ہے۔ ان نئے تقاضوں کی تفصیلات کے ساتھ ساتھ کمپنی کے مالی بیانات پر ان کے اثرات کو ذیل میں بیان کیا گیا ہے:

درجہ بندی اور پیمائش

اگر مالی اثاثہ منافع یا نقصان، لین دین کے اخراجات کے ذریعے عرفی قدر (fair value) پر نہ ہو کمپنی کسی مالی اثاثے کی ابتدائی طور پر اپنی عرفی قدر پر پیمائش کرتی ہے۔ آئی ایف آر ایس 9 کے تحت مالی آلات کو نفع و نقصان بذریعہ عرفی قدر (ایف وی ٹی پی ایل)، لاگت بالا قساط، یا عرفی قدر بذریعہ دیگر جامع آمدنی (ایف وی او سی آئی) سے پیمائش کی جاتی ہے۔ یہ درجہ بندی دو معیارات پر مبنی ہوتی ہے: اثاثوں کے انتظام کے لیے کمپنی کا کاروباری ماڈل؛ اور کیا کہ آلات کا معاہداتی رقوم کا بہاؤ اصل واجب الادا رقم پر اصل اور سود کی خالص ادائیگیوں (SPPI) کو ظاہر کرتا ہے۔

آئی ایف آر ایس 9 پر منتقلی کی تاریخ میں، کمپنی کے پاس موجود مالیاتی اثاثوں کی پیمائش بالا قساط لاگت اور ایکویٹی آلات کی لاگت پر کی گئی تھی۔ کمپنی کے مالی اثاثوں کی نئی درجہ بندی اور پیمائش حسب ذیل ہے۔

- کسی کاروباری ماڈل میں مالیاتی اثاثوں کے لیے بالا قساط لاگت پر رکھے جانے والے قرض کے آلات تاکہ SPPI معیار پر پورا اترنے والی معاہداتی رقوم کے بہاؤ کو جمع کرنے کے لیے مالیاتی اثاثوں کو برقرار رکھا جاسکے۔
- ایف وی او سی آئی پر ایکویٹی کے آلات، جن میں عدم شناخت پر نفع یا نقصان میں فائدے یا خسارے کی ری سائیکلنگ نہیں ہوتی۔ اس زمرے میں صرف ایکویٹی کے آلات شامل ہیں جو کمپنی مستقبل قریب میں رکھنا چاہتی ہو اور کمپنی جن کی ابتدائی نشاندہی اور منتقلی پر ناقابلِ تنسیخ طور پر درجہ بندی کر چکی ہو۔ ایف وی او سی آئی میں کمپنی نے اپنے غیر مندرج ایکویٹی آلات کی ایکویٹی آلات کے طور پر درجہ بندی کی۔ آئی اے ایس 39 کے تحت، کمپنی کے غیر مندرج ایکویٹی آلات کی درجہ بندی دستیاب برائے فروخت مالیاتی اثاثوں کے طور پر کی گئی تھی۔

کمپنی کے مالی واجبات کی اکاؤنٹنگ بڑی حد تک زیادہ تر ویسی ہی ہے جیسی کہ یہ آئی اے ایس 39 کے تحت تھی۔ لہٰذا، آئی ایف آر ایس 9 کو اپنانے سے کمپنی کے مالی ذمہ واجبات سے متعلق اکاؤنٹنگ پالیسیوں پر کوئی خاص اثر نہیں پڑا ہے۔

مضرت

آئی اے ایس 39 کی جگہ آئی ایف آر ایس 9 کو اپنانے سے مالی اثاثوں کے لیے مضرت کے خساروں کی جگہ متوقع کریڈٹ نقصان (ای سی ایل) کے ساتھ کمپنی کی اکاؤنٹنگ پالیسیاں بنیادی طور پر بدل چکی ہیں۔ آئی ایف آر ایس 9 کے مطابق کمپنی کے لیے ایف وی پی ایل کے طور پر درجہ بندی شدہ قرض کے آلات اور ایف وی پی ایل یا ایف وی او سی آئی کے طور پر درجہ بند ایکویٹی آلات کے علاوہ دیگر مالی اثاثوں کے ای سی ایل کے لیے الاؤنس درج کرنا ضروری ہے ۔

کمپنی نے مالی اثاثوں کی مضرت کے لیے نئی اکاؤنٹنگ پالیسی کے مطابق ای سی ایل اپروچ کا اطلاق کیا ہے جیسا کہ ان مالیاتی بیانات کے نوٹ 3.4.1 میں ذکر کیا گیا ہے۔

آئی ایف آر ایس 9 کو اپنانا درج ذیل پر منتج ہوا:

	نوٹ	(ہزار روپے)
غیر حصولی منافع		4,068,450
31 دسمبر 2019ء پر		
آئی ایف آر ایس 9 کا اثر		
معاون کی برقرار آمدنیوں میں تبدیلی کی وجہ سے کمی		(142,458)
تجارتی قرضوں کے حوالے سے عائد مضرت کی وجہ سے کمی	12.3	(67,763)
دیگر واجبات کے حوالے سے عائد مضرت کی وجہ سے کمی	14.8	(558,925)
متعلقہ ٹیکس کا اثر		181,739
		(444,949)
یکم جنوری 2019ء پر۔از سرنو بیان کردہ		3,481,043
طویل مدتی سرمایہ کاریاں		
31 دسمبر 2019ء پر		4,436,561
آئی ایف آر ایس 9 کا اثر		
معاون کی برقرار آمدنیوں میں تبدیلی کی وجہ سے کمی	7.1	(142,458)
یکم جنوری 2019ء پر۔از سرنو بیان کردہ		4,294,103
تجارتی قرضے		
31 دسمبر 2019ء پر		3,264,207
آئی ایف آر ایس 9 کا اثر		
تجارتی قرضوں کے حوالے سے عائد مضرت کی وجہ سے کمی	12.3	(67,763)
یکم جنوری 2019ء پر۔از سرنو بیان کردہ		3,196,444
دیگر واجبات		
31 دسمبر 2019ء پر		10,797,182
آئی ایف آر ایس 9 کا اثر		
دیگر واجبات کے حوالے سے عائد مضرت کی وجہ سے کمی	14.8	(558,925)
یکم جنوری 2019ء پر۔از سرنو بیان کردہ		10,238,257
مؤخر ٹیکس		
31 دسمبر 2019ء پر		178,456
آئی ایف آر ایس 9 کا اثر:		
تجارتی قرضوں کے حوالے سے عائد مضرت پر مؤخر انکم ٹیکس		19,651
دیگر واجبات کے حوالے سے عائد مضرت پر مؤخر انکم ٹیکس		162,088
		181,739
یکم جنوری 2019ء پر۔از سرنو بیان کردہ		360,195

آئی ایف آر ایس 15 -صارفین کے ساتھ معاہدات کے محاصل

آئی ایف آر ایس 15 آئی اے ایس 11 تعمیری معاہدے اور آئی اے ایس 18 محاصل اور متعلقہ توضیحات کو مسترد کرتا ہے اور اس کا اطلاق، محدود استثنا کے ساتھ، صارفین کے ساتھ معاہدات کے ضمن میں حاصل ہونے والے تمام محاصل کے لیے ہوتا ہے۔ آئی ایف آر ایس 15 صارفین کے ساتھ معاہدوں سے ہونے والی آمدنی کا حساب کرنے کے لیے ایک پانچ مراحل پر مبنی ماڈل مرتب کرتا ہے، اور اس کے لیے ضروری ہے کہ محاصل کو اس رقم سے تسلیم کیا جائے جس کا کوئی ادارہ صارفین کو سامان یا خدمات کی منتقلی کے بدلے میں حق دار بنے گا۔

آئی ایف آر ایس 15 کے مطابق ماڈل کے ہر مرحلے کا اطلاق کرتے ہوئے ادارے کے لیے ضروری ہے کہ وہ صارفین کے ساتھ معاہدے میں تمام متعلقہ حقائق اور حالات پر غور کر کے فیصلہ کرے۔ یہ معیار معاہدہ حاصل کرنے کے اضافی اخراجات اور معاہدہ کو پورا کرنے کے ضمن میں براہ راست متعلقہ اخراجات کے لیے اکاؤنٹنگ کی بھی وضاحت کرتا ہے۔

کمپنی نے یکم جنوری 2019ء سے اپنانے کے راجع بہ ماضی طریقہ کار کا انتخاب کیا۔ کمپنی پٹرولیم اور متعلقہ مصنوعات کی خریداریوں، ذخیرہ کاری اور مارکیٹنگ سے منسلک رہی ہے۔ یہ لبریکینٹ آئلز کی مختلف اقسام کی تیاری و مارکیٹنگ بھی کرتی ہے۔ کمپنی نے جائزہ لیا ہے کہ صارفین کے ساتھ معاہدوں میں کارکردگی کی نمایاں ذمہ داریاں متعلقہ اشیا کی منتقلی پر کنٹرول پر مبنی ہیں اور اس وقت اسے موقوف کر دیا جاتا ہے۔ اشیا کی منتقلی صارفین کو اشیا کی ترسیل کے وقت ہوتی ہے۔

درج بالا جائزے کی بنا پر، کمپنی سمجھتی ہے کہ اس کی موجودہ اکاؤنٹنگ پالیسیاں کافی حد تک آئی ایف آر ایس 15 کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہیں۔

آئی ایف آر ایس 16 -اجارے

آئی ایف آر ایس 16، آئی اے ایس 17 اجارے، آئی ایف آر آئی سی 4 اس امر کا تعین کہ کیا انتظام میں اجارہ موجود ہے، ایس آئی سی 15 آپریٹنگ اجارے کی ترغیبات، اور ایس آئی سی 27 کسی اجارے کے قانونی فارم کے ضمن میں لین دین کے مادے کے جائزے کو مسترد کرتا ہے۔ یہ معیار آئی ایف آر ایس 16 کے تحت اجاروں کی پہچان، پیمائش، اظہار اور انکشاف کے اصول کا تعین کرتا ہے جس میں آپریٹنگ اور مالیاتی اجاروں کے درمیان فرق کو، مع چند استثنات، ختم کر دیا گیا ہے، اور جو مالی حیثیت کے بیان میں ان کے متعلقہ اجارہ واجبات کے ساتھ اثاثوں کے استعمال کا حق سمجھا جائے گا۔

کمپنی کی اجارے کی ذمہ داریاں زمینوں اور دفتر کے احاطے میں اسے اجارے کے انتظام کا حقِ استعمال دینے پر مشتمل ہے۔

کمپنی نے آئی ایف آر ایس 16 کو متعلقہ راجع بہ ماضی طریقے پر یکم جنوری 2019ء کو اختیار کیا۔ اس طریقے کے تحت ابتدائی اطلاق کی تاریخ کو معیار تسلیم کر کے سابقہ اثر کو مجموعی اثر کے ساتھ تقابلی معلومات کی بحالی کے بغیر استعمال کرنے کے معیار کا اطلاق کیا جاتا ہے۔

کمپنی منتقلی کے عملی جامع استعمال کرنے کا انتخاب کرتی ہے جس کی مدد سے کمپنی اسی طرح کی خصوصیات والے اجاروں کے پورٹ فولیو میں ایک واحد رعایت کی شرح استعمال کر سکتی ہے۔

آئی ایف آر ایس منتقلی کے لیے ترمیم شدہ طریقہ کار کے تحت دو آپشنز کی اجازت دیتا ہے، جو درج ذیل ہیں:

- باقی ماندہ اجارہ ادائیگیوں اور اور اجارہ واجبہ کے مساوی حق استعمال کے اثاثوں کی موجودہ مالیت پر آپریٹنگ اجاروں کے لیے ابتدائی اطلاق کی تاریخ پر اجارہ واجبہ کو تسلیم کرنا، جو ان اجاروں سے متعلق کسی بھی پری پیڈ یا وصول شدہ اجارہ ادائیگی کی رقم سے ایڈجسٹ کرنا، یا؛
- باقی ماندہ اجارہ ادائیگیوں اور اور اجارہ واجبہ کے مساوی حق استعمال کے اثاثوں کی موجودہ مالیت پر آپریٹنگ اجاروں کے لیے ابتدائی اطلاق کی تاریخ پر اجارہ واجبہ کو کتابی مالیت پر تسلیم کرنا، جبکہ اگر ہمیشہ نئے معیارات کا اطلاق کیا گیا۔

معیار کا اطلاق کرتے ہوئے کمپنی نے باقی ماندہ اجارہ ادائیگیوں اور اور اجارہ واجبہ کے مساوی حق استعمال کے اثاثوں کی موجودہ مالیت پر آپریٹنگ اجاروں کے لیے ابتدائی اطلاق کی تاریخ پر اجارہ واجبہ کو تسلیم کیا ہے، جو اس سے قبل پری پیڈ یا وصول شدہ اجارہ ادائیگی کی رقم سے ایڈجسٹ کیے گئے تھے۔ موجودہ مالیت کا تعین اجاروں کے پورٹ فولیو کے لیے مفرد ڈسکاؤنٹ شرح استعمال کرتے ہوئے کیا گیا ہے جو معیار میں فراہم کی گئی عملی مصلحت پر مبنی خصوصیات کا اظہار کرتی ہے۔

اجارے کی مدت ایک ناقابلِ تنسیخ منسوخ مدت ہے جس کے لیے کمپنی کو کسی ایک آپشن کا احاطہ کرنے والی میعادوں کے ساتھ ہم آہنگ مذکورہ اثاثوں کے استعمال کا اس حد تک حق ہے جب تک کہ کمپنی کو اس پر عمل کا معقول طور پر یقین ہو اور اگر عمل کا معقول طور پر یقین نہ ہو تو منسوخ کرنے کا حق رکھتی ہے۔

یکم جنوری 2019ء سے کیا گیا آئی ایف آر ایس 16 کا نفاذ (اضافہ / کمی) درج ذیل ہے:

	نوٹ	(ہزار روپے)
حقِ استعمال کے اثاثے	5	3,575,736
پیش ادائیگیاں		(859,510)
مجموعی اثاثے		2,716,226
اجارہ واجبات	18	2,716,226
مؤخر ٹیکس		249,258

یکم جنوری 2019ء تک اجارے کے واجبات کو 31 دسمبر 2018ء تک آپریٹنگ اجاروں کے معاہدات کے ساتھ یکجا کیا جا سکتا ہے، جو درج ذیل ہے:

	(ہزار روپے)
31 دسمبر 2018ء تک آپریٹنگ اجاروں کے معاہدات	5,217,504
رعایت کا اثر	(2,384,298)
قلیل مدتی اجارے	(12,051)
دیگر یکجا کرنے والی اشیا	(104,929)
یکم جنوری 2019ء تک مجموعی اجارہ واجبات	2,716,226
یکم جنوری 2019ء تک بڑھتی ہوئی قرض گیری کی بہ وزن اوسط شرح	**10 فیصد**

2.3.3 اکاؤنٹنگ کے منظور شدہ معیارات کے معیار اور ترامیم جو ابھی تک مؤثر نہیں ہیں

درج ذیل معیارات، ترامیم اور تشریحات جو پاکستان میں قابل اطلاق اکاؤنٹنگ معیارات کے سلسلے میں متعلق ہیں وہ نیچے دی گئی متعلقہ معیار یا تشریح کے سامنے درج تاریخوں سے مؤثر ہوں گی۔

معیار اور ترامیم		**تاریخ نفاذ (سالانہ مدت کے آغاز پر یا اس کے بعد)**
آئی ایف آر ایس 14	ضوابطی مؤخر کھاتے	یکم جولائی 2019ء
آئی ایف آر ایس 3	کاروبار کی تعریف (ترامیم)	یکم جنوری 2020ء
آئی اے ایس 1 / آئی اے ایس 8	میٹیرل کی تعریف (ترامیم)	یکم جنوری 2020ء
آئی ایف آر ایس 10	مجموعی مالی گوشوارے اور آئی اے ایس 28 معاونین میں سرمایہ کاری اور ایک سرمایہ کار اور اس کے معان یا مشترکہ کاروبار کے درمیان مشترکہ فروخت یا اثاثوں میں حصہ (ترامیم)	اب تک حتمی نہیں ہو سکا

آئی اے ایس بی نے مارچ 2018ء میں نظر ثانی شدہ مالی رپورٹنگ کا تصوراتی (conceptual) فریم ورک (The Conceptual Framework) بھی جاری کیا جس کا نفاذ مالی گوشواروں کے تیار کنندگان، جو تصوراتی فریم ورک پر مبنی اکاؤنٹنگ کی پالیسیاں وضع کرتے ہیں، کے لیے یکم جنوری یا اس کے بعد سے شروع ہونے والی سالانہ مدتوں کے لیے کیا گیا ہے۔ نظر ثانی شدہ تصوراتی فریم ورک کوئی معیار نہیں ہے، اور کوئی بھی تصور کسی معیار میں موجود تصور یا کسی تقاضے کو مسترد نہیں کرتا ہے۔ تصوراتی فریم ورک کا مقصد معیارات کی تیاری میں آئی اے ایس بی کی معاونت کرنا ہے تاکہ، اگر کوئی قابلِ اطلاق معیار موجود نہ ہو تو، مستقل اکاؤنٹنگ پالیسیاں تیار کرنے میں مدد سکے، اور معیارات کو سمجھنے اور اس کی ترجمانی کرنے میں تمام فریقوں کی مدد کرنا ہے۔

مزید براں، آئی اے ایس بی کی جانب سے مندرجہ ذیل نئے معیارات جاری کردیے گئے ہیں جن کے پاکستان میں اطلاق کے لیے اب تک ایس ای سی پی نے کوئی اعلامیہ جاری نہیں کیا ہے۔

آئی اے ایس بی تاریخِ نفاذ (سالانہ مدت کے آغاز پر یا اس کے بعد)		معیار اور ترامیم
یکم جنوری 2004ء	آئی ایف آر ایس کا پہلی بار نفاذ	آئی ایف آر ایس 1
یکم جنوری 2021ء	بیمہ معاہدے	آئی ایف آر ایس 17

2.4 اکاؤنٹنگ کے اہم تخمینے، مفروضات اور فیصلے

ان مالی بیانات کی اکاؤنٹنگ معیارات، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، کے مطابق تیاری، کے ضمن میں مینیجمنٹ کے لیے فیصلے، تخمینے اور مفروضے قائم کرنا ضروری ہیں، جو پالیسیوں کے اطلاق اور اثاثوں، واجبات، آمدنی اور اخراجات کی رپورٹ کی گئی مقدار کو متاثر کرتی ہیں۔ تخمینے اور ان سے منسلک مفروضات تاریخی تجربے اور مختلف دیگر عوامل پر مبنی ہوتے ہیں جن کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ وہ حالات کے مطابق معقول ہیں، اور جن کے نتائج اثاثوں اور واجبات مندرجہ مالیت (carrying value) کے بارے میں فیصلے کرنے کی بنیاد بنتے ہیں جو دیگر ذرائع سے با آسانی سے ظاہر نہیں ہوتے ہیں۔ حقیقی نتائج ان تخمینوں سے مختلف ہوسکتے ہیں۔ مفروضات سے متعلق تخمینوں کا مستقل بنیاد پر جائزہ لیا جاتا ہے۔ اگر ترمیم صرف اسی مدت کو متاثر کرتی ہے، یا اگر نظر ثانی موجودہ اور آئندہ دونوں ادوار کو متاثر کرتی ہے تو اکاؤنٹنگ تخمینوں پر نظر ثانی اس مدت میں ہوتی ہے جس میں تخمینے پر نظر ثانی کی گئی ہو۔

اگلے مالی سال کے اندر اثاثوں اور واجبات کی مندرجہ مالیت میں مادی ردوبدل کے خطرہ سے مشروط، مینیجمنٹ کے یہ تخمینے، مفروضے اور فیصلے، مندرجہ ذیل ہیں:

i قابلِ استعمال عرصے کا تعین، فرسودگی / متروک کرنے کا طریقہ کار اور جائیداد، پلانٹ اور ساز و سامان اور غیر مادی اثاثوں کی باقی ماندہ مالیت (نوٹس: 3.1، 3.3، 4.1 اور 6)؛

ii مالی اور غیر مالی اثاثوں کی مضرت (نوٹس: 3.4، 4.8، 12.3 اور 14.8)؛

iii کتابی مالیت میں تخفیف کے لیے اسٹاک ان ٹریڈ کی خالص وصولی قیمت کا جائزہ اور متروک قرار دینے کے لیے اسٹاک ان ٹریڈ کا جائزہ (نوٹس: 3.9 اور 11)؛

iv اثاثوں کی سبک دوشی (واپسی) کی شرط (نوٹس: 3.1، 3.2 اور 17)؛

v ریٹائرمنٹ اور دیگر خدمات کی مراعات کے سلسلے میں واجب الادا اور قابل ادائیگی رقوم کا تخمینہ (نوٹس: 3.12 اور 32)

vi جاری اور، مؤخر ٹیکس کی شرط (نوٹس: 3.8، 10 اور 30)

vii اتفاقی واجبات کا تعین (نوٹس 3.17 اور 22)؛

viii تجدید اور اختتامی اختیارات کے ساتھ معاہدوں کی لیز کی مدت کا تعین (نوٹس: 3.14 اور 18)

ix اجارے- قرض گیری کی بڑھتی شرح کا تخمینہ (نوٹس: 3.14 اور 18)؛ اور

x معاونین کے علاوہ غیر مندرج ایکویٹی سرمایہ کاریوں کی قیمت بندی

3- نمایاں اکاؤنٹنگ پالیسیوں کا خلاصہ

3.1 جائداد، پلانٹ اور آلات

ان کا تخمینہ نفی لاگت مجموعی فرسودگی اور مجموعی مضرت کے نقصانات، اگر کوئی ہو تو، پر لگایا جاتا ہے، ماسوائے فری ہولڈ اراضی کے، جو نفی لاگت مجموعی مضرت کے نقصانات کے بارے میں بتایا جاتا ہے، اگر کوئی ہوں تو۔

جاری کام کے سرمائے کو نفی لاگت مجموعی مضرت کے نقصانات،، اگر کوئی ہے تو، سے بیان کیا جاتا ہے۔

تنصیب اور تعمیراتی مدت کے دوران ہونے والے مخصوص اثاثوں سے متعلق تمام اخراجات جاری کام پر سرمائے کے تحت کیے جاتے ہیں۔ جیسے ہی وہ استعمال کے لیے دستیاب ہوں، انھیں جائداد، پلانٹ اور سازوسامان کے مخصوص زمروں میں منتقل کر دیا جاتا ہے۔
اس کے بعد کے اخراجات کو اثاثوں کے طور پر تسلیم نہیں کیا جاتا ہے جب تک یہ امکان نہ ہو کہ ان اخراجات سے وابستہ مستقبل کے معاشی فوائد کمپنی کو پہنچیں گے اور لاگت کو قابل اعتماد طریقے سے ماپا جاسکتا ہے۔ بحالی اور معمول کی مرمت کو نفع یا نقصان کے بیانات اور دیگر جامع آمدنی کی مد میں عائد کیا جاتا ہے۔

فرسودگی کو راست طریقہ (straight-line method) کا استعمال کرتے ہوئے نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کی مد میں عائد کیا جاتا ہے، جبکہ آپریٹنگ اثاثے کی لاگت سے اس کے مدتِ استعمال کے تخمینے سے بقایا تخمینہ شدہ مالیت کو منہا کر دیا جاتا ہے جسے ان مالی گوشواروں کے نوٹ 4.1 میں دیا گیا ہے۔ مالی پوزیشن کی تاریخ کے ہر بیان پر، بقایا مالیتیں، مدتِ استعمال اور فرسودگی کے طریقوں کا جائزہ لیا جاتا ہے اور ایڈجسٹ کیا جاتا ہے، اگر مناسب ہو تو۔

اضافی آلات پر فرسودگی اُس مہینے سے عائد کی جاتی ہے جس میں ایک اثاثہ استعمال کے لیے دستیاب ہوتا ہے جبکہ اس مہینے میں فرسودگی کی شرح عائد نہیں کی جاتی جس میں وہ اثاثہ متروک کیا جاتا ہے۔

فروخت کی آمدنی اور مندرجہ مالیت کے مابین فرق سے ظاہر کیے گئے، کسی اثاثے کے تلف کرنے یا ترکِ استعمال پر حاصل ہونے والے نفع یا نقصان، کو تلف کی مدت میں نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے گوشواروں میں بطور آمدنی یا اخراجات ظاہر کیا گیا ہے۔

اگر اثاثے کی مندرجہ مالیت اس کے تخمینہ شدہ واجب الوصول سے زائد ہو تو، کسی اثاثے کی مندرجہ مالیت فوری طور پر اس کی واجب الوصول رقم میں درج کر دی جاتی ہے۔

3.2 حقِ استعمال کے اثاثے

کمپنی اجارے کی تاریخ آغاز (وہ تاریخ جب سے مذکورہ اثاثے استعمال میں آئیں) پر حقِ استعمال کے اثاثوں کی نشاندہی کرتی ہے۔ کسی مجموعی فرسودگی اور مضرت کے نقصانات اور اجارہ واجبات کے نو پیمائش کے تصفیے سے لاگت منہا کر کے حقِ استعمال کے اثاثوں کی پیمائش کی جاتی ہے۔ حقِ استعمال کے اثاثوں کی لاگت میں اجارے کے واجبات کی شناخت، کیے گئے ابتدائی اخراجات اور تاریخِ آغاز پر یا اس سے قبل کی گئی اجارہ ادائیگیاں منہا حاصل کردہ اجارہ رعایتیں، شامل ہیں۔ حقِ استعمال کے اثاثے اجارے کی مدت میں راست طریقے کی بنیاد پر فرسودہ ہوتے ہیں۔

3.3 غیر مادی اثاثے۔ کمپیوٹر سافٹ ویئر

یہ، اگر کوئی ہوں تو، مجموعی بالا قساط ادائیگی (amortization) اور مجموعی مضرت کے نقصانات منہا لاگت کی بنیاد پر درج ہوتے ہیں۔

اس کی مدتِ استعمال کے دوران بالا قساط ادائیگی کو راست طریقہ (straight-line method) کا استعمال کرتے ہوئے نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کی مد میں عائد کیا جاتا ہے، جسے ان مالی گوشواروں کے نوٹ 6 میں دی گئی شرح پر درج کیا گیا ہے۔ اضافی آلات پر بالا قساط ادائیگی اُس مہینے سے عائد کی جاتی ہے جس میں ایک غیر مادی اثاثہ استعمال کے لیے دستیاب ہوتا ہے جبکہ اس مہینے میں قسط عائد نہیں کی جاتی جس میں وہ غیر مادی اثاثہ متروک کیا جاتا ہے۔

فروخت کی آمدنی اور مندرجہ مالیت کے مابین فرق سے ظاہر کیے گئے، کسی غیر مادی اثاثے کے تلف کرنے یا ترکِ استعمال پر حاصل ہونے والے نفع یا نقصان، کو تلف کی مدت میں نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے گوشواروں میں بطور آمدنی یا اخراجات ظاہر کیا گیا ہے۔

اگر غیر مادی اثاثے کی مندرجہ مالیت اس کے تخمینہ شدہ واجب الوصول سے زائد ہو تو، کسی غیر مادی اثاثے کی مندرجہ مالیت فوری طور پر اس کی واجب الوصول رقم میں درج کر دی جاتی ہے۔

3.4 **مضرت**

3.4.1 **مالی اثاثوں کی مضرت**

کمپنی نفع یا نقصان کے ذریعے مناسب مالیت پر نہ رکھے جانے والے قرضوں کے تمام آلات کے لیے متوقع کریڈٹ نقصانات (ای سی ایل) کے لیے الاؤنس کو تسلیم کرتی ہے۔ متوقع کریڈٹ نقصانات معاہدے کے مطابق واجب معاہدے پر مبنی نقد رقوم کے بہاؤ اور ان تمام نقد رقوم کے بہاؤ، جو کمپنی کو حاصل ہونے کی توقع ہے، کے درمیان فرق پر مبنی ہیں اور حقیقی مؤثر شرحِ سود کے قریب ہونے پر چھوٹ دی جاتی ہے۔ موجود رہن کی فروخت پر حاصل ہونے والے نقد رقوم کے بہاؤ یا دیگر قرضوں کی انکیشمنٹ جو معاہدوں کے لحاظ سے لازمی ہیں، متوقع نقد رقوم کے بہاؤ میں شامل ہیں۔

ای سی ایل کو دو مراحل میں تسلیم کیا جاتا ہے: قرضوں کے انکشاف (ایکسپوژر) کے لیے، جن میں ابتدائی پہچان کے بعد سے خطرہ قرض میں کوئی خاص اضافہ نہیں ہوا ہے، ای سی ایل خسارہ قرض کے لیے مہیا کیے جاتے ہیں جو اگلے 12 مہینوں (12 ماہی ای سی ایل) کے اندر ممکنہ دیوالے پر منتج ہوتے ہیں۔ ان قرضوں کے انکشاف (ایکسپوژر) کے لیے، جن میں ابتدائی پہچان کے بعد سے خطرہ قرض میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، ان میں دیوالے کی مدت کے باوجود، باقی ماندہ عمر کے انکشاف میں خسارہ قرض کے لیے خسارے کا الاؤنس درکار ہوتا ہے (تاعمر ای سی ایل)۔

تجارتی خسارے کے علاوہ مالی اثاثوں کے لیے، کمپنی ای سی ایل کے حسابی تخمینے میں عمومی اپروچ کا اطلاق کرتی ہے۔ یہ معاہدے کے مطابق واجب الادا معاہداتی رقوم کے بہاؤ اور تمام رقوم کے بہاؤ، جو کمپنی حقیقی مؤثر شرحِ سود کے تخمینے پر موصول ہونے والے ڈسکاؤنٹ کے مابین تفرق پر مبنی ہوتا ہے۔ رقوم کے متوقع بہاؤ میں مکفولہ جائداد (collateral) کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقوم یا معاہداتی شرائط کے مطابق قرضے میں دیگر اضافے شامل ہوں گے۔

تجارتی قرضوں کے لیے، کمپنی ای سی ایل کے حسابی تخمینے میں سادہ اپروچ کا اطلاق کرتی ہے۔ چنانچہ، کمپنی خطرہ قرض میں تبدیلیوں کو تلاش کرنے کے بجائے ہر رپورٹنگ کی تاریخ پر تاعمر ای سی ایل پر مبنی خسارہ الاؤنس کی شناخت کرتی ہے۔ کمپنی نے اسی طرح کی خصوصیات اور صارفین کی کریڈٹ ریٹنگ پر مبنی ڈیفالٹ ریٹس کے حامل صارفین کے بڑے پورٹ فولیو کے لیے ایک پروجیکٹ میٹرکس قائم کیا ہے جن کے واجب الوصول واجبات جو کمپنی کے ماضی کے خسارہ قرض کے تجربے پر مبنی ہیں، جن میں قرض گیروں اور معاشی ماحول سے مخصوص پیش بینی عوامل کے لیے ردوبدل کی گئی ہے۔

جب معاہداتی ادائیگیاں کو واجب الادا ہوئے 90 روز گزر چکے ہوں، ماسوایہ کہ اس کے ضمن میں کچھ دیگر عوامل ہوں، تو کمپنی اس مالی اثاثے کو دیوالے کے خطرے کا شکار سمجھتی ہے۔ تاہم، بعض صورتوں میں، کمپنی کسی مالی اثاثے کو اس وقت بھی دیوالہ سمجھ سکتی ہے جب داخلی وخارجی معلومات سے ظاہر ہو کہ کمپنی پر کریڈٹ کے کسی اضافے پر غور کرنے سے قبل ہی معاہداتی رقوم کے واجبات کا امکان ہو۔ جب معاہداتی رقوم کی بحالی کی ٹھوس توقع نہ ہو تو مالی اثاثے کو منسوخ کر دیا جاتا ہے۔

3.4.2 **غیر مالی اثاثوں کی مضرت**

رپورٹنگ کی ہر تاریخ میں غیر مالی اثاثوں کی مندرجہ مالیت کا اندازہ لگایا جاتا ہے تاکہ معلوم کیا جاسکے کہ مضرت کا کوئی اشارہ ہے یا نہیں۔ اگر اس طرح کا اشارہ موجود ہے تو، اثاثے کی قابلِ بازیافت رقم کا تخمینہ لگایا جاتا ہے تاکہ مضرت کے نقصان کی اگر کوئی حد ہے تو، اس کا تعین کریں۔ مضرت کا نقصان نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں اخراجات کے طور پر، درج کیا جاتا ہے۔ واجب الوصول رقم اثاثے کی عرفی مالیت منہا تلف کی لاگت اور استعمال کی قدر سے بلند ہے۔ مضرت کا جائزہ لینے کے لیے، اثاثوں کی پست ترین سطح پر گروپ بندی کی جاتی ہے، جس کے لیے رقوم کے الگ قابلِ شناخت بہاؤ ہیں (نقد پیدا کرنے والے یونٹ)

اگر قابلِ بازیافت رقم کا تعین کرنے میں استعمال کیے جانے والے تخمینوں میں کوئی تبدیلی آجائے تو مضرت کا خسارہ پلٹ جاتا ہے۔ مضرت کا خسارہ صرف اس حد تک پلٹتا ہے کہ مندرجہ مالیت اس مندرجہ مالیت سے زائد نہیں ہوگی جس کا تعین کیا جاچکا ہوگا، فرسودگی یا بالا قساط ادائیگی کا خالص، بشرطیکہ اس سے قبل مضرت کا کوئی نقصان نہ ہوا ہو۔ مضرت کے نقصان کو فوری طور پر نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں درج کیا جاتا ہے۔

3.5 **معاونین میں سرمایہ کاری**

معاونین وہ تمام ادارے ہیں جن پر کمپنی کا اہم اثر ورسوخ ہے لیکن ان پر کنٹرول نہیں ہے، جس کی نمائندگی عام طور پر 20 فیصد یا اس سے زیادہ کی حصص یافتگی لیکن رائے دہندگی کے 50 فیصد سے بھی کم حقوق کے ذریعے ہوتی ہے۔ اہم اثر ورسوخ مالی اور آپریٹنگ پالیسیوں اور سرمایہ کاروں کے فیصلے میں حصہ لینے کی طاقت ہے۔ معاونین میں سرمایہ کاری کا حساب کتاب ایکویٹی کے اکاؤنٹنگ کے طریقہ کو استعمال کرتے ہوئے کیا جاتا ہے اور ابتدائی طور پر اسے اخراجات سمجھا جاتا ہے۔

حصول کے بعد کمپنی کے معاونین کا حصہ ان کے نفع یا نقصان اور کمپنی کا حصہ معاونین کی حصولی کے بعد ہونے والی جامع آمدنی کو دیگر جامع آمدنی میں تسلیم کیا جاتا ہے۔ حصول کے بعد کی مجموعی حرکیات کو سرمایہ کاریوں کی مندرجہ مالیت کے طور پر ایڈجسٹ کیا جاتا ہے۔ معاونین سے موصولہ منافع منقسمہ سرمایہ کاری کی مندرجہ مالیت کو کم کرتے ہیں۔ جب معاونین میں کمپنی کے خسارے کا حصہ معاون میں اس کے انٹرسٹ، بشمول کوئی طویل مدتی غیر محفوظ واجبہ کے مساوی یا اس سے زیادہ ہوجاتا ہے تو، کمپنی مزید نقصانات کو تسلیم نہیں کرتی ہے، جب تک کہ اس کے معاون کی طرف سے ذمہ داریوں کا ادراک یا ادائیگی نہ کی جائے۔

سرمایہ کاری کی مندرجہ مالیت کی مضرت کی جانچ اس کی واجب الادا رقم (زیر استعمال بلند مالیت اور عرفی قیمت منہا فروخت کی لاگت) کے اس کی مندرجہ مالیت اور خسارے کے موازنے سے کی جاتی ہے، اگر ہو تو، اور بطور نفع یا نقصان تسلیم کی جاتی ہے۔

3.6 **مالی آلات**

مالی آلہ وہ معاہدہ ہوتا ہے جو ایک کاروباری ادارے کے مالی اثاثے اور کسی دوسرے مالی ادارے کی مالی ذمہ داری یا ایکویٹی کو بڑھاتا ہو۔

3.6.1 **مالی اثاثے**

الف) **ابتدائی پہچان اور پیمائش**

مالی اثاثوں کی ابتدائی پہچان میں درجہ بندی کی جاتی ہے اور اس کے بعد دیگر جامع آمدنی کے ذریعے عرفی مالیت یا نفع یا نقصان کے ذریعے عرفی مالیت کی لاگت بالا قساط پر پیمائش کی جاتی ہے۔

ابتدائی پہچان میں مالیاتی اثاثوں کی درجہ بندی کا دارومدار مالی اثاثے کے معاہداتی نقد رقوم کی خصوصیات اور ان کے انتظام کے لیے کمپنی کے کاروباری ماڈل پر ہوتا ہے۔ تجارتی واجبات کے سوا، اگر مالی اثاثہ نفع یا نقصان، لین دین کی لاگتوں کے ذریعے مناسب قیمت پر نہ ہو تو کمپنی ابتدائی طور پر ایک مالی اثاثے کی اس کی مناسب قیمت پر پیمائش کرتی ہے۔ تجارتی واجبات کی پیمائش آئی ایف آر ایس کے تحت متعین کردہ لین دین کی قیمت پر کرتی ہے۔

مالی اثاثے کی بالا قساط لاگت یا او سی آئی کے ذریعے عرفی مالیت پر درجہ بندی اور پیمائش کے لیے رقوم کے بہاؤ میں اضافہ ضروری ہے جو واجب الادا اصل رقم پر ایس پی پی آئی ہیں۔ یہ جائزہ ایس پی پی آئی ٹیسٹ کہلاتا ہے اور انسٹرومنٹ (آلات) کی سطح پر انجام دیا جاتا ہے۔ مالیاتی اثاثوں کے انتظام کے لیے کمپنی کے کاروباری ماڈل سے مراد یہ ہے کہ

وہ رقوم کے بہاؤ پیدا کرنے کے لیے اپنے مالی اثاثوں کا انتظام کس طرح کرتی ہے۔ کاروباری ماڈل یہ طے کرتا ہے کہ رقوم کا بہاؤ معاہداتی رقوم کے بہاؤ، مالی اثاثوں کی فروخت یا دونوں کے نتیجے میں ہوگا۔

مالی اثاثوں کی خریداری یا فروخت جس کے لیے بازار میں ضابطہ یا کنونشن کے ذریعہ قائم شدہ ٹائم فریم کے اندر اثاثوں کی ترسیل کی ضرورت ہوتی ہے (باقاعدہ طریقہ تجارت) ٹریڈ کی تاریخ سمجھا جاتا ہے، یعنی وہ تاریخ جس میں کمپنی اثاثہ خریدنے یا بیچنے کا معاہدہ کرتی ہے۔

ب) اس کے بعد کی پیمائش

بعد میں پیمائش کے مقاصد کے لیے، کمپنی اپنے مالی اثاثوں کی درج ذیل زمروں میں درجہ بندی کرتی ہے:

- بالاقساط لاگت پر مالی اثاثے (قرض کے آلات)
- او سی آئی کے ذریعے مناسب مالیت پر نامزد مالیاتی اثاثے جن کی عدم شناخت (ایکویٹی آلات) کے بعد مجموعی فوائد اور نقصانات کی کوئی ری سائیکلنگ نہیں ہے؛ اور
- نفع یا نقصان کے ذریعے مناسب مالیت پر مالی اثاثے۔

بالاقساط لاگت پر مالی اثاثے (قرض کے آلات)

اگر مندرجہ ذیل دونوں شرائط پوری ہو جائیں تو کمپنی بالاقساط لاگت پر مالی اثاثوں کی پیمائش کرتی ہے:

- معاہداتی رقوم جمع کرنے کے مقصد سے مالی اثاثے رکھنے کے لیے ایک کاروباری ماڈل میں مالی اثاثہ رکھا جاتا ہے؛ اور
- مالیاتی اثاثے کی معاہداتی شرائط مخصوص تاریخوں پر نقد بہاؤ میں اضافہ کرتی ہیں جو صرف اصل کی ادائیگی اور اصل رقم پر سود کی ادائیگیاں ہوتی ہیں۔

بالاقساط لاگت پر مالی اثاثوں کی اس کے بعد موثر شرح سود (EIR) کے طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے مضرت کی شرط پر پیمائش کی جاتی ہے۔ اثاثے کے منسوخ، تبدیل یا خراب ہونے پر فوائد اور خساروں کو نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں تسلیم کیا جاتا ہے۔

ایف وی او سی آئی (ایکویٹی آلات) پر وضع کردہ مالی اثاثے

ابتدائی شناخت پر، جب کمپنی آئی اے ایس 32 مالیاتی آلات کے تحت ایکویٹی کی تعریف پر پورا اترتی ہے تو ایف وی او سی آئی میں نامزد کردہ ایکویٹی آلات کے طور پر کمپنی غیر منطقی طور پر اپنی ایکویٹی سرمایہ کاری کی درجہ بندی کرنے کا انتخاب کر سکتی ہے۔ درجہ بندی کا تعین انفرادی آلات کی بنیاد پر کیا جاتا ہے

ان مالی اثاثوں پر فوائد و خسارے نفع یا نقصان پر ری سائیکل نہیں کیے جاتے۔ جب حقِ ادائیگی قائم ہو جاتا ہے، منافع منقسمہ کو نفع یا نقصان کے بیان میں بطور دیگر جامع آمدنی کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے سوائے اس کے کہ جب کمپنی اس اثاثے سے مالیاتی اثاثے کے اخراجات کے حصے کی وصولی کے طور پر فائدہ اٹھاتی ہے، تو ایسی صورت میں او سی آئی میں اس طرح کے فوائد ریکارڈ کیے جاتے ہیں۔ او سی آئی کے ذریعہ مناسب قیمت پر نامزد کردہ ایکویٹی کے آلات مضرت کی تشخیص سے مشروط نہیں ہیں۔

ایف وی پی ایل پر مالی اثاثے

ٹریڈنگ کے لیے رکھے مالی اثاثے، ایف وی پی ایل کی ابتدائی پہچان پر متعین مالی اثاثے، یا مناسب مالیت پر پیمائش کے لیے درکار لازمی مالی اثاثے ایف وی پی ایل پر مالی اثاثوں میں شامل ہیں۔ اگر مالی اثاثے قریب مدت میں فروخت کرنے یا خریدنے کے مقصد سے حاصل کیے جاتے ہیں تو ان کی درجہ بندی بطور ٹریڈنگ کی جاتی ہے۔ کاروباری ماڈل سے قطع نظر، نقد بہاؤ کے ساتھ مالیاتی اثاثے جو صرف اصل اور سود کی ادائیگی نہیں ہوتے ہیں ان کی نفع یا نقصان کے ذریعے مناسب قیمت پر درجہ بندی اور پیمائش کی جاتی ہے۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، قرض کے آلات کو معمولی قیمت پر یا ایف وی او سی آئی میں درجہ بندی کرنے کے معیار کے باوجود، قرض کے آلات ابتدائی شناخت پر ایف وی پی ایل میں نامزد کیے جاسکتے ہیں اگر ایسا کرنے سے اکاؤنٹنگ میں فرق ختم ہو جاتا ہے یا اس میں نمایاں طور پر کمی واقع ہو جاتی ہے۔

ایف وی پی ایل میں مالیاتی اثاثے مناسب مالیت میں خالص تبدیلیوں کے ساتھ مالی صورتِ حال کے گوشواروں میں نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے گوشوارے میں درج ہوتے ہیں۔

اس زمرے میں مشتق آلات اور درج شدہ ایکویٹی سرمایہ کاری بھی شامل ہے جسے کمپنی نے ناقابلِ تنسیخ طور پر ایف وی او سی آئی میں درجہ بندی کے لیے منتخب نہیں کیا تھا۔ جب حقِ ادائیگی قائم ہو جائے تو فہرستی ایکویٹی پر سرمایہ کاریوں کو نفع یا نقصان کے بیان میں دیگر جامع آمدنی کے طور پر بھی تسلیم کیا جاتا ہے۔

کمپنی نے ایف وی پی ایل میں کوئی مالی اثاثہ نامزد نہیں کیا ہے۔

ج) ترکِ استعمال

ایک مالی اثاثہ (یا جہاں قابل اطلاق ہوتا ہے، مالی اثاثے کا ایک حصہ یا اسی طرح کے مالی اثاثوں کے ایک گروپ کا حصہ) بنیادی طور پر اس وقت متروک کیا جاتا ہے (یعنی کمپنی کی مالی حیثیت کے بیان سے نکال دیا جاتا ہے)، جب:

- جب اثاثے سے رقوم کی آمد کا حق ختم ہو جائے، یا
- کمپنی نے اثاثے سے رقوم وصول کرنے کے اپنے حقوق منتقل دیے ہیں یا کسی 'منتقلی' انتظامات کے تحت کسی تیسرے فریق کو بغیر کسی مادی تاخیر کے وصول شدہ رقوم کو کلی طور پر ادا کرنے کی ذمہ داری قبول کرلی ہے؛ اور یا (الف) کمپنی نے اثاثے کے تمام خطرات اور فوائد کو کافی حد تک منتقل کر دیا ہے، یا (ب) کمپنی نے اثاثوں کے تمام خطرات و فوائد کو نہ پوری طرح منتقل کیا ہے اور نہ ہی برقرار رکھا ہے، تاہم اثاثوں کے کنٹرول کو منتقل کر دیا ہے۔

جب کمپنی اثاثے سے رقوم وصول کرنے کے اپنے حقوق منتقل کر چکی ہو یا منتقلی کے کسی راستے میں داخل ہو چکی ہو تو، اس کا جائزہ لیتے ہیں کہ کیا اس نے ملکیت کے خطرات اور فوائد کو برقرار رکھا ہے اور کس حد تک۔

جب کمپنی نے اثاثوں کے تمام خطرات و فوائد کو نہ پوری طرح منتقل کیا ہے اور نہ ہی برقرار رکھا ہو، تو کمپنی منتقل شدہ اثاثوں کو اس کی مسلسل شمولیت کی حد تک منتقل کرنا جاری رکھتی ہے۔ اس صورت میں، کمپنی اس سے منسلک ذمہ داری کو بھی تسلیم کرتی ہے۔ منتقل شدہ اثاثے اور منسلک ذمہ داری کی پیمائش اس بنیاد پر کی جاتی ہے جو ان حقوق اور پابندیوں کی عکاسی کرتی ہے جو کمپنی نے برقرار رکھیں۔

مسلسل شمولیت جو منتقل شدہ اثاثے کی ضمانت کی شکل اختیار کر لیتی ہے، کی پیمائش اثاثے کی حقیقی مندرج مالیت کے زیریں حصے اور اس زیادہ سے زیادہ رقم پر کی جاتی ہے جس کی ادائیگی کے لیے کمپنی کو ضرورت ہو سکتی ہے۔

3.6.2 مالی ذمہ داریاں

الف) ابتدائی شناخت اور پیمائش

ابتداً، مالی ذمہ داریوں کی درجہ بندی، ایف وی پی ایل میں مالیاتی واجبات، قرضوں اور ادھاروں، تجارتی ادائیگیوں، یا مؤثر hedge میں hedging آلات کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔
جب قرضے اور ادھار قابلِ ادائیگی ہوں تو مالی ذمہ داری ابتدائی طور پر مناسب مالیت اور خالص بلاواسطہ لین دین کی لاگتوں پر تسلیم کی جاتی ہے۔

ب) اس کے بعد پیمائش

ایف وی پی ایل پر مالی ذمہ داریاں

ٹریڈنگ کے لیے رکھی گئی مالی ذمہ داریاں اور نفع یا نقصان کے ذریعہ مندرجہ مالیت پر متعین کی گئی مالی ذمہ داریاں نفع یا نقصان کے ذریعہ مناسب مالیت کی مالی ذمہ داریوں میں شامل ہیں۔ ٹریڈنگ کے لیے رکھی گئی مالی ذمہ داریوں پر فوائد اور خساروں کو نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں تسلیم کیا جاتا ہے۔ نفع یا نقصان کے ذریعہ مندرجہ مالیت پر ابتدائی پہچان سے متعین کی گئی مالی ذمہ داریوں کا تعین پہچان کی پہلی تاریخ پر کیا جاتا ہے، اگر آئی ایف آر ایس 9 کے معیار پر پورا اترتی ہوں۔ کمپنی نے ایف وی پی ایل پر کسی مالی ذمہ داری کا تعین نہیں کیا ہے۔

بالاقساط لاگت پر مالی ذمہ داریاں

ابتدائی پہچان کے بعد، ای آئی آر طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے بالاقساط لاگت پر قرضے اور واجبات کی پیمائش کی جاتی ہے۔ ای آئی آر کے بالاقساط لاگت طریقہ کار کے ساتھ ساتھ، جب ذمہ داریاں ترک کی جائیں تو فوائد اور خسارے مالی صورتِ حال کے گوشواروں میں نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں درج ہوتے ہیں۔

حصول پر کسی ڈسکاؤنٹ یا پریمیم اور ای آئی آر کے لازمی حصے کے طور پر فیس یا لاگتوں پر غور کرتے ہوئے بالاقساط لاگت کا تخمینہ لگایا جاتا ہے۔ ای آئی آر بالاقساط کو نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں مالی لاگتوں کے طور پر شامل کیا جاتا ہے۔

قرضوں کی درجہ بندی موجودہ واجبات کے طور پر کی جاتی ہے جب تک کہ کمپنی کو رپورٹنگ کی تاریخ کے بعد کم سے کم بارہ مہینوں تک اس ذمہ داری کے تصفیے کو موخر کرنے کا غیر مشروط حق حاصل نہ ہو۔ غیر ملکی کرنسی میں قرض لینے کے ضمن میں پیدا ہونے والے مبادلے کے فوائد اور نقصانات کو قرض کی مندرجہ مالیت میں شامل کیا جاتا ہے۔

(ج) **ترکِ استعمال**

جب ذمہ داری خارج ہو جاتی ہے یا منسوخ کر دی جاتی ہے یا میعاد ختم ہو جاتی ہے تو مالی ذمہ داری ترک کر دی جاتی ہے۔ جب کسی موجودہ مالی ذمہ داری کو کسی دوسرے قرض دہندگان سے کافی مختلف شرائط پر تبدیل کیا جاتا ہے، یا کسی موجودہ ذمہ داری کی شرائط میں کافی حد تک ترمیم کی جاتی ہے تو، اس طرح کے تبادلے یا ترمیم کو حقیقی ذمہ داری اور ایک نئی ذمہ داری کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ متعلقہ مندرجہ مالیت میں فرق نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں تسلیم کیا جاتا ہے۔

3.6.3 **مالی آلات کی تلافی**

مالی اثاثوں اور مالی ذمہ داریوں کو مالی بیانات میں اس خلاص رقم پر درج کیا جاتا ہے چھوٹ دیا جاتا ہے جب کمپنی قانونی طور پر نافذ کرنے کا حق رکھتی ہے اور کمپنی یا تو خالص بنیادوں پر تصفیہ کرنا چاہتی ہے، یا اثاثوں کو سمجھنے اور ساتھ ہی واجبات کے تصفیے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اس طرح کے اثاثوں اور واجبات کی آمدنی اور اخراجات کی اشیا کی بھی تلافی کی جاتی ہے اور مالیاتی بیانات میں خالص رقم درج کی جاتی ہے۔

3.7 **مالی اثاثوں کے علاوہ امانتیں، پیشگیاں، پیش ادائیگیاں، اور دیگر واجبات**

یہ ابتدا میں مناسب مالیت پر بیان کی گئیں اور اس کے بعد ان کی موثر شرح سود کے طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے بالاقساط لاگت پر پیمائش کی گئی۔

غیر ملکی کرنسی میں امانتوں، پیشگیوں اور دیگر واجبات کے سلسلے میں پیدا ہونے والے مبادلہ فوائد یا نقصانات کو ان کی متعلقہ مندرجہ مالیت میں شامل کیا جاتا ہے اور نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں درج کیا جاتا ہے۔

3.8 **ٹیکس**

3.8.1 **جاریہ**

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے مطابق حالیہ ٹیکس کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

3.8.2 **مؤخر**

اثاثوں اور واجبات کی ٹیکس بنیادوں اور مالی بیانات میں ان کی مندرجہ مالیت کے مابین پیدا ہونے والے تمام عارضی اختلافات پر، بیلنس شیٹ کی ذمہ داری کے طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے مؤخر ٹیکس کو تسلیم کیا جاتا ہے۔ مؤخر ٹیکس کی واجبات تمام قابل ٹیکس عارضی اختلافات کے لیے تسلیم کیے جاتے ہیں۔ مؤخر ٹیکس اثاثوں کو تمام قابلِ کٹوتی عارضی اختلافات کے لیے اس حد تک تسلیم کیا جاتا ہے کہ یہ عارضی اختلافات آگے چل کر پلٹیں گے اور قابل ٹیکس آمدنی دستیاب ہو گی جس سے عارضی اختلافات سے استفادہ کیا جا سکے۔

ہر مالی صورتِ حال کی تاریخ پر مؤخر ٹیکس اثاثوں کی مندرجہ مالیت کا جائزہ لیا جاتا ہے اور اسے اس حد تک کم کر دیا جاتا ہے کہ یہ امکان باقی نہیں رہتا کہ قابلِ ٹیکس منافع دستیاب رہے گا تا کہ تمام مؤخر ٹیکس اثاثوں یا اس کے حصے سے استفادہ کیا جا سکے۔

ٹیکس کی شرط جزوی طور پر معمول کی بنیاد پر اور جزوی طور پر حتمی ٹیکس نظام کے تحت کی گئی ہے، لہذا، مؤخر ٹیکس کی ذمہ داری پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے جاری کردہ ٹی آر 27 کے مطابق متناسب بنیاد پر تسلیم کی گئی ہے۔

مؤخر ٹیکس اثاثوں اور واجبات کی پیائش ٹیکس کی ان شرحوں پر کی جاتی ہے جس کا اطلاق اس اثاثے کے حصول یا ذمہ داری طے ہونے کی مدت پر متوقع ہو۔ موخر ٹیکس نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں عائد یا جمع کیا جاتا ہے۔

3.9 زیرِ تجارت اسٹاک

ان کی مالیت پست لاگت پر لگائی جاتی ہے جس کا تخمینہ اول آمد و اول اخراج اور خالص قابلِ حصول قیمت کی بنیاد پر لگایا جاتا ہے، ماسوائے اسٹاک ان ٹرانزٹ کے۔ لاگت میں انوائس کی قیمت، کسٹم ڈیوٹی اور اسی طرح کے محصولات اور دیگر براہ راست اخراجات جیسے چارجز علاوہ قرض گیری لاگت شامل ہیں۔ تیار مصنوعات کے بانڈڈ اسٹاک کے لیے لاگت میں انوائس کی قیمت اور تا وقت آنے والے اخراجات شامل ہیں۔

اسٹاک ان ٹرانزٹ کی مالیت قیمت کے مطابق ہوتی ہے جس میں رپورٹنگ کی تاریخ تک انوائس ویلیو نیز دیگر چارجز شامل ہیں۔

خالص قابلِ حصول مالیت کاروبار کی عام روش میں تخمینہ شدہ قیمتِ فروخت کو ظاہر کرتی ہے جو فروخت کے لیے ضروری ہوتا ہے۔

منیجمنٹ کے بہترین تخمین پر مبنی متروک اور سست حرکت پذیر زیرِ تجارت اسٹاک کے لیے شرط عائد کی گئی ہے اور اسے نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں تسلیم کیا گیا ہے۔

3.10 نقد اور اس کے مساوی نقد

نقد رقوم کے بہاؤ کے بیان کے مقصد سے، موجود نقدی اور بینکوں کی خالص قلیل مدتی قرض گیریاں نقد اور نقد کے مساوی اشیا میں شامل ہیں۔

3.11 شیئر کیپٹل

عام حصص کی بطور ایکویٹی درجہ بندی کی جاتی ہے اور ان کی عرفی مالیت پر پہچانے جاتے ہیں۔ نئے حصص یا آپشنز کے اجرا سے براہ راست منسوب اضافی اخراجات، ایکویٹی میں وصولیوں میں سے بطور خالص ٹیکس کٹوتی دکھائے جاتے ہیں۔

3.12 ریٹائرمنٹ اور ملازمت کے دیگر فوائد

ماسوا کچھ مخصوص تارکین وطن، جن کو ان کے متعلقہ شیل ریٹائرمنٹ بینیفٹ فنڈز کی رکنیت کے ذریعے فوائد فراہم کیے جاتے ہیں، عملے کی ریٹائرمنٹ فوائد میں درج ذیل شامل ہیں:

3.12.1 واضح استفادی منصوبے

i منظور شدہ فنڈڈ گریجویٹی اسکیم

کمپنی منیجمنٹ اور یونینائزڈ عملے کے لیے منظور شدہ فنڈڈ گریجویٹی اسکیمیں چلاتی ہے۔ ایکچوریل سفارشات کی بنیاد پر ان اسکیموں میں تعاون کیا جاتا ہے۔ ایکچوریل قیمت بندی کا تخمینہ یونٹ کریڈٹ طریقہ کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ ایکچوریل فوائد یا نقصانات (دوبارہ پیائش) کو فوری طور پر دیگر جامع آمدنی میں تسلیم کیا جاتا ہے۔

ii منظور شدہ فنڈڈ پنشن

کمپنی منیجمنٹ اور یونینائزڈ عملے کے لیے منظور شدہ فنڈڈ پنشن اسکیمیں چلاتی ہے۔ ایکچوریل سفارشات کی بنیاد پر ان اسکیموں میں تعاون کیا جاتا ہے۔ ایکچوریل قیمت بندی کا تخمینہ یونٹ کریڈٹ طریقہ کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ ایکچوریل فوائد یا نقصانات (دوبارہ پیائش) کو فوری طور پر دیگر جامع آمدنی میں تسلیم کیا جاتا ہے۔

iii **بعد از ریٹائرمنٹ ان فنڈڈ طبی فوائد**

کمپنی تمام منیجمنٹ اسٹاف کے لیے بعد از ریٹائرمنٹ ان فنڈڈ طبی فوائد کی پیش کش کرتی ہے۔ ایکچوریل سفارشات کی بنیاد پر ان اسکیموں کی سالانہ فراہمی کی جاتی ہے۔ ایکچوریل قیمت بندی کا تخمینہ یونٹ کریڈٹ طریقہ کے ذریعے سالانہ بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ ایکچوریل فوائد یا نقصانات (دوبارہ پیمائش) کو فوری طور پر دیگر جامع آمدنی میں تسلیم کیا جاتا ہے۔

3.12.2 **واضح اشتراکی منصوبے**

i **منظور شدہ واضح اشتراکی پراویڈنٹ فنڈ**

کمپنی تمام ملازمین کے لیے منظور شدہ واضح اشتراکی پراویڈنٹ فنڈز دیتی ہے۔ کمپنی اور ملازم دونوں کی مساوی ماہانہ شراکت میں منیجمنٹ ملازمین کے لیے بنیادی تنخواہ کے 4.5 فیصد اور نان منیجمنٹ ملازمین کے لیے بنیادی تنخواہ کی 10 فیصد کی شرح پر دیتی ہے۔

ii **منظور شدہ واضح اشتراکی پنشن فنڈ**

کمپنی نے 2013ء کے دوران مینجمنٹ ملازمین اور تمام نئے ملازمین کے لیے ایک منظور شدہ واضح شراکتی پنشن فنڈ متعارف کرایا جنھوں نے واضح بینیفٹ پنشن اور گریچویٹی فنڈ سے واضح شراکتی پنشن فنڈ میں منتقل ہونے کا انتخاب کیا۔ کمپنی ملازم کی بنیادی تنخواہ کے 10.5 فیصد کی شرح سے حصہ ڈالتی ہے جو منافع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیانات میں درج کیے جاتے ہیں۔

ریٹائرمنٹ فوائد ان اسکیموں کے تحت ملازمین کی مقررہ اہلیت کی مدت پوری کرنے پر عملے کے لیے قابل ادائیگی ہیں۔

3.12.3 **ملازمین کی اعانتی غیر حاضریاں**

ملازمین کی اعانتی غیر حاضریوں کے حوالے سے کمپنی یہ ذمہ داری اس سال ادا کرتی ہے جب یہ کمائی جائیں۔ اس اسکیم کے تحت ذمہ داری پوری کرنے کی فراہمی ملازمین کی موجودہ رخصت کے استحقاق کی بنیاد پر اور ملازمین کی موجودہ تنخواہ کی سطح کو استعمال کرتے ہوئے کی گئی ہے۔

3.13 **فراہمی**

3.13.1 انھیں مالی حیثیت کے بیان میں تسلیم کیا جاتا ہے جہاں ماضی کے واقعے کے نتیجے میں کمپنی کی قانونی یا تعمیری ذمہ داری عائد ہوتی ہے، اس بات کا امکان ہے کہ ذمہ داری اور رقم کا قابل اعتماد تخمینہ لگانے کے لیے وسائل کے معاشی فوائد کو طے کرنے کی ضرورت ہوگی۔ مالی پوزیشن کی تاریخ کے ہر بیان پر فراہمی کا جائزہ لیا جاتا ہے اور موجودہ بہترین تخمین کی عکاسی کرنے کے لیے ایڈجسٹ کیا جاتا ہے۔

3.13.2 اثاثے کی ریٹائرمنٹ کی ذمہ داری کی فراہمی موجودہ تقاضوں، ٹیکنالوجی اور قیمتوں کی سطح پر منحصر ہے اور اثاثوں سے استفادے کی عمر کے دوران ڈسکاؤنٹ کی رقم استعمال کرتے ہوئے موجودہ قیمت کا تخمینہ لگایا جاتا ہے۔ (متعلقہ جائیداد، پلانٹ اور آلات کے ایک حصے کے طور پر اسی رقم کے ایک حصے کے طور پر) اسے ذمہ داری کو تسلیم کیا جاتا ہے جب ایک معقول تخمینہ لگایا جاسکے۔ نظر ثانی کے وقت سے ہونے والی تبدیلیوں کے اثرات یا فراہمی کے اصل تخمینے کی مقدار کو ممکنہ بنیاد پر درج کیا جاتا ہے۔

3.14 **اجارے**

کمپنی معاہدے کے آغاز پر اس بات کا اندازہ کرتی ہے کہ آیا معاہدہ کوئی لیز ہے یا کسی لیز پر ہے۔ یعنی، اگر غور کرنے کے لیے معاہدہ کچھ مدت کے لیے کسی نشاندہی کردہ اثاثے کے استعمال پر کنٹرول کا حق فراہم کرتا ہے۔

3.14.1 **کمپنی بطور اجارہ دار**

کمپنی تمام لیزوں (اجاروں) کے لیے پہچان اور پیمائش کے ایک ہی طریقے کا اطلاق کرتی ہے، ماسوا قلیل مدتی لیزوں اور پست مالیت اثاثوں کی لیزوں کے۔

3.14.2 لیز کے واجبات

لیز کی تاریخ آغاز پر، کمپنی لیز کی ادائیگیوں کی موجودہ قیمت کے حساب سے لیز کی ادائیگیوں کی پیمائش کرتی ہے۔ لیز کی ادائیگیوں میں معین ادائیگی (بشمول in-substance کی مقررہ ادائیگیوں سمیت) منہا کوئی بھی قابلِ حصول لیز مراعات، متغیر لیز کی ادائیگیاں جو کسی اشاریے یا شرح اور باقی ماندہ ضمانتوں کے تحت متوقع ادائیگی کی جانے والی رقم پر منحصر ہوتی ہے۔ لیز کی ادائیگیوں میں خریداری کی آپشن کی معقول قیمت شامل ہے جو لیز کی تنسیخ پر کمپنی جرمانے کی ادائیگیاں کرے، اگر تنسیخ کا آپشن معقول طور پر استعمال کیا جائے۔ متغیر لیز کی ادائیگی جو اشاریے یا شرح پر انحصار نہیں کرتی ہیں وہ اخراجات کے طور پر تسلیم کی جاتی ہیں (جب تک کہ وہ انوینٹری تیار کرنے پر خرچ نہ کریں) جس مدت میں ادائیگی کو متحرک کرنے والا واقعہ یا حالت پیش آتی ہے۔ لیز کے آغاز کی تاریخ پر لیز کی ادائیگیوں کی موجودہ قیمت کا حساب لگاتے ہوئے، کمپنی لیز میں شامل سود کی شرح کو استعمال کرتی ہے۔ ایسی صورت میں جہاں لیز میں شامل سود کی شرح آسانی سے طے نہیں ہوتی ہے، کمپنی اپنی اضافی قرض گیری شرح استعمال کرتی ہے۔ تاریخ آغاز کے بعد، لیز کی واجبات کی مقدار میں سود کی ادائیگی میں نمو کی عکاسی کے لیے اسے بڑھادیا جاتا ہے اور لیز کی ادائیگی کرنے کے لیے اسے گھٹا دیا جاتا ہے۔ مزید بر آں، اگر کوئی تبدیلی آئے، جیسے لیز کی مدت میں کوئی تبدیلی، لیز کی ادائیگی میں کوئی تبدیلی یا مذکورہ اثاثوں کی خریداری کے آپشن کی پڑتال میں کوئی تبدیلی ہو تو، لیز واجبات کی مندرجہ مالیت کی نو پیمائش کی جاتی ہے۔

3.14.3 توسیع و تنسیخ کے لیز معاہدوں کے لیے لیز کی مدت کا تعین

کمپنی لیز کی مدت کا تعین لیز کی ناقابلِ تنسیخ مدت کے طور پر کرتی ہے، اس کے ساتھ ساتھ کسی بھی مدت کے لیے لیز پر توسیع کے کسی آپشن کے ساتھ ساتھ اگر اس کا استعمال کرنا معقول طور پر یقینی ہے تو، یا لیز کو ختم کرنے کے لیے کسی آپشن کے ذریعہ شامل کوئی ادوار، یہ معقول حد تک یقینی ہے کہ اس کا استعمال نہ کیا جائے۔

کمپنی کے پاس لیز کے کئی معاہدے ہیں جن میں توسیع اور تنسیخی آپشنز شامل ہیں۔ کمپنی جائزہ لینے کے دوران یہ فیصلہ کرتی ہے کہ آیا یہ معقول حد تک یقینی ہے کہ لیز کی تجدید یا تنسیخ کے آپشن کو استعمال کرنا ہے یا نہیں۔ اس میں ان تمام متعلقہ عوامل پر غور کیا گیا ہے جو تجدید یا تنسیخ کو عملی جامہ پہنانے کے لیے معاشی ترغیب پیدا کرتے ہیں۔ تاریخِ آغاز کے بعد اگر حالات میں کوئی نمایاں تبدیلی یا کوئی واقعہ پیش آئے جو اس کی تجدید یا تنسیخ کے آپشن پر عمل کرنے کی اہلیت کو متاثر کرتی ہو تو، کمپنی لیز کی مدت کا دوبارہ جائزہ لیتی ہے (مثلاً لیز کی جگہ پر بہتری کے لیے کوئی تعمیرات یا لیز شدہ اثاثے میں نمایاں تبدیلیاں)

3.14.4 بڑھتی ہوئی قرض گیری شرح کا تخمینہ لگانا

کمپنی لیز میں شامل سود کی شرح آسانی سے طے نہیں کر سکتی ہے، لہذا، وہ لیز کی ذمہ داریوں کی پیمائش کے لئے اپنی بڑھتی ہوئی ادھار شرح ('آئی بی آر') کا استعمال کرتی ہے۔ آئی بی آر سود کی وہ شرح ہے جو کمپنی کو اسی طرح کی شرائط، اور اسی طرح کی سیکیورٹی کے ساتھ، اور ایسے ہی اقتصادی ماحول میں حقِ استعمال کے ایسے ہی اثاثے کو حاصل کرنے کے لیے درکار فنڈز کی خاطر قرض لینے کے لیے ادا کرنا پڑے گی۔

3.15 بے دعویٰ اور غیر ادا شدہ منافع منقسمہ

گذشتہ تین برسوں میں کمپنی کے اعلان کردہ منافع منقسمہ، جو مالی پوزیشن کی تاریخ پر ان کے بیان میں بے دعویٰ یا غیر ادا شدہ ہیں، غیر ادا شدہ منقسمہ تسلیم کیے جاتے ہیں۔ گذشتہ تین برسوں سے قبل کے اعلان کردہ اور غیر ادا شدہ منافع منقسمہ، جو مالی پوزیشن کی تاریخ پر ان کے بیان میں بے دعویٰ یا غیر ادا شدہ ہیں، بے دعویٰ منقسمہ تسلیم کیے جاتے ہیں۔

3.16 قرض گیریاں

قرضے مناسب قیمت، لین دین کی خالص لاگتوں پر تسلیم کیے جاتے ہیں، اور بعد میں موثر شرحِ سود کے طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے بالاقساط لاگت پر درج کیے جاتے ہیں۔

قرضوں کی درجہ بندی موجودہ ذمہ داریوں کے زمرے میں کی جاتی ہے جب تک کہ کمپنی کی مالی حیثیت کی تاریخ کے بیان کے بعد کم سے کم بارہ مہینوں تک اس ذمہ داری کو مؤخر کرنے کا غیر مشروط / معاہدے پر مبنی حق حاصل نہ ہو۔

3.17 اتفاقی ذمہ داریاں

اتفاقی ذمہ داریوں کا اظہار درج ذیل صورتوں میں ہوتا ہے، جب:

- ایک ممکنہ ذمہ داری ہے جو ماضی کے واقعات سے پیدا ہوتی ہے اور جس کی موجودگی کی تصدیق محض ایک یا زائد بار غیر یقینی مستقبل کے واقعات کے پیش آنے یا نہ پیش آنے سے ہوگی، جو پوری طرح سے کمپنی کے کنٹرول میں نہیں ہے؛ اور
- ایک موجودہ ذمہ داری ہے جو ماضی کے واقعات سے پیدا ہوتی ہے لیکن یہ امکان نہیں ہے کہ ذمہ داری یا ذمہ داری کی مقدار کے تصفیے کے لیے درکار معاشی فوائد کو مجسم کرنے والے وسائل کے اخراج کے ساتھ پیمائش نہیں کی جاسکتی ہے۔

3.18 محاصل کا اعتراف

کمپنی وقت کے اس مقام پر محصول کو تسلیم کرتی ہے جب پراڈکٹ کا کنٹرول صارف کو منتقل ہوتا ہے۔ معاہدے کی شرائط پر منحصر کنٹرول، اس وقت قابلِ منتقلی سمجھا جاتا ہے جب صارف پراڈکٹ کو ٹرمینل سے براہ راست اٹھاتا ہے یا جب کمپنی صارف کو اس کی ترسیل کرتی ہے۔

کمپنی عام طور پر اپنے صارفین سے پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی بشمول پراڈکٹ کی ترسیل کے لیے معاہدہ کرتی ہے۔ چونکہ مصنوعات کی نقل وحمل حقیقی ترسیل کے ساتھ ہم آہنگ ہوتی ہے، اس لیے مصنوعات کی فروخت اور نقل وحمل کو کارکردگی کا ایک امر سمجھا جاتا ہے۔ صارفین سے معاہدے میں کریڈٹ کی حدود 2 سے 90 دن تک ہوتی ہیں۔

دوسرے محصول اور دیگر آمدنی کو اس حد تک تسلیم کیا جاتا ہے کہ اس سے ممکنہ طور پر کمپنی کو معاشی فوائد پہنچیں گے اور محصول کی قابل اعتماد طریقے سے پیمائش کی جاسکے گی۔ دوسرے محصول اور دیگر آمدنی کی پیمائش کو درج ذیل کی بنیاد پر موصولہ اور واجبہ کی مناسب مالیت پر کی جاتی ہے:

- دیگر محاصل (بشمول لائسنس فیس) کو حصولی بنیاد پر تسلیم کیا جاتا ہے۔
- بینک اکاؤنٹس سے حاصل ہونے والا منافع اور سرمایہ کاری پر منافع وقت کی متناسب بنیاد پر تسلیم کیا جاتا ہے۔
- قلیل مدتی امانتوں اور شیل کارڈ کی آمدنی پر سود حصولی بنیادوں پر تسلیم کیا جاتا ہے۔
- منقسمہ آمدنی اس وقت تسلیم کی جاتی ہے جب کمپنی کا منافع منقسمہ وصول کرنے کا حق برقرار ہوجاتا ہے۔

3.19 غیر ملکی کرنسیاں

غیر ملکی کرنسیوں میں لین دین کا حساب پاکستانی روپے میں اس لین دین کی تاریخ پر موجود شرحوں پر ہوتا ہے۔ غیر ملکی کرنسیوں میں زری اثاثوں اور واجبات کو ان مبادلہ شرحوں پر روپے میں منتقل کیا جاتا ہے جو مالی پوزیشن کی تاریخ کے بیان کے وقت رائج ہوتے ہیں۔ مبادلے کے فرق نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں تسلیم کیے جاتے ہیں۔

3.20 آپریٹنگ کے زمرے

انتظامی مقصد سے، کمپنی کی سرگرمیاں ایک قابلِ رپورٹنگ آپریٹنگ زمرے یعنی لبریکینٹ آئلز سمیت پیٹرولیم مصنوعات کی مارکیٹنگ میں ترتیب دی جاتی ہیں۔ کمپنی پراڈکٹس، خطرات، اور منافعوں، تنظیمی وانتظامی ساخت اور داخلی مالی رپورٹنگ نظام کی بنیاد پر مذکورہ قابلِ رپورٹنگ زمروں کو آپریٹ کرتی ہے۔ بعینہ، مالی گوشواروں میں درج کیے گئے اعداد و شمار کمپنی کے واحد قابلِ رپورٹ زمرے سے متعلق ہیں۔

3.21 فی حصہ آمدنی

کمپنی اپنے عام حصص کے لیے بنیادی اور سیال (diluted) فی شیئر آمدنی (EPS) ڈیٹا پیش کرتی ہے۔ بنیادی EPS کا حساب دورانِ مدت باقی ماندہ عام حصص کی بہ وزن اوسط تعداد کے حساب سے کمپنی کے عمومی حصص یافتگان سے منسوب نفع یا نقصان میں تقسیم کرکے کیا جاتا ہے۔ سیال EPS کا تعین عام حصص یافتگان سے منسوب نفع یا نقصان اور تمام متوقع عام سیال حصص کے اثرات کے لیے باقی ماندہ حصص کی بہ وزن اوسط تعداد میں ایڈجسٹ کرکے کیا جاتا ہے۔

3.22 معاہدے کے واجبات

معاہدہ کی پابندی کمپنی کی ذمہ داری ہے کہ وہ کسی ایسے صارف کو سامان اور خدمات کی منتقلی کرے جس کے لیے کمپنی نے صارف سے معاوضہ لیا(یا اس معاوضے کی رقم لینا باقی ہو)۔ اگر کمپنی کے سامان یا خدمات صارف کو منتقل کرنے سے پہلے صارف معاوضہ ادا کر دیتا ہے تو، ادائیگی ہونے پر یا واجب ہو جانے پر، اس میں سے جو بھی پہلے ہو، اس کے بعد معاہدہ کی ذمہ داری تسلیم کی جاتی ہے۔ جب معاہدے کے تحت کمپنی عمل درآمد کر دیتی ہے تو معاہدے کے واجبات کو محصول میں درج کیا جاتا ہے۔

3.23 فعال اور پیش کردہ کرنسی

یہ مالیاتی بیانات پاکستان روپے میں پیش کیے جاتے ہیں، جو کمپنی کی فعال اور پیش کردہ کرنسی ہے

3.24 ذخائر کے منقسمہ اور حدبندی

مالی گوشواروں میں ذخائر کے منقسمہ اور حدبندی اس مدت میں درج کیے جاتے ہیں جب یہ منظور کیے گئے۔

	نوٹ	2019ء	2018ء
4۔ جائیداد، پلانٹ اور آلات		-----------(ہزار روپے)-----------	
آپریٹنگ اثاثے - خالص کتابی قیمت پر		**0,502,075**	9,659,775
مضرت کی فراہمی	4.8	**(355,392)**	(359,289)
	4.1	**10,146,683**	9,300,486
جاری کام پر سرمایہ	4.7	**3,030,313**	2,467,357
		3,176,996	11,767,843

4.1 آپریٹنگ اثاثے

	نوٹ	آزاد زمین	لیز والی زمین	آزاد زمین پر عمارتیں	لیز والی زمین پر عمارتیں	ٹینک اور پایپ لائن	پلانٹ اور مشینری	ایئر کنڈیشننگ پلانٹ	لفٹس	ڈسپنسنگ پمپس	رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں	الیکٹریکل، مکینیکل، اور فائر فائٹنگ آلات	فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے	کمپیوٹر آلات	مین فریم	کُل
		(Rupees '000)														
یکم جنوری 2019ء پر																
لاگت		97,009	521,387	193,257	3,479,883	3,086,864	2,008,143	36,170	48,423	1,579,581	620,833	3,665,021	3,450,079	181,118	7	18,967,775
مجموعی فرسودگی اور ضرر پذیری		-	118,441	77,451	2,457,212	1,438,243	558,756	36,170	7,554	718,351	503,227	2,091,707	1,511,433	148,737	7	9,667,289
خالص کتابی قیمت (بک ویلیو)		97,009	402,946	115,806	1,022,671	1,648,621	1,449,387	-	40,869	861,230	117,606	1,573,314	1,938,646	32,381	-	9,300,486
31 دسمبر 2019ء کو اختتام پذیر ہونے والا سال																
خالص کتابی قیمت کی اوپننگ		97,009	402,946	115,806	1,022,671	1,648,621	1,449,387	-	40,869	861,230	117,606	1,573,314	1,938,646	32,381	-	9,300,486
اضافے		-	88,617	4,378	286,631	127,856	162,576	6,795	10,921	188,796	77,240	451,099	383,794	146,694	-	1,935,397
منہا: اثاثوں کی واپسی کی ذمہ داری تلف کرنا/ ترک کرنا/ نظر ثانی																
لاگت		-	-	-	15,298	44,676	6,519	137	-	450	41,027	21,640	1,202	65	-	131,014
مجموعی فرسودگی		-	-	-	(14,348)	(34,880)	(4,567)	(75)	-	(450)	(41,027)	(17,243)	(630)	(65)	-	(113,285)
	4.6	-	-	-	950	9,796	1,952	62	-	-	-	4,397	572	-	-	17,729
منہا: سال کے لیے فرسودگی کا چارج	4.3	-	23,408	3,194	133,538	123,004	102,706	1,381	3,716	80,428	50,212	214,088	323,891	15,802	-	1,075,368
منہا: سال کے لیے ضرر پذیری کا سترداد	4.8	-	(250)	-	(561)	(797)	(1,011)	-	(22)	(128)	-	(1,058)	(70)	-	-	(3,897)
خالص کتابی قیمت کی کلوزنگ		97,009	468,405	116,990	1,175,375	1,644,474	1,508,316	5,352	48,096	969,726	144,634	1,806,986	1,998,047	163,273	-	10,146,683
31 دسمبر 2019ء کو																
لاگت		97,009	610,004	197,635	3,751,216	3,170,044	2,164,200	42,828	59,344	1,767,927	657,046	4,094,480	3,832,671	327,747	7	20,772,158
مجموعی فرسودگی اور ضرر پذیری		-	141,599	80,645	2,575,841	1,525,570	655,884	37,476	11,248	798,201	512,412	2,287,494	1,834,624	164,474	7	10,625,475
خالص کتابی قیمت		97,009	468,405	116,990	1,175,375	1,644,474	1,508,316	5,352	48,096	969,726	144,634	1,806,986	1,998,047	163,273	-	10,146,683
یکم جنوری 2019ء پر																
لاگت		97,009	424,719	189,885	3,433,499	2,721,541	1,905,715	36,082	25,118	1,325,038	576,828	3,353,050	2,942,927	159,228	7	17,190,646
مجموعی فرسودگی اور ضرر پذیری		-	98,867	74,352	2,318,396	1,327,166	461,709	34,892	5,553	649,210	476,958	1,905,939	1,237,209	148,129	7	8,738,387
خالص کتابی قیمت		97,009	325,852	115,533	1,115,103	1,394,375	1,444,006	1,190	19,565	675,828	99,870	1,447,111	1,705,718	11,099	-	8,452,259
31 دسمبر 2019ء کو اختتام پذیر ہونے والا سال																
خالص کتابی قیمت کی اوپننگ		97,009	325,852	115,533	1,115,103	1,394,375	1,444,006	1,190	19,565	675,828	99,870	1,447,111	1,705,718	11,099	-	8,452,259
اضافے		-	96,668	3,372	46,841	365,593	102,428	153	23,305	254,543	67,034	314,574	507,291	21,890	-	1,803,692
منہا: اثاثوں کی واپسی کی ذمہ داری تلف کرنا/ ترک کرنا/ نظر ثانی																
لاگت		-	-	-	457	270	-	65	-	-	23,029	2,603	139	-	-	26,563
مجموعی فرسودگی		-	-	-	(457)	(220)	-	(65)	-	-	(22,898)	(2,603)	(139)	-	-	(26,382)
	4.6	-	-	-	-	50	-	-	-	-	131	-	-	-	-	181
منہا: سال کے لیے فرسودگی کا چارج	4.3	-	19,522	3,099	139,144	111,141	96,832	1,343	1,997	69,109	49,167	188,108	274,348	608	-	954,418
منہا: سال کے لیے ضرر پذیری کی شرط	4.8	-	52	-	129	156	215	-	4	32	-	263	15	-	-	866
خالص کتابی قیمت کی کلوزنگ		97,009	402,946	115,806	1,022,671	1,648,621	1,449,387	-	40,869	861,230	117,606	1,573,314	1,938,646	32,381	-	9,300,486
31 دسمبر 2019ء کو																
لاگت		97,009	521,387	193,257	3,479,883	3,086,864	2,008,143	36,170	48,423	1,579,581	620,833	3,665,021	3,450,079	181,118	7	18,967,775
مجموعی فرسودگی اور ضرر پذیری		-	118,441	77,451	2,457,212	1,438,243	558,756	36,170	7,554	718,351	503,227	2,091,707	1,511,433	148,737	7	9,667,289
خالص کتابی قیمت		97,009	402,946	115,806	1,022,671	1,648,621	1,449,387	-	40,869	861,230	117,606	1,573,314	1,938,646	32,381	-	9,300,486
فرسودگی کی شرح فیصد سالانہ		-	4 to 5	2.5	5	3 to 4	3 to 10 & 20	6.67	6.67	5 to 20	5 to 10 &20	5 to 10	5 to 20	20 to 25	25	

4.2 آپریٹنگ اثاثے میں 3669403 ہزار کی مجموعی لاگت (2018ء: 3304966 ہزار) کی اشیا شامل ہیں جو پوری طرح فرسودہ ہوچکی ہیں اور اب بھی کمپنی کے زیرِ استعمال ہیں۔

4.3 سال کے لیے آپریٹنگ اثاثوں پر عائد فرسودگی درج ذیل ہیں:

	نوٹ	2019ء	2018ء
		------------(ہزار روپے)------------	
فروخت شدہ پراڈکٹس کی لاگت	24.1	**113,334**	107,042
تقسیم کاری و بازار کاری (مارکیٹنگ) کے اخراجات	25	**851,536**	718,049
انتظامی اخراجات	26	**110,498**	129,327
		1,075,368	954,418

4.4 کمپنی کے اثاثوں میں 9746435 ہزار کی مجموعی لاگت (2018ء: 9129530 ہزار) کے اثاثے شامل ہیں جو ڈیلرز کی جانب سے چلائی جانے والی سائٹ پر موجود ہیں۔ اگرچہ ایکٹ کے چوتھے جدول میں کمپنی کے زیرِ ملکیت لیکن اس کے زیرِ تصرف نہ ہونے والے اثاثوں کے مندرجات کا اظہار ضروری ہے، تاہم اظہار کی عملی مشکلات کی وجہ سے انھیں یہاں بیان نہیں کیا گیا ہے، کیونکہ اس میں ڈیلرز اور اثاثوں کی کافی بڑی تعداد شامل ہے۔

4.5 کمپنی کے غیر منقولہ معین اثاثوں کے مندرجات حسبِ ذیل ہیں:

مقام	پتا	پیمائش کی اکائی	مجموعی رقبہ
آئل ڈپو/ٹرمینلز/پلانٹ			
کیماڑی آئل ٹرمینل	آئل انسٹالیشن ایریا، پلاٹ نمبر 1، 3، 4، 7، 8 اور 9، کیماڑی، کراچی۔	مربع گز	143,979
دولت پور آئل ڈپو	شیل پاکستان دولت پور ٹرمینل، شہید بینظیر آباد۔	مربع گز	38,720
شیر شاہ آئل ڈپو	شیل شیر شاہ ڈپو، ملتان۔	مربع گز	17,424
وہاڑی آئل ڈپو	شیل بلک آئل ڈپو، وہاڑی۔	مربع گز	6,675
ساہیوال آئل ڈپو	ساہیوال ڈپو، نزد ریلوے اسٹیشن، ساہیوال۔	مربع گز	3,649
بھکر آئل ڈپو	شیل بھکر ڈپو، نزد واپڈا شکایت دفتر، بھکر	مربع گز	6,110
چکلالہ آئل ٹرمینل	شیل آئل ٹرمینل، چکلالہ، راولپنڈی۔		58,080
تاروجبا آئل ڈپو	شیل آئل ڈپو، جی ٹی روڈ، پشاور۔		53,240
لیوب آئل بلینڈنگ پلانٹ	پلاٹ نمبر 22، آئل انسٹالیشن ایریا، کیماڑی۔		100,118
ایوی ایشن اسٹیشنز			
کراچی ایوی ایشن اسٹیشن	کراچی ایئرپورٹ		4,500
نواب شاہ ایوی ایشن اسٹیشن	نواب شاہ ایئرپورٹ		1,621
کوئٹہ ایوی ایشن اسٹیشن	کوئٹہ ایئرپورٹ		1,667
سکھر ایوی ایشن اسٹیشن	سکھر ایئرپورٹ		778
سروس اسٹیشنز			
میرین ڈرائیو سروس اسٹیشن	پلاٹ نمبر ڈی سی 5، بلاک 8، کلفٹن، کراچی۔	مربع میٹر	873
عالم سروس اسٹیشن	پلاٹ نمبر 234، بالمقابل مزار قائد، ایم اے جناح روڈ، کراچی	مربع میٹر	1,045
کراچی سروس اسٹیشن	ایس سی 18، سیکٹر 11-ایچ، نارتھ کراچی، کراچی	مربع میٹر	836
سینٹرل سروس اسٹیشن	ایس ٹی A-1، بلاک 2، ذیلی بلاک بی، ناظم آباد، کراچی	مربع میٹر	1,003

مقام	پتا	پیمائش کی اکائی	مجموعی رقبہ
شیل سفاری سروس اسٹیشن	ابوالحسن اصفہانی روڈ، پلاٹ نمبر ایل-ون، کے ڈی اے سکیم 24، بلاک 7 ، گلشن اقبال، کراچی	مربع میٹر	773
کریسنٹ پٹرولیم سروس اسٹیشن	پلاٹ نمبر 6 / 1، غلام حسین قاسم کوارٹرز، حارث روڈ، کھارادر، کراچی	مربع میٹر	935
پاپولر سروس اسٹیشن	پلاٹ نمبر پی۔1، نزد سی بریز پلازہ، شاہراہ فیصل، کراچی	مربع میٹر	892
نواز پٹرولیم سروس اسٹیشن	جھنگ شور کوٹ روڈ، جھنگ	مربع میٹر	506
سیٹلائٹ ٹاؤن فلنگ اسٹیشن	سیٹلائٹ کالج روڈ، راولپنڈی	مربع میٹر	1,587
جنرل			
ہیڈ آفس	شیل ہاؤس، 6، چوہدری خلیق الزمان روڈ، کراچی	مربع گز	4,907
کناٹ ہاؤس	یونٹ نمبر سی-وی- 119، پلاٹ نمبر 16 / ایف ٹی 4 فریئر ٹاؤن کوارٹرز، ماڑی روڈ، کراچی	مربع گز	5,066

جیسا کہ نوٹ 4.4 میں ظاہر کیا گیا، کمپنی کی زیر ملکیت متعدد عمارتیں ڈیلر کی جانب سے چلائی جانے والی سائٹس پر قائم ہیں۔ ایسی سائٹوں کی تعداد زیادہ ہونے کی وجہ سے ان کے مندرجات کو ایکٹ کے چوتھے جدول کے تقاضے کے مطابق ظاہر کرنا عملاً ممکن نہیں ہے۔

4.6 دورانِ سال اثاثوں کی ریٹائرمنٹ کی ذمہ داری کو چھوڑ کر آپریٹنگ اثاثوں کے ضیاع / ترکِ استعمال کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

	لاگت	مجموعی فرسودگی	خالص کتابی مالیت	فروخت کی وصولیاں	نقصان	ضیاع کا طریقہ
	------------------------	------------------------	(ہزار روپے)	------------------------	------------------------	
ٹینک اور پائپ لائنز	8,086	3,157	4,929	-	4,929	متروک
	3,947	2,350	1,597	-	1,597	متروک
	4,212	2,970	1,242	-	1,242	متروک
	994	438	556	-	556	متروک
	17,239	8,915	8,324	-	8,324	
پلانٹ اور مشینری	2,580	710	1,870	-	1,870	متروک
برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات	3,193	1,304	1,889	-	1,889	متروک
	2,573	1,715	858	-	858	متروک
	688	183	505	-	505	
فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے	5,766	3,019	2,747	-	2,747	متروک
5 لاکھ سے کم کتابی مالیت والی اشیا	104,741	100,458	4,283	500	3,783	
31 دسمبر 2019ء	131,014	113,285	17,729	500	17,229	
31 دسمبر 2018ء	26,563	26,382	181	106	75	

4.7 **جاری کام پر سرمایہ**

	نوٹ	2019ء	2018ء
		-----------(ہزار روپے)	-----------
اجارہ والی زمین پر عمارتیں		**1,440,440**	1,527,069

ٹینک اور پائپ لائنز		164,655	104,834
پلانٹ اور مشینری		1,363,171	722,009
برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات		56,965	71,258
فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے		1,212	12,800
رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں		3,803	29,387
کمپیوٹر کا دیگر ضروری سامان		67	-
	4.7.1	3,030,313	2,467,357

4.7.1 دورانِ مدت جاری کام پر سرمائے کی حرکیات درج ذیل ہیں:

سال کے آغاز پر بیلنس	2,467,357	1,547,856
دورانِ سال اضافہ	2,425,958	2,628,368
دورانِ سال منتقلیاں	(1,863,002)	(1,708,867)
